Volume I
No. 7

SP-I-7-75 (E)
300

# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Thursday, the 30th January, 1975**

**CONTENTS**

| | PAGE |
|---|---|
| Schedule for discussion on earthquake in Swat and Hazara .. .. .. | 277 |
| Starred Questions and Answers .. .. .. .. .. .. | 278 |
| Leave of Absence .. .. .. .. .. .. .. | 283 |
| Privilege Motion *re* : Refusal of certain Postmasters to accept the forms for Registration Cards attested by the Senator—*Deferred* .. .. .. | 283 |
| Point of Privilege *re* : non-presentation of Privileges Committee report as directed by the House—*Deferred* .. .. .. .. .. .. | 284 |
| Adjournment Motion *re*: Behaviour and hostile attitude of Coast Guards towards the public in Gwadar—*Not pressed* .. .. .. .. | 287 |
| Adjournment Motion *re* : Detention of Air Marshal (Retd.) Asghar Khan at Jhelum Bridge— .. .. .. .. .. .. .. .. | 289 |
| Motion *re* : Situation arising out of earthquake in districts of Swat and Hazara—*Talked out* .. .. .. .. .. .. .. .. .. | 293 |
| The Industrial Relations (Amendment) Bill, 1975—*Adopted* .. .. .. | 348 |
| The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill, 1974—*Referred to the Standing Committee* .. .. .. .. | 380 |

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, KARACHI
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI : 1976

*Price: Paisa* 50

## SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Thursday, January 30, 1975**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Acting Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran).

---

### SCHEDULE FOR DISCUSSION ON EARTHQUAKE IN SWAT AND HAZARA

**Mr. Mohammad Hashim Khan Ghilzai** : Mr. Chairman, I think I would rather request you, and I think the Leader of the House will also agree, that the Motion for discussion on earthquake at Pattan be taken first. We discuss the earthqauke first and then afterwards we take up the discussion on the Bill because today was fixed for discussion.

**Mr. Acting Chairman** : One way is that we can start with legislation and then we may take up the earthquake resolution. The Second alternative is that we may start with the earthquake resolution, and if the House agrees—because this Bill is pending in the Senate for five days—we can sit in the evening at 4 O'clock to take up the Bill.

جناب زمرد حسین : شام کو کمیٹی کی meeting ہے ۔

**Mr. Acting Chairman** : I think that meeting has been postponed.

درست ہے خواجہ صاحب شام کو چار بجے

We have to sit because, if we finish this work, there is nothing to sit on Saturday.

خواجہ محمد صفدر : درست ہے جناب والا !

جناب قائم مقام چیرمین : آج دو Session کرنے ہیں آپ چاہیں تو زلزلے کی قرارداد اب لے لیں اور قانون سازی شام کو اور اگر آپ چاہیں کہ قانون سازی اب لے لیں اور زلزلے کی قرارداد شام کو تو اسی طرح کر لیں ۔ یہ آپ کی مرضی ہے ۔

خواجه محمد صفدر : پہلے یعنی اب زلزله زدگان کے حالات پر بحث هوجائے
اور قانون سازی شام کو چار بجے کے بعد هوجائیگی -

جناب قائم مقام چئیرمین : ایڈجرنمنٹ موشن کو dispose of کردیتے هیں
اس وقت earthquake کو لے لیتے هیں - ویسے تو یه دونوں هی important
items هیں - یه بل بھی lapse هو رها هے - earthquake کو پہلے لے
لیتے هیں -

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Acting Chairman** : Thank you. Now, we take up questions.

We have received requests from two honourable Ministers that they are not available, therefore, their questions may be deferred to some other day. One is by the Finance Minister and the other is by the Education Minister. Therefore, we leave the questions relating to these two Ministers and take up other questions. Next question No. is 9.

### IMPORT OF MACHINERY BY DEPARTMENT OF SURVEY

9. ***Mr. Zamarud Hussain** : Will the Minister for Science and Technology be pleased to state :

(a) the total amount of foreign exchange spent by the Department of Survey on the purchase of machinery since 1966 ;

(b) whether it is a fact that imported machinery, worth a million rupees, has been lying idle for 8 years ; and

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, the action taken in this respect ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** (a) Foreign exchange equivalent of Rs. 13,58,942 has been spent by the Department of Survey on the purchase of machinery.

(b) Partly admitted. The machinery worth Rs. 9.3 lacs has already been installed. The delay in the installation of the remaining machinery has occurred due to the reason that the agents of the manufacturers wound up their business and also due to damaged condition of some pieces of machinery.

(c) Efforts are being made to install the machinery at Rawalpindi. Quotation for labour charges for installations are being processed.

**Mr. Zamarud Hussain** : Supplementary, Sir. کیا وزیر مملکت صاحب یه فرمائیں گے که جو مشینری انسٹال هوگئی ہے اس نے کام شروع کردیا هے؟

**Shahzada Saeedur Rashid Abbasi** : The machinery which has been installed is functioning.

جناب زمرد حسین : کیا یہ حقیقت ہے کہ اس مشینری کا کافی حصہ ۸ سال تک packed رکھا گیا ؟

**Shahzada Saeedur Rashid Abbasi :** None of the machinery is lying packed but I can give a list of the machinery if he wants.

**Mr. Acting Chairman :** No need of giving the list. He says is it packed ?

**Shahzada Saeedur Rashid Abbasi :** No, Sir, not packed. It is to be installed. It is under installation.

جناب زمرد حسین : آٹھ سال تک جو مشینری پڑی رہی ہے اس کے استعمال نہ ہونے سے جو ضیاع ہوا ہے کیا اس کی ذمہ داری گورنمنٹ پر ہے -

جناب قائم مقام چیئرمین : کیا فرمایا آپ نے ؟

جناب زمرد حسین : جناب والا ! میں نے کہا ہے کہ اس کے ضیاع کی ذمہ داری گورنمنٹ پر ہے تو اس سلسلے میں کس افسر پر ہے اور اس کے خلاف کارروائی کی گئی ہے ؟

**Shahzada Saeedur Rashid Abbasi :** I agree with the honourable Member. Mr. S. Q. Hasan who was formerly Incharge has been retired on this ground. I assure the honourable Member concerned that it is being taken up and I am giving it my full attention.

**Mr. Acting Chairman :** Next question No. 11.

## EXPORT OF VEGETABLES AND LIVE-STOCK.

11. ***Mr. Zamarud Hussain :** Will the Minister for Commerce be pleased to state the quantity of different kinds of dals, onions, vegetables and the number of live-stock exported during 1972-73, 1973-74 and 1974-75 to 31st December, 1974 ?

**Mir Afzal Khan:** A statement giving the information asked for is placed on the table of the House.

*Statement showing Export of Live-stock, Dals, Onion, Vegetables during 1972-73, 1973-74 and July—November, 1974*

(Value in '000' Rs.)

| Commodity Unit | 1972-73 | | 1973-74 | | July—November* 1974 | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | Quantity | Value | Quantity | Value | Quantity | Value |
| **Live Animals No.** .. | **7,13,069** | **32,77** | **10,598** | **2,76** | **1,588** | **2,75** |
| Buffaloes .. .. | — | — | 52 | 1,01 | — | — |
| Cows .. .. | 65 | 53 | 69 | 54 | 17 | 10 |
| Cattle Bovine N.S. .. | 78 | 50 | — | — | — | — |
| Goats .. .. | 483 | 29 | 104 | 21 | 349 | 65 |
| Sheep .. .. | — | — | 25 | 8 | — | — |
| Ducks Live .. .. | 100 | 1 | — | — | — | — |
| Poultry Live N.S. .. | 7,11,931 | 31,36 | 7,830 | 34 | — | — |
| Horses .. .. | 1 | 1 | 5 | 36 | 21 | 1,87 |
| Birds Game Live .. | 11 | 4 | 22 | 8 | 1 | 1 |
| Doves Live .. .. | — | — | 150 | 3 | — | — |
| Live Animals N.S. .. | 400 | 3 | 2,341 | 11 | 1,200 | 12 |
| **Vegetable, fresh frozen or simply preserved** .. | **4,30,234** | **1,30,27** | **2,837** | **2,13** | **13** | **2,26** |
| Potatoes fresh Cwt. .. | 63,811 | 25,31 | 137 | 18 | — | — |
| Potatoes Seed Cwt. .. | 372 | 35 | — | — | — | — |
| Tomato fresh Cwt. .. | — | — | 46 | 3 | — | — |
| **Onions Cwt.** .. .. | **2,44,071** | **52,47** | — | — | — | — |
| Garlic Cwt. .. .. | 8,791 | 4,38 | 618 | 1,09 | — | — |
| Fresh Vegetable N.S. .. | 1,13,146 | 44,05 | 2,036 | 83 | — | — |
| Vegetable frozen N.S. .. | 22 | 8 | — | — | — | — |
| Vegetable Temp. preserved | 21 | 3,63 | — | — | 13 | 2,26 |
| **Pulses, Whole & Split** .. | **449** | **34** | — | — | — | — |
| Beans Dry Whole N.S. .. | 370 | 19 | — | — | — | — |
| Grams Dry Whole N.S. | 60 | 11 | — | — | — | — |
| Pulses split washed N.S. | 18 | 2 | — | — | — | — |
| Leguminous Vegetable Dried N.S. .. .. | 1 | 2 | — | — | — | — |

*Note* :—(e) Indicates estimated figure.
(—) Indicates data not available.
(*) The date for the month of December, 1974 is not available at present.

جناب زمرد حسین : کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ جو سبزیاں دالیں باھر بھیجی گئی ھیں کیا وہ فالتوں تھیں کہ ان کی ضرورت محسوس کی گئی ھے کہ ان کو باھر بھیجا جائے ؟

**Mir Afzal Khan :** Sir, initially this was allowed for export but subsequently when it was felt that the local prices of 'dal', onions and vegetables were increasing, the dals were prohibited for export as from 6th October, 1969, onions were prohibited from 6th June, 1973 and vegetables from 9th August, 1973. These have been banned because the prices of these commodities had shown a sharp rise.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وزیر مملکت اپنے جواب کی سطر ۱ کو ملاحظہ فرمائیں اس میں انہوں نے گوشت کی برآمد کے بارے میں اعداد و شمار دئے ھیں اور ان اعداد میں ھر سال اضافہ ھو رھا ھے - کیا وزیر صاحب گوشت کی کمیابی اور مہنگائی کے پیش نظر یہ ضروری نہیں سمجھتے کہ اس ایکسپورٹ کو بند کر دیا جائے ؟

**Mir Afzal Khan :** Sir, the export of all animals is banned from Pakistan except certain wild life which are exported under certain specific quotas. Special permissions are granted to meet the requests of friendly Heads of States who wish to import certain livestock for their own personal use. Other than that all form of cattle is banned for export.

جناب زمرد حسین : کیا وزیر مملکت صاحب بتائیں گے کہ بلوچستان میں اگرچہ سرکاری ایکسپورٹ نہیں ھے لیکن پرمٹوں سے بارڈر ایریا سے جانور باھر بھیجے جاتے ھیں -

**Mr. Acting Chairman :** Do you know of some permits being issued by the Provincial Government ?

**Mir Afzal Khan :** I have no information, Sir.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you.

جناب زمرد حسین : جناب والا ! وزیر مملکت نے فرمایا ھے کہ ان کے پاس اطلاع نہیں ھے اگر اس قسم کی ایکسپورٹ کا ثبوت پیش کردیا جائے تو کیا وہ اسے روکنے کی کوشش کریں گے ؟

**Mir Afzal Khan :** This is against the policy of the Government and if I am given this information, I assure the honourable Member that we shall look into it and I will give him a suitable reply.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وزیر صاحب مہربانی فرما کر سبزیوں کے عنوان کو ملاحظہ فرمائیں اس میں لکھا ہے کہ ۲۳۶۰۰۰ روپے کی سبزیاں برآمد کی گئی نومبر ۷۴ء تک اور اب تک ایک کروڑ ۳۰ لاکھ ۲۷ ہزار روپے کی سبزیاں برآمد کی گئی ہیں کیا وزیر صاحب سبزیوں کی نایابی کے پیش نظر اور قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر ان کی برآمد بند نہیں کر سکتے ؟

**Mir Afzal Khan :** Sir, as I have stated that according to the information I have the export of all vegetables has been banned since 9th August, 1973 but I agree with the honourable Member that in the statement which I have placed before the House there is an item which shows that in the period of July—November, 1974 vegetables are shown here as having been exported. I will find out about this and give the reply to the honourable Member later.

**Mr. Acting Chairman :** Next question.

## RAW HIDES AND SKINS

16. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Commerce be pleased to state :

(a) the total value of the imported raw hides, and skins separately in each month of the year 1974 ; and

(b) the total value of raw hides and skins separately exported during each month of the year 1974 ;

**Mir Afzal Khan :** A monthly statement showing the value of imports and exports of raw hides and skins separately during the year 1974 is placed on the table of the house.

*Statement showing Import/Export value of Hides and Skins during* 1974.

(Value Rs. in lakh.)

| Month | Import | | | Export | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | Raw Hides | Raw Skins | Raw & Skins n.e.s.* | Raw Hides | Raw Skins | Raw & Skins n.e.s.* |
| January, 1974 .. .. | 255 | — | — | — | 578 | — |
| February, 1974 .. .. | 138 | — | — | — | — | — |
| March, 1974 .. .. | 70 | 7 | — | — | 1095 | — |
| April, 1974 .. .. | 148 | — | 18 | — | 4185 | — |
| May, 1974 .. .. | 283 | — | 5 | — | 8742 | 160 |
| June, 1974 .. .. | 400 | 2 | 150 | — | 3706 | — |
| July, 1974 .. .. | 25 | — | 144 | — | 1544 | — |
| August, 1974 .. .. | 35 | — | 132 | — | — | — |
| September, 1974 .. .. | — | — | 32 | — | — | — |
| October, 1974 .. .. | 4 | 2 | 188 | — | 5035 | — |
| November, 1974 .. .. | 103 | 30 | 247 | — | 6346 | — |
| December, 1974 .. .. | 314 | — | 238 | — | 3220 | — |

*n.e.s.=not elsewhere specified.

**Mr. Acting Chairman :** Now we take up the next item.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Acting Chairman :** There is a leave application from Sardar Ghulam Mohammad Khan Mehar. He has sent a telegram saying, " Kindly grant leave up to the 28th February as unable to attend current session due to the death of wife of my cousin Late Sardar Ali Mehar. Have to be present in the House for a month as per custom of our tribe being Sardar of Mehar."

Has he leave of the House until 28th of February, 1975 ?

(Leave was granted)

**Mr. Acting Chairman :** Leave is granted.

## PRIVILEGE MOTION *RE* : REFUSAL OF CERTAIN POSTMASTERS TO ACCEPT THE FORMS FOR REGISTRATION CARDS ATTESTED BY THE SENATOR

**Mr. Acting Chairman :** It is privilege motion. It was read yesterday in the House.

آپ اس پر مختصر سی تقریر فرمائینگے ؟

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Sir, I would like to say one thing.

**Mr. Acting Chairman :** But no statement was made yesterday.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** No statement, Sir. I just want to say that the matter is being investigated through the postal authorities and, as soon as the facts are known, a proper reply will be given. We have not received the information. I am trying to get all the information and place it before the House.

**Mr. Acting Chairman :** Do you think that it is not unfair that if a Member of the Assembly although he belongs to the same province and is elected from the same constituency certifies that he knows a certain man and the postal staff refuses to acknowledge him.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Sir, I submit that if an honourable Member of this House and there are so many other categories, certifies that a person is Pakistani natonal, and under the law only Pakistani nationals can get identity cards, then certainly identity cards must be issued. But I am trying to find out and I will place all the information before the House.

**جناب قائم مقام چیئرمین :** ٹھیک ہے حاجی محمد زماں خاں صاحب جن جن جگہوں کی آپ نے شکایت کی ہے وہاں سے یہ انکوائری کرلیں اس لئے اس وقت تک اس موضوع کو ملتوی کیا جائے۔

**حاجی محمد زماں خاں اچکزئی :** کتنے دنوں تک اطلاع ملے گی ؟

جناب قائم مقام چیئرمین : جس قدر جلد ممکن ہوگی ۔

جناب عبدالقیوم خاں : جس قدر جلد ممکن ہوگا ہم نے ان کو تار دے دی ہے

جناب قائم مقام چیئرمین : جب تک اطلاع نہیں آتی اس وقت تک اس کو ڈیفر کیا جاتا ہے ۔

## POINT OF PRIVILEGE *RE*: NON-PRESENTATION OF PRIVILEGES COMMITTEE REPORT AS DIRECTED BY THE HOUSE

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! آڈر آف دی ڈے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ آج ہماری سٹنگ کا ساتواں دن ہے اور اس ہاؤس میں وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور کی طرف سے یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ ایک تحریک استحقاق پر ایک اسپیشل کمیٹی غورکر رہی تھی اور آج اس کی رپورٹ پیش کرنی تھی جناب چیئرمین ! کیونکہ اس کی رپورٹ پیش نہ ہونے سے اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے لہذا مجھے اجازت دیں کہ میں زبانی تحریک استحقاق موو کرسکوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : زبانی تحریک استحقاق موو کرسکوں کوئی رول ہے ؟

جناب زمرد حسین : جی ہاں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بتائیے ۔ خواجہ صاحب ذرا ؟

جناب زمرد حسین : ذرا مدد کیجئے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : پریویلیج کا Chapter آٹھ ہے اور رول شاید ۵۸ ہے ۔

" 58. A member wishing to raise a question of privilege shall give notice in writing to the Secretary before the commencement of sitting on the day the question

is proposed to be raised. If the question raised is based on a document, the notice shall be accompanied by the document :

Provided that the Chairman may, if he is satisfied about the urgency of the matter, allow a question of privilege to be raised at any time during the course of a sitting after the disposal of questions ".

لیکن اس میں دو qualifications رکھی گئی ہیں ۔

Permission of the Chair. No. 1 and No. 2 : His satisfaction that the ur- urgency requires that.

جناب زمرد حسین : جناب میں نے آپ سے اجازت ہی مانگی ہے اس لئے کہ تحریک استحقاق کے مجروح ہونے کا تب پتہ چلا جب آڈر آف دی ڈے میرے سامنے آیا۔ اس لئے کہ فیصلہ یہ ہوا تھا کہ ساتویں سٹنگ پر وزیر مملکت وہ رپورٹ پیش کریں گے اس تحریک استحقاق کے متعلق

جناب قائم مقام چیئرمین : کس چیز کی رپورٹ ؟

جناب زمرد حسین : میری ایک تحریک استحقاق میر عبدالواحد کرد کے متعلق تھی کہ وہاں ایک ٹارچر سیل ہے اور ان کو اس ٹارچرسیل میں لے جایا گیا تو وہ کمیٹی کو ریفر کردی گئی تھی اور جناب چیئرمین صاحب سے وزیرمملکت نے یہ وعدہ کیا تھا کہ کمیٹی کی میٹنگ بلا کر ہم اس کی انکوائری کریں گے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ کا ریکارڈ کیا شو کرتا ہے کہ یہ آج ہی کے لئے فکس ہوئی تھی ۔

جناب زمرد حسین : ساتویں نشست کے لئے تھی اور آج سینٹ کی ساتویں نشست ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : کیا یہ مناسب نہیں ہوگا کہ اگر کل اسی ایشو پر گفتگو کریں جب وزیر مملکت یہاں موجود ہوں ؟

جناب زمرد حسین : جی بالکل لیکن یہ موو تو آج ہو جانی چاہیئے ۔ بحث اس پر کل کرلیں گے مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن مطلب یہ ہے کہ تحریک استحقاق آج موو ہو جانی چاہیئے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : چیئرمین آف دی پریویلیج کمیٹی یہاں نہیں ہیں ۔ وہ باھر گئے ھوئے ھیں اور یقیناً سینٹ سے انہوں نے request کی ہے کہ وہ یہاں موجود نہیں رہ سکتے اس لئے تین تک اس کو ملتوی کردیں دوسری بات یہ ہے کہ آج وزیر صاحب بھی موجود نہیں ھیں ۔

جناب زمرد حسین : بہت اچھا جناب آپ اس کو تین تک ملتوی کردیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : تو پھر اس میں ایڈ میسبلیٹی کی بات آئے گی کہاں کا یہ استحقاق کہلوائے گا ۔

جناب زمرد حسین : جی جناب اس کی ایڈ میسیبلیٹی پر اس وقت بحث کرلی جائے گی کہ ایڈمٹ ھوسکتی ہے یا نہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ٹھیک ہے آپ موو کردیں ھم اس کو ڈیفر کردیں گے ۔

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین اس معزز ھاؤس میں میری ایک تحریک استحقاق جو سینیٹر میر عبدالواحد کرد کے متعلق تھی اس پر اس ھاؤس میں وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور نے جناب چیئرمین کی وساطت سے اس معزز ھاؤس کو یہ یقین دھانی کرائی تھی کہ وہ اگلے سیشن کی ساتویں نشست کے دن اس تحریک استحقاق کی انکوائری کرکے اس معزز ایوان کے سامنے رکھیں گے اور آج جب میں نے آرڈر آف دی ڈے دیکھا تو مجھے معلوم ھوا کہ وہ رپورٹ آج پیش ھونی تھی جو پیش نہیں کی گئی اس طرح اس معاھدے کی خلاف ورزی کی گئی ہے جو اس معزز ایوان کے سامنے کیا گیا تھا اس طرح اس معزز ایوان کے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے ۔ لہذا اس پر غور کیا جائے ۔

**Mr. Acting Chairman :** Leader of the House ! What do you say about this ?

راؤ عبدالستار : ٹھیک ہے ۔ کل کے لئے اس کو defer کردیں ۔

**Mr. Acting Chairman :** Do you object or oppose it ?

**Rao Abdus Sattar :** Sir, I beg to oppose it.

**Mr. Acting Chairman** : It is opposed and it is deferred to some other day when the Chairman of that Privilege Committee and the Minister of State for Parliamentary Affairs are present in the House.

Under the rules those questions which have not been replied today cannot be reported in the Press.

It is adjournment motion 27 of 75. Mr. Zamurud Husain.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : BEHAVIOUR AND HOSTILE ATTITUDE OF COAST GUARDS TOWARDS THE PUBLIC IN GWADAR

**Mr. Acting Chairman** : It was moved on the day and was deferred because the Minister was not in the House.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : It is opposed. But I would also like to make a statement because on technical grounds I am on a very strong footing. But I would also like to give full information to the learned Senator if he will agree to listen to my statement. Sir, my first objection is technical that Coast Guards have been unnecessarily harassing and intimidating the public in Gwadar and other coastal towns of Baluchistan. The behaviour and hostile attitude of the Coast Guards towards the citizens of the region has caused anger and dis-satisfaction. Now, this must refer to a particular incident, specific incident. Now, this refers to a region, to places and none of the alleged illegalities perpetrated by the Coast Guards have been specifically mentioned. This is a technical objection which is fatal. Now, if the honourable Senator will allow me I will give him more information about the correct position. I still stand by my technical objection. The allegations of a general nature. No specific incident of misconduct/misbehaviour on the part of the Coast Guards has been quoted. Had the honourable Senator quoted a specific incident I can assure him and assure the House that we would have certainly looked into it and if somebody had misbehaved we would have punished him. Now, as regards the position of the cases, my submission is that the complaints by the residents of Ormara at least are baseless and misconceived because the Force neither has a base in the region nor has it ever operated there. I will further add that the Pakistan Coast Guards exercises territorial and operational jurisdiction in the coastal areas of Baluchistan including Gwadar and Ormara.

The primary function of the Coast Guards is prevention of smuggling and hence the force has neither absued its powers nor has it operated outside its jurisdiction. The force exercises powers under the Customs Act 1969 and has been vested with certain powers of search and arrest. Probably the people do not know and even some of the Senators would like to be enlightened, they can arrest under :

(*i*) Arrest .. .. .. .. .. (Section 161)
(*ii*) Issue of search warrants .. .. .. (Section 162)

[Mr. Abdul Qaiyum Khan]

(*iii*) Search and Arrest without warrant .. ... (Section 163)

(*iv*) Stop and Search conveyance ... .. ... (Section 164)

(*v*) Examine persons ... ... .. ... (Section 165)

(*vi*) Summon persons to give evidence and produce documents or things etc. (Section 166)

In view of large scale smuggling of motor cycles into Pakistan via Baluchistan the Coast Guards were well within their competence to check and ask for the production of documents to substantiate the legal import of these vehicles into the country.

In one such case the Coast Guards, recently checked 28 motor cycles and discovered that most of them were either unregistered, or had no registration documents or were displaying supurious registration numbers.

Not a single instance of Coast Guards harassing the public has been quoted. In any case it is balantantly false that the Force harasses any peaceful and law abiding person. It is, however, correct that smugglers and their associates fields harass due to the unlawful anti-smuggling duties of Coast Guards allccated to them under a statute. Regular liasion is maintained with civil authorities by way of personal visits and by attending anti-smuggling meetings. Lastly, I would submit, sir, apparently the checking/seziure of these motor cycles seems have upset the smugglers who have started an organized compaign to malign and discredit the Force through all possible means.

In the end, I assure the House that I would take action against any defaulting officials any specific instances of abuse of orders of powers by the Coastal Guards are brought to my notice. But on the technical objection is there and then I thought, it was my duty to explain because the position of the Coastal Guards is mis-understood. It is a new Organization in the Coastal region. It is all right.

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ مطمئن ہیں ؟

جناب زمرد حسین : میں بالکل مطمئن ہوں کیونکہ محترم وزیر صاحب نے یقین دلایا ہے کہ وہ مناسب کارروائی کریں گے میں پریس نہیں کروں گا۔ میں ایک گذارش کروں گا ، بلوچستان کے علاقے کا چیف منسٹر صاحب نے دورہ کیا اور ان سے وفود ملے۔ یہ ٹھیک ہے سمگلرز کو چیک ہونا چاہیئے ، میں خوش ہونگا اگر سمگلنگ نہ ہو۔ لیکن اس نام سے کسی کو تنگ کرنا مناسب نہیں ہے بہر حال وزیر داخلہ نے یہ یقین دہانی کرادی ہے کہ وہ مناسب کارروائی کریں گے لہذا میں اسے press نہیں کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ! Not pressed.

Now 29 of 75 Mr. Zamarud Hussain :

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : DETENTION OF AIR MARSHAL (RETD.) ASGHAR KHAN AT JHELUM BRIDGE

جناب قائم مقام چیئرمین : تو آپ نے Move کردیا اصغرخاں وغیرہ والا ؟

جناب زمرد حسین : جی ہاں ! میں نے Move کردیا ۔

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** I would like to inform respectfully that I have a technical objection. I would also give the facts if the learned Senator will be kind enough to give me an opportunity, "that Mr. Asghar Khan was not allowed to proceed to Lahore and was detained at the Jhelum Bridge on his way to Lahore, where he was to address a public meeting under the auspices, of Mukhtar Rana Release Committee". Now, may I respectfully submit that if this is so, it has not been done by the Federal Government as the law and order is the Provincial subject and the Provincial Government had done so. The proper form is the Punjab Assembly. But, for his information, I would like to state, I take my stand on this technical objection, that the matter involved is law and order which is primary concern of the Provincial Government. I would now add that it is not of recent occurrence. Now, for his information, I would like to say, as far as the facts of the case which have been reported to us by the Punjab Government, I know a little more about it, but as far as the facts of the case are (it may be stated that) according to the information supplied by the Punjab Government, the District Magistrate, Jhelum, had prohibited carrying of arm under Section 144, Criminal Procedure Code. In this connection, checking was being carried out by the Police. While Air Marshal (Retd.) Asghar Khan passed in his car through Jhelum Bridge, he was requested to allow checking of his car, which was very much recented by him and he turned back instead of proceeding towards Lahore. Then I want to say some thing. It has appeared in the Press that there was a meeting of my Political Party on that day. I do not know how that has come into the paper because I saw the posters. It was a meeting by the 'Ahalian-i-Lahore', and when I came to know that it was by the Ahalian Lahore, I issued a statement that as this was not a meeting of the PPP or PML. I could only address on those two platforms. Therefore, my submission is that that was the meeting of the citizens of the Lahore. There was no question of preventing him from going there, as he is very sensitive and everybodys car had to be checked and there is frequent checking by the province, because there is lot of un-licenced/arms in the country. He refused to the search and he did not proceed but he went back. Therefore this is the explanation of the Punjab Government. Again, I repeat, this matter is not the concern of the Federal Government itself. The forum for raising this question is the Punjab Government. I have tried to convey the information.

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین !

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ اپنے جواب کو اس اغراض تک محدود رکھیں کہ یہ صوبائی معاملہ ہے ۔

جناب زمرد حسین : جی جناب ! میں یہی عرض کر رہا ہوں محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے اور اس کا تعلق صوبہ سے ہے اسلئے اس کو صوبائی اسمبلی میں پیش ہونا چاہیئے ۔ لیکن میری تحریک التواء یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کے Constitution میں اس ملک کے شہریوں کو آمد و رفت کی آزادی ، رائے کی آزادی دینا چلنے کی آزادی اور شہریوں کہ جان و مال کی حفاظت کرنا وفاقی حکومت کا کام ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ Constitution سے حوالہ دیں ۔

جناب زمرد حسین : میں عرض کرتا ہوں ۔

"Every citizen shall have the right to, remain in, and, subject to any reasonable restriction imposed by law in the public interest, enter and move freely throughout Pakistan and to reside and settle in any part thereof".

جناب قائم مقام چیئرمین : ٹھیک ہے یہ citizen کا آپ کا right بنتا ہے تو آپ یہ بتائیں کہ کونسا شخص یہ کریگا ۔

(مداخلت)

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! میں عرض کروں گا ........

جناب قائم مقام چیئرمین : پہلے آپ میری بات کا جواب دیں فرض کیجئے فیڈرل گورنمنٹ کسی ایک شخص کا fundamental right قرار دیتی ہے تو..........

جناب قائم مقام چیئرمین : خود فیڈرل گورنمنٹ کرتی ہے تو کون enforce کرے گا ؟

جناب زمرد حسین : عدلیہ کرے گی پارلیمنٹ کرے گی۔

جناب قائم مقام چیئرمین : پھر گورنمنٹ کیسے ہوئی ؟

جناب زمرد حسین : ظاہر ہے اگر فیڈرل گورنمنٹ کانسٹیٹیوشن کا تحفظ نہیں کرتی اور وہ اس کی ذمہ دار ہے تو ظاہر ہے کہ ہم اس کو پارلیمنٹ میں بحث کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں کانسٹیٹیویشن کا تحفظ تو ہے اور ہر شہری کا حق ہے ہی۔ اور پارلیمنٹ اس کی طرف توجہ دے گی پارلیمنٹ کی ذمہ داری یہ ہے کہ آئین کو enforced کرے دیکھے۔ یہ پارلیمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ آئین کو protect کرے۔

جناب زمرد حسین : آپ نے بڑی اچھی بات کہی جناب اگر گورنمنٹ enforce کرنے والی ایجنسی ہے اگر گورنمنٹ آئین enforce کرنے میں ناکام ہو جائے تو اس پر بحث پارلیمنٹ کرے گی۔

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Sir, I want to make the position quite clear. In this, very Article 15 supports me "Every citizen shall have the right to remain in and, subject to any reasonable restriction imposed by law in the public interest." Now, there is Section 144 which had been imposed by the District Magistrate of Jhelum, that there was research, [is going on for all from everybody and Air Marshal Asghar Khan being a citizen of Pakistan, could not be made an exception. So the police were carrying out these searches on all over Pakistan on certain roads, on certain days and therefore, this—144 was there, if the 144 had been imposed by the Provincial Government contrary to law or if he was stopped contrary to law then the matter could be taken to the High Court.

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ بات ہے اگر فرض کیجئے صوبے میں ۱۴۴ ہے۔ اس کی پوزیشن صحیح نہیں ہے۔ تو یہ بات ہائی کورٹ میں جائے گی پارلیمنٹ میں نہیں آئے گی۔

جناب زمرد حسین : جناب جہلم میں اصغر خان کی تلاشی . . . .

جناب قائم مقام چیئرمین : ھائی کورٹ میں لے جائیں کوئی منع نہیں کرتا ۔ صوبائی اسمبلی میں شاید بن جائے سینٹ میں نہیں بنے گی ۔

جناب زمرد حسین : جیسے جناب بہر حال آپ فیصلہ کریں گے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں فیصلہ کی بات نہیں ھے آپ مجھے مطمئن کریں ۔ ایک سوال مجھ پر اٹھایا گیا ھے میرا تو کام یہ ھے کہ آپ دونوں کے درمیان بیلنس رکھوں ۔ ایک سوال مجھ پر رکھا گیا ھے میں اس کی وجہہ آپ سے چاھوں گا ۔

جناب زمرد حسین : جناب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ کیونکہ آئین کا تحفظ کرنا جو ھے اس کو enforce کرنا جو ھے وہ فیڈرل گورنمنٹ کی ذمہ داری ھے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ مجھے حوالہ دیں ۔

جناب زمرد حسین : آخر یہ سیکشن ۱۵ جو ھے جی اس کو کون enforce کرے گا اس ملک میں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : پہلے آپ وہ پڑھیں ۔ fundamental rights کا chapter پڑھیں ۔ میں تو نہیں بتاسکتا ۔

جناب زمرد حسین : میں بالکل آپ سے اتفاق کر رہا ہوں کہ اگر فیڈریل گورنمٹ اس پر تل جائے کہ وہ آئین کو violate کرے گی تو میرے پاس remedy ھے کہ ھائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں جاؤں اپنے لئے تحفظ حاصل کروں ۔ لیکن بہر حال پارلیمنٹ کا حق ھے کہ اسے زیر بحث لائے ۔

جناب قائم مقام چیئر مین : تو آپ مجھے جواب نہ دے سکے ۔ کس دفعہ کس آرٹیکل . . . یہ صوبائی مسئلہ ھے اور اگر fundamental rights

کی violation ہے تو اس کے لئے ہائی کورٹ ، سپریم کورٹ میں جائیں - جب رولنگ دی جارہی ہو تو کھڑے نہیں ہوسکتے - شکریہ جی - اب ایڈجرنمنٹ موشن نہیں لیں گے کیونکہ ہاؤس نے مجھے اجازت دی ہے کہ تین کی بجائے سات کو پہلے لے لیا جائے -

راؤ عبدالستار : جناب والا! گزارش ہے کہ عزیز احمد صاحب کی ایڈجرنمنٹ موشن ہے وہ پہلے لے لیں - پھر یہ نہیں ہوں گے -

جناب قائم مقام چیئرمین : کون سی جی؟

راؤ عبدالستار : نمبر ۳۱ جی -

جناب قائم مقام چیئرمین : وہ کرلیں گے یہ آوٹ آف ٹرن ہوجائے گا اس کو بعد میں کرلیں گے - لا منسٹر آف اسٹیٹ ہوں گے - تو چونکہ ہاؤس نے مجھے اجازت دی ہے کہ میں آج آرڈر آف دی ڈے سے ہٹ کر آئٹیم نمبر ۷ پہلے لے لوں -

I would request Rao Abdus Sattar to move his Motion. Yes.

## MOTION *RE* : SITUATION ARISING OUT OF EARTHQUAKE IN DISTRICTS OF SWAT AND HAZARA

**Rao Abdus Sattar :** Sir, I beg to move a motion :

"That the situation arising out of the earthquake in the districts of Swat and Hazara be taken into consideration."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That the situation arising out of the earthquake in the districts of Swat and Hazara be taken into consideration."

You can make a brief statement.

راؤ عبدالستار : آج اس معزز ہاؤس میں ایک بہت ہی بڑے قومی المیے کو زیر بحث لایا جارہا ہے یہ قومی المیہ زلزلے کی شکل میں ۱۹۷۴ء کے آخری دنوں میں شمال مغربی حصے میں جس میں ضلع ہزارہ اور سوات کا کچھ حصہ ہے وہاں رونما ہوا - اس المیہ کی وجہ سے بہت سی قیمتی جانیں ضائع

[Rao Abdus Sattar]

ہوئیں۔ بہت زیادہ ہمارا قومی نقصان ہوا لیکن اس کے ساتھ ہی ہمارے فوجی جوان جو وہاں شاہراہ قراقرم کی تعمیر میں مصروف تھے جس کی وجہ سے ہم بروقت وہاں امدادی سامان بھی بھیج سکے اور اپنے زخمیوں کو طبی امداد بھی مہیا کرسکے۔ میں جناب والا ! سارے بھائیوں کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے دن رات محنت کرکے ایسے علاقوں میں جہاں تک پہنچنا بھی محال تھا وہاں تک گئے اور انہوں نے طبی امداد اور اشیائے ضرورت وہاں پہنچائیں اور خاص طور پر ہمارے فضائیہ کے نوجوان ہیلی کاپٹر کے ذریعے وہاں پہنچے کیونکہ اس پر قدرت کی ستم ظریفی یہ تھی کہ موسم خراب تھا اور برفباری ہو رہی تھی ہوا کے جھکڑ چل رہے تھے ان علاقوں میں عام حالات میں ہیلی کاپٹر کا پہنچنا بھی محال تھا انہوں نے دن رات محنت کرکے وہاں طبی امداد اور کھانے پینے کی اشیاء پہنچائیں اور بہت سی قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا۔ اس کے علاوہ جناب والا ! قائد عوام کی اپیل پر ہمارے دوست ممالک نے ہمارے قریبی اور اسلام کے مضبوط رشتے سے منسلک مسلمان ممالک نے فراخدلانہ طور پر دل کھول کر عطیات دئیے۔ تاکہ ہم اس قومی سانحہ سے عہدہ برآ ہوسکیں۔ ان کا بھی میں تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے فاضل دوستوں کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ مسئلہ جو ہے بڑا نازک مسئلہ ہے بڑا اہم مسئلہ ہے اس پر ذرا سوچ بچار کے غور و خوض کرنا چاہئیے اور ہمیں جذباتی انداز میں ایسی بات نہیں کرنی چاہئیے جس سے خدانخواستہ ہمارے ملک کا ہمارے عوام کا وقار مجروح ہو۔ اس لئے میں نہایت ادب سے گزارش کروں گا اس مسئلہ پر نہایت سنجیدگی کے ساتھ غور و خوض کرنا چاہئیے، میں اپنے فاضل دوستوں کی ایسی تجاویز کو خوش آمدید کہوں گا جو مفید ہوں گی۔ میں ان مفید تجاویز کو ہر وقت ماننے کے لئے تیار ہوں یہ مسئلہ سینیٹ میں زیر بحث لایاجارہا اس سے پریس کے ذریعے تمام ممالک میں خبریں پہنچیں گی ہمارے ان دوست ممالک میں جنہوں نے ہماری مکمل طور پر امداد کی ہے ایسا نہ ہو کہ جذبات میں آکر ہم ایسی باتیں کہہ جائیں جس سے ہماری

امداد پر اثر پڑے اور بیرونی ممالک کی نظر میں ہمارے ملک کے وقار کو نقصان پہنچے جناب والا ! یہ مسئلہ بہت بڑا تھا اور اس کے لئے بیشمار وسائل کی ضرورت تھی لیکن خدا کا شکر ہے کہ ہمیں وہ اللہ کے فضل و کرم سے دوست ممالک کی امداد سے میسر آگئے اور اس کے علاوہ پاکستانی عوام نے بھی دل کھول کر عطیات دیے ہیں کراچی سے لے کر پشاور تک کئی آدمیوں نے ایک آواز ہو کر جتنے انکے وسائل تھے اس کے مطابق امداد کی ہے۔ نیشنل اسمبلی میں اس مسئلہ پر مدلل بحث چار گھنٹے کے قریب ہوچکی ہے اس کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی گئی ہے میرے کچھ دوستوں کو خوش قسمتی سے وہاں جانے کا اتفاق ہوا وہاں انہوں نے امدادی کاروائیاں بہ نفس نفیس دیکھی ہیں وہ اس پر زیادہ بہتر طریقے سے روشنی ڈال سکیں گے تو جناب والا ! میں اس مسئلہ کے متعلق عرض کر رہا تھا اگر کوئی ٹھوس تجاویز ہیں وہ ضرور بتائی جائیں تاکہ ان پر عمل ہوسکے اور اس کے علاوہ قومی اسمبلی میں ہمارے وزیر مملکت عزیز احمد صاحب نے بھی اپنی ایسی تجاویز پیش کی ہیں جن پر بعد میں امدادی کاموں سے وہاں کے لوگ اپنے پیروں پر کھڑے ہوجائیں گے تو ان پر عمل ہوسکے گا۔

اس معزز ہاؤس کا میں زیادہ ٹائم لینا نہیں چاہتا کیونکہ حزب اختلاف کے جو میرے فاضل دوست ہیں وہ چاہتے ہیں کہ انہیں زیادہ سے زیادہ ٹائم دیا جائے اور ہم انہیں زیادہ سے زیادہ ٹائم دیں گے تو ان گزارشات کے ساتھ اپنی بحث ختم کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیرمین : شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں اس سے پیشتر کہ میں کسی معزز رکن کو تقریر کے لئے کہوں میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کون کون سے ممبران تقریر فرمائیں گے۔

(خواجہ محمد صفدر صاحب، مفتی ظفر علی نعمانی، جناب شہزاد گل، جناب کامران خان، جناب زمرد حسین، سردار محمد اسلم، جناب شیر محمد خان، جناب نرگس زمان کیانی، جناب عزیز احمد نے تقاریر کرنے کی خواہش کا اظہار فرمایا)

جناب قائم مقام چیئرمین: اس میں صورت یہ ہوگی کہ ممبر کو آدھا گھنٹہ بولنے کی اجازت ہوتی ہے اور باقی ٹائم آپ کیسے arrange کریں گے ؟

خواجہ محمد صفدر : ہماری طرف سے کامران خان صاحب ابتدا کریں گے اور قاعدہ کے مطابق انہیں بھی آدھا گھنٹہ دیا جائے اور باقی سب دوست دس منٹ قاعدہ کی رو سے اور آپ اگر مہربانی فرمائیں تو مجھے دو چار منٹ زیادہ مل جائیں گے ورنہ قاعدے کی روؤ سے ہمارا حق صرف ۱۰ منٹ بنتا ہے۔

جناب شہزاد گل : جناب والا ! کل آپ نے وعدہ کیا تھا کہ وقت کی کوئی پابندی نہیں ہوگی۔

جناب قائم مقام چیئرمین : قدرتی طور پر جو ہمارے پاس وقت ہے اس کو استعمال کرنے کی بات ہے۔

جناب شہزاد گل : میں آپ کو اپنا وعدہ یاد دلا رہا ہوں کیا آپ نے کہا تھا کہ وقت کی کوئی پابندی نہیں ہوگی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: دو گھنٹے تین گھنٹے کے لحاظ سے وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے لیکن جو وقت ہے ہمارے پاس اس کو استعمال کرنے کی بات ہے، utilise کرنے کی بات ہے۔

جناب شہزاد گل : اتنا زیادہ ٹائم تو نہیں لگتا لیکن ہر اسپیکر کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملے ایسا نہ ہو کہ وہ بیچ ہی میں کٹ جائے اور اپنے خیالات کا اظہار پوری طرح نہ کرسکے کیونکہ ہماری اس زلزلے کے متعلق یعنی میری خواجہ صاحب کی، زمرد صاحب کی کافی تحاریک التوا تھیں اور اگر ان پر بحث ہوتی تو ہمیں کافی ٹائم ملتا لیکن اب یہ ہے کہ آپ اتنی مہربانی کریں کہ ہمیں اپنے خیالات کے مکمل اظہار کا موقع دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ کو مکمل موقع دیا جائے گا - جی شیر محمد خاں صاحب فرمائیے۔

جناب شیر محمد خاں : جناب چیئرمین ! اس سے پیشتر کہ میں اس قومی سانحہ پر اس ایوان میں ان حقائق کی بنیاد پر جو کچھ مسائل اس زلزلے سے ہمارے ملک اور قوم کو درپیش ہیں ان پر اپنی گزارشات پیش کروں میں نے یہ گزارش بھی کرنی ہے کہ قومی اسمبلی میں جب اس موضوع پر بحث ہورہی تھی تو اس میں وہاں کے مقامی ممبر صاحبان کو جو سوات اور ضلع ہزارہ سے تعلق رکھتے تھے انہیں دوسرے ممبران کے مقابلہ میں زیادہ ٹائم دیا گیا تھا کیونکہ وہ ان ضلعوں سے تعلق رکھتے تھے اور ان کو دوسرے ممبران کی نسبت تمام تکلفات کا زیادہ علم تھا اس بنیاد پر میں عرض کروں گا کہ سوات اور ضلع ہزارہ کے ۳ ممبر صاحبان دو سوات سے اور ایک ضلع ہزارہ سے جو کہ وہاں کی نمائیندگی کرتے ہیں ۔ . . . . .

جناب قائم مقام چیئرمین : جتنا وقت آپ نے اس پوائنٹ پر ضائع کیا ہے اتنے وقت میں آپ ایک اور پوائنٹ بناسکتے تھے وقت کی کوئی پابندی نہیں لگائیں گے لیکن سب کو یہ سوچ کر تقریر کرنی ہے کہ ۱۰ منٹ بولنا ہے اس طرح اگر آپ شروع کرنے لگیں تو پھر چار پانچ منٹ ایک پوائنٹ بنانے پر ھی لگ جائیں گے۔

جناب شیر محمد خاں : جناب والا ! میں عرض کر رہا تھا کہ گزشتہ سال ۲۸ دسمبر کو چار پانچ بجے کے لگ بھگ ضلع سوات اور ضلع ہزارہ میں شدید زلزلہ آیا یہ زلزلہ ہماری تاریخ میں کم سے کم میری زندگی میں شدید نوعیت کا تھا اور اس کا مرکز پتن وادی قراقرم کے علاقے میں تھا لیکن اس زلزلے سے جو تباہ کاری ہوئی جناب والا! اس سے صرف کوھستان عباسین کا علاقہ متاثر نہیں ہوا اس سے ضلع ہزارہ سوات کا شانگلا پار جس کی کل آبادی دو لاکھ چھبیس ہزار ہے اور ضلع ہزارہ کی تحصیل پٹ گرام کا شمالی علاقہ الائی کوھستان کا علاقہ تمام کا تمام متاثر ہوا اس سے جو تباہ کاری ہوئی وہ سب سے زیادہ تباہ کاری عباسین کوھستان میں ہوئی پتن جچال، روسیل روانلیا ، پنگڑہ ، لاھور ، شور گڑ ، میں اور پٹ گرام تحصیل کا علاقہ اسلائی

[Mr. Sher Mohammad Khan]

پننبہ، سکر گاہ، پالس گولی، شانگلا پار، وادی خاران جس کی ۳۳ ہزار آبادی ہے، وادی بیشام، علیوری سب ڈویژن، چیکیسر کا کچھ علاقہ اس میں کوئی ایسا فرد بشر نہیں ہے جو زلزلے سے کسی نہ کسی شکل میں متاثر نہ ہوا ہو سب سے زیادہ اموات عباسین، ہزارہ کوہستان میں، اور دوسرے نمبر پر الائی میں اور تیسرے نمبر پر وادی کامار کے دو گاؤں اجمیر اور بالکان میں ہوئیں تو جناب والا! زلزلے سے بعض مکانات منہدم ہوگئے اور بعض زمین بوس ہوگئے لیکن دو لاکھ چھبیس ہزار کی آبادی چھانگلا پارک سب ڈویژن کی ہے اس میں زلزلے کے وقت سے لے کر آج تک کوئی شخص اپنے گھروں میں واپس نہیں جاسکتا وہ اس لئے کہ اگر کوئی مکان گرا نہیں تو کوئی بھی مکان ایسا نہیں ہے جس میں دراڑیں نہ پڑی ہوں اور جس میں جانا کسی زبردست خطرے کا موجب نہیں ہوسکتا جناب والا! میں خوش قسمتی سے اسی علاقے کا رہنے والا ہوں اور جب زلزلہ آرہا تھا تو میں اپنے گھر میں تھا۔ اور مجھے اور میرے خاندان کے تمام جتنے ممبران ہیں ہمیں اس وقت سے لے کر آج تک شامیانوں کے نیچے گھروں میں نہیں۔ کھیتوں میں دن رات گزارنا پڑ رہے ہیں اس بنیاد پر مجھے خود ۲۹۔ تاریخ کو شام ۵ بجے ریڈیو پاکستان سے زلزلے کی تباہ کاریوں کی تفصیل معلوم ہوئی۔ ۳ بجے ریڈیو پاکستان سے جو خبر آئی تھی وہ تفصیل نہیں تھی۔ اس اندازہ سے نہیں کیا جاسکتا تھا کہ کہاں زلزلے کی شدت زیادہ ہے اور کہاں زلزلے سے زیادہ تباہ کاری ہوئی ہے اور کہاں زلزلے سے لوگ محفوظ رہے ہیں۔ ۳۰۔ تاریخ کو صبح گیارہ بجے میں خود پتن پہنچ گیا اور وہاں جا کر تباہ کاری کا اندازہ لگایا اس وقت حکومت کی طرف سے امدادی کارروائی بروقت اور مناسب ہو رہی تھی۔ میں وہاں کے لوگوں سے ملا۔ اس وقت صرف پاکستان آرمی کے جوان زلزلے کے سلسلے میں ۳۰۔ تاریخ تک صبح گیارہ بجے تک متواتر کام کررہے تھے۔ اور پھر ۳۱۔ تاریخ کو جناب وزیر اعظم پاکستان، جناب ذوالفقار علی بھٹو اپنی تمام تر مصروفیات چھوڑ کر کراچی سے سیدھے پتن پہنچ گئے۔ جناب بھٹو کا اس علاقے کا دورہ ہر لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ جناب بھٹو کے وہاں پر جانے

سے، وہاں کے لوگوں کے جتنے بھی مصائب تھے، جتنی بھی تکالیف تھیں۔ جتنے بھی غم تھے اور ان لوگوں کے جن کے افراد خانہ اور عزیز و اقارب ملبے تلے دب گئے، کے غم تھے۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ وہاں کے لوگ اپنا غم بھول گئے کیونکہ جناب بھٹو نے نہ صرف وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے بلکہ ایک حقیقی بھائی کی حیثیت سے فرداً فرداً ہر ایک کو تسلی دی۔ ان کے غم میں برابر کے شریک ہوئے۔ ان سب کو تسلی دی اور موقع پر احکامات موجود سرکاری حکام کو جاری کئے۔

جناب والا! جناب وزیراعظم کے دورے کے بعد اور وزیر اعظم کے دورے سے پیشتر جتنی بھی امداد حکومت نے کی۔ میں نہیں کہتا کہ یہ مناسب نہیں تھی بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ ہماری سوچ سے کئی گنا زیادہ ہے اور یہ امداد نا مساعد حالات اور ایسے ایک دور افتادہ علاقے میں کی گئی۔ وزیراعظم اور انتظامیہ میں اس انداز سے وہاں جا کر لوگوں کو تسلی دی اور علاج معالجے جتنے اچھے انتظامات کرسکتے تھے، کئے، لیکن اس کے باوجود ہمیں اس ایوان میں نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بعض ذمہ دار حضرات نے حد درجہ غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا اور بعض سیاسی پارٹیوں نے اس انتہائی اہم اور انسانی مسئلے کو اپنے مذموم سیاسی عزائم کے لئے اپنے مذموم مقاصد کے حاصل کرنے کے لئے مذموم اور شر انگیز حرکت کی۔ جسے ہم اس علاقے کے رہنے والے کبھی بھی نہیں بھول سکتے ہیں اور انہیں استحسان کی نظر سے نہیں دیکھ سکتے، لیکن بجائے اس کے کہ یہ لوگ ہمارے اس مسئلے کو سلجھاتے اور اس انسانی مسئلے کو حل کرتے، عملی نہیں تو کم از کم لفظی ہمدردی کرتے لیکن انہوں نے بجائے اس مسئلے کو سلجھانے کے انہوں نے اسے الجھانے کی ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کوشش کی۔

جناب والا! کہا جاتا ہے اور اس سلسلے میں قومی اسمبلی کے ممبران نے اسمبلی کے فلور پر بیانات دئیے ہیں۔ یہ بیانات حد درجہ مضحکہ خیز ہیں اور حد درجہ شر انگیز ہیں۔ جناب والا! ان کا منتہائے مقصود کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہاں پر ایسے حالات پیدا کئے جائیں اور جو امدادی کام ہورہا ہے

[Mr. Sher Mohammad Khan]

اس میں رکاوٹ ڈالی جائے جو لوگ پریشان ہیں، ان کو اور پریشان بنایا جائے۔ اس طرح جب وہ لوگ پریشان ہوجائیں گے تو پھر اپنے سیاسی مقاصد کریں۔ جناب والا! میں ہر ایک کا نام تو لے سکتا کیونکہ میں ایوان کا وقت بھی ضائع نہیں کرنا چاہتا اور سارے کا سارا لینا بھی نہیں چاہتا۔ ان میں سے چند ایک کا صد احترام اور ادب سے نام لے کر ذکر کروں گا۔ کیونکہ ان میں کسی ایک فرد بشر.....

جناب قائم مقام چیئرمین : کیا یہ مناسب نہیں ہوگا کہ ان کا نام لئے بغیر ہی کام چل سکے؟

جناب شیر محمد خاں : جناب والا ! جب تک نام نہیں لوں گا تو کیا بتاؤں گا۔ انہوں نے پریس میں بھی بیانات دئیے ہیں۔ اور اشارتاً بھی کہا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ بھی پریس میں نام لے سکتے ہیں۔ اشارتاً اگر آپ insist کرتے ہیں تو آپ بھی اشارتاً ان کا ذکر کردیں۔ مگر نام نہ لیں تو اچھا ہے۔ یہ کہہ دیں کہ یہ فلاں، فلاں اضلاع کے نمائندگان ہیں۔

جناب شیر محمد خاں : جناب والا! قومی اسمبلی میں نام لے کر بحث ہوئی تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ نام نہیں لیں۔ اشارتاً ذکر کردیں۔

جناب شیر محمد خاں : اچھا جناب، میں نام نہیں لوں گا اور کوشش کروں گا کہ اپنی حد میں رہوں۔ جناب والا! قومی اسمبلی میں ایک ایم این اے نے.....

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ کے ۱۰ منٹ ہوگئے ہیں۔

جناب شیر محمد خاں : جناب والا ! میرے پاس کافی سواد ہے اور میں وہاں کا مقامی ہوں شہزادہ اورنگ زیب اور مولانا عبدالحکیم اس علاقے کے رہنے والے تھے، اس لئے انہیں قومی اسمبلی میں زیادہ وقت دیا گیا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ تخصیص نہیں کی جاسکتی۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ و دفاع بیٹھے ہوئے ہیں وہ تفصیل سے بتائیں گے۔ گورنمنٹ کے موقف کی وضاحت آپ ان پر چھوڑ دیں۔

جناب شیر محمد خاں : ٹھیک ہے۔ جناب والا ! ایک سوات کے ایم این اے اور ایک ہزارہ کے ایم این اے پریس میں جاکر کہتے ہیں کہ ایک مقامی سینٹر تمام کا تمام امدادی سامان اپنے علاقے میں لے گئے۔ جناب والا ! اس سلسلے میں، میں آپ کے سامنے گزارش کرنا چاہتا ہوں اور میں یہ اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ ہم پاکستان پیپلز پارٹی کے اراکین علاقے، ذات پات اور فرقوں سے بالا تر سوچ رکھتے ہیں ہم ملک و قوم کی بنیاد پر اپنی سوچ کی وسعت رکھتے ہیں۔ ہم نے کبھی علاقے اور فرقے کی بنیاد پر نہیں سوچا اور نہ کبھی علاقے کی بنیاد پر سوچا ہے۔ کام نہیں کیا۔ یہ سوچ فیوڈل لارڈ کی ہوتی ہے اور یہ سوچ انہی لوگوں کی ہوتی ہے جو فیوڈل لارڈ کی بچی کھچی روٹی کھا کر کبھی ملاں بنتے ہیں اور کبھی کچھ اور۔

جناب والا ! یہ بات کرتے ہیں علاقوں کی۔ میں سوات سے الیکٹ ہوا ہوں اور میرا تعلق صوبہ سرحد سے ہے۔ کوئی بھی سینٹر کسی خاص علاقے کو ریپریزنٹ نہیں کرتا۔ جناب والا ! علاقوں کے متعلق باتیں کی جاتی ہیں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ میرا علاقہ پورا شانگلا پال ہے جہاں میں ایک گاؤں میں پیدا ہوا میں نے کبھی کسی خاص گاؤں کو یا خاص علاقے کو چھوڑ کر اپنے علاقے کو ترجیح نہیں دی۔ میں نے قطعاً ایسا کبھی نہیں کیا۔

جناب والا ! جو وہاں امدادی کام ہورہا ہے اس میں تین اہم اور ذمہ دار حکام شریک ہیں۔ فیڈرل گورنمنٹ کے افسر، کیبنٹ ڈویژن کے افسر، مالا کنڈ ڈویژن کا کمشنر، ڈپٹی کمشنر، ریلف کمشنر یہ کام سرانجام دے

[Mr. Sher Mohammad Khan]

رہے ہیں اور ان کے ساتھ سوات اور ہزارہ کے ڈپٹی کمشنر شامل ہیں اس کے علاوہ ہر ایک ریلیف سنٹر کا انچارج اسسٹنٹ کمشنر کے رینک کا افسر ہے۔ مزید برآں اس کام میں پاکستان آرمی کے ڈائیریکٹر جنرل سے لے کر میجر، کرنل اور نائب صوبیدار کے رینک تک کے لوگ شریک ہیں۔

جناب والا ! جماعت اسلامی کے رکن نے کہا ہے کہ سرکار کی طرف سے جو وہاں پر طبی کارروائی ہو رہی ہے وہ عجیب قسم کی ہے کیونکہ پتن بیس کے کیمپ میں جو حکومت کا سرکاری ہسپتال ہے اس کا ڈاکٹر اپنے علاج کے لئے جماعت اسلامی کے دفتر میں تشریف لایا اور یہاں سے دوائی کھائی اور اپنا علاج کرا کر واپس چلا گیا۔ تو جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں جناب والا ! اس وقت اس آفت زدہ علاقے میں جتنے انہوں نے طبی امداد کے لئے سنٹر کھولے ان میں کوئی بھی سنٹر ایسا نہیں ہے۔ جہاں کوالیفائڈ ڈاکٹر نہ ہو۔ وہاں ہسپتال باقاعدہ کام کر رہے ہیں اور ان کے پاس دوائیوں کی اتنی بہتات ہے کہ یہ دوائیں پورے سرحد کے ہسپتالوں میں تقسیم کر دی جائیں تو وہ کم از کم سال ڈیڑھ سال کے لئے کافی ہوں گی ..........

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ تمام statement تو وزیر صاحب دینگے۔ یہ آپ ان کے لئے چھوڑ دیں اور وہ issue جو ان کے دائرہ کار میں نہیں آتے۔ آپ ان issues پر گفتگو کریں۔

جناب شیرمحمد خاں : تو میں عرض کر رہا تھا کہ اسی طرح سوات کے شہزادہ نے اپنی تقریر میں کہا تھا ..........

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ نے ۱۱-۳۷ پر گفتگو کا آغاز کیا تھا۔ اس لحاظ سے آپ چار منٹ زیادہ بولے ہیں۔ ایک منٹ اور آپ لے سکتے ہیں۔

جناب شیر محمد خاں : سر پھر تو میں کچھ بھی نہیں کہہ سکوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ایک منٹ میں جتنی گذارش کرنی ہے کرلیں ۔

جناب شیرمحمد خاں : میں اس علاقے کا فرد ہوں اور میں دعوی سے کہتا ہوں کہ س ایوان میں کوئی دوسرا فرد مجھ سے زیادہ اس علاقے کے مسائل سے باخبر نہیں ہے ............

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ کی اپنی حکومت ہے ۔ آپ وزیر مملکت کو ان کے آفس میں بیٹھکر یہ سب کچھ بتادیں ۔

جناب شیرمحمد خاں : میں اپنے ساتھیوں سے request کروں گا ۔ کہ وہ اپنا وقت مجھے دے دیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : کوئی کسی کو وقت نہیں دے سکتا ۔

جناب شیر محمد خاں : پھر ایک منٹ تو میں نہیں بولوں گا ۔

جناب نرگس زماں کیانی : میرے پانچ منٹ ان کو دے دیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں آپ وقت نہیں دے سکتے ۔

جناب شیر محمد خاں : سر جی

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ ضد نہ کریں ۔ آپ اپنے علاقے کی بات کریں ۔ ورنہ پھر جو قاعدہ ہے ۔ اس پر stick کرنا پڑے گا ۔

جناب شیر محمد خاں : میں نے ابھی کچھ بھی نہیں کہا ہے ۔ اپنے علاقے کی کوئی بات نہیں کی میں چند گذارشات پیش کرکے ختم کرتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ تشریف رکھیں ۔ سردار محمد اسلم آپ تقریر کیجئیے ۔

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین ! ایک اس side سے ایک اس side سے تقریر ہونی چاہیئے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں آپ تقریر کیجئے ۔ کیونکہ rebuttle کا اختیار آپ ھی کے پاس ھے ۔

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین ! تقریر کا اصول تو یہ ھونا چاھیئے کہ ایک اپوزیشن کی طرف سے ۰۰۰۰۰۰۰

جناب قائم مقام چیئرمین : اصول کو چھوڑیں آپ تقریر کریں ۔

سردار محمد اسلم : میں یہ عرض کر رھا ھوں ! کہ یہ موشن کس لئے ڈسکس ھورھا ہے ۔ situation arising out of earthquake should be discussed کیونکہ اس کا کچھ جواز بھی ھونا چاھیئے کہ یہ کیوں ڈسکشن ھورھی ھے ۔ یا تو گورنمنٹ کو کچھ تجویزیں دی جائیں کہ کام ٹھیک نہیں ھورھا ھے اسکو ٹھیک کیا جائے بہرحال آپ نے حکم کیا ھے تو میں اپنی گزارشات مختصر پیش کرتا ھوں ۔ بدقسمتی سے پاکستان میں خصوصی طور پر سنہ ۱۹۷۱ ع کے بعد جو بھی قدرتی آفات آئیں ۔ ان قدرتی آفات کو کچھ سیاسی جماعتوں نے اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کی اور اب بھی کوشش کر رھے ھیں اور اسی کوشش کی بناء پر حکومت لوگوں کی فلاح کے لئے یا لوگوں کی امداد کے لئے جو کام کرتی ھے ۔ اسے مختلف زاوئے سے اپنے پریس کے ذریعے پیش کیا جارھا ھے ۔ کچھ جماعتوں نے گذشتہ ایک ماہ سے یہ پراپیگنڈہ شروع کیا ھوا ھے کہ حکومت زلزلہ زدہ علاقے میں امدادی کام اپنی پارٹی کے کارکنوں سے کرارھی ھے اور پھر ساتھ یہ بھی کہتے ھیں کہ ھم نے وھاں امدادی کیمپ کھولے ھوئے ھیں ۔ ھم نے اتنے ٹینٹ بھیجے ھیں ۔ ھم نے چار ڈاکٹر بھیجے ھیں ۔ ھم نے تین کمپاونڈر بھیجے ھیں اور ھمارے کیمپ کام کر رھے ھیں ۔ یہ ایک عجیب انداز سے باتیں ھو رھی ھیں ۔ بہرحال وقت چونکہ مختصر ھے ۔ اسلئے میں عرض کرتا ھوں کہ جس علاقے میں زلزلہ آیا ۔ اس علاقے کا ایریا تقریباً ۱۰۰۰ مربع میل ھے ۔ اور تقریباً اس میں ۹۸ ھزار افراد متاثر ھوئے ھیں ۔ جسمیں تقریباً ۱۷ ھزار انسان زخمی ھوئے اور سات ھزار کے لگ بھگ فوت ھوئے ۔ اور زلزلے کے وقت سب سے پہلے جو پارٹی اس موقعہ

پر پہنچی - یا سوجود تھی - اور جنہوں نے ان لوگوں کو امداد پہنچائی وہ پاکستان آرمی کے جوان تھے - جو شاہراہ قراقرم پر کام کر رہے تھے اور جناب عالی وہ ایسا علاقہ ہے، جس علاقے میں عام حالات میں عام لوگ جو شہری زندگی بسر کرتے ہیں، یا شہروں میں ملازمت کرتے ہیں، ان کا وہاں پہنچنا یا آسانی سے کام کرنا یا اُن لوگوں کو سہولتیں پہنچانا کوئی آسان بات نہیں ہے - یہ پہاڑی علاقہ ہے - scattered آبادی ہے - رسل و رسائل کا کوئی وسیلہ نہیں - برفانی علاقہ ہے، جس میں ہماری آرمی نے اتنی مستعدی سے کام کیا - جو ہم نہیں کہہ رہے، بلکہ اپوزیشن کی جماعتوں نے نیشنل اسمبلی میں اپنی تقریروں میں خود تسلیم کیا ہے - لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک بات میں دو دو contra-dictions کی ہیں، کہ جہاں تک انتظامی امور کا تعلق ہے وہ اس علاقے میں اچھے طریقے سے ہو رہے ہیں - وہ قابل تحسین ہیں - لیکن جہاں تک امدادی کام کا تعلق ہے، اس پر وہ satisfy نہیں ہیں - کیوں جناب جب انتظامی امور ٹھیک ہیں - اور جو انتظامی امور کرنے والے ہیں - وہی امدادی کام بھی کر رہے ہیں - امدادی کام کے لئے کوئی باہر سے لوگ نہیں جا رہے - اگر ایک علاقے میں آپ انتظامی امور سے مطمئن ہیں اور ایک علاقے میں انتظامی امور کی جو مشینری ہے - وہ صحیح کام کر رہی ہے تو اسی مشینری کے ذریعے وہاں امدادی سامان بھی پہنچایا جاتا ہے - پھر یہ کہا گیا، یا کہا جاتا ہے کہ اُن لوگوں کو امداد نہیں پہنچائی یا وہ لوگ سہولت میں نہیں ہیں - حضور والا! اگر ہم کہیں کہ وہاں دودھ اور شہد کی نہریں بہتی ہیں تو وہ غلط ہوگا اسلئے کہ عام حالات میں لوگ سہولت میں نہیں ہوتے ہیں اور جس علاقے میں ۱۷، ۱۸ ہزار آدمی زخمی ہوئے ہیں - جس میں ۹۷ ہزار آدمی متاثر ہوئے ہوں اس میں عام حالات نہیں ہوسکتے - کوئی یہ کہتا ہے کہ وہاں تنبوؤں میں رہتے ہیں - وہاں ٹینٹ لگے ہوئے ہیں - اگر مکان گر گئے ہیں تو گورنمنٹ ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر ماسوائے tents اور کوئی امداد نہیں دے سکتی تھی کیونکہ گورنمنٹ کے پاس کوئی الہ دین کا چراغ نہیں ہے کہ وہ شف کرے - تو وہاں بنگلے بن جائیں - اس وقت ٹینٹ ہی میسر ہوئے تھے

[Sardar Mohammad Aslam]

جو انہوں نے ۴۲ گھنٹے کے اندر اندر وہاں پہنچا ئے - ضلع ہزارہ میں دسمبر کے آخر تک گورنمنٹ نے جو امداد پہنچائی ہے ، میں اس امداد کی مختصر تفصیل آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں - دیگر چیزوں کےعلاوہ جو ضروری اشیاء تھیں ، ان میں سے خیمہ جات صرف ضلع ہزارہ میں دسمبر کے آخر تک جو پہنچا ئے گئے ، تقریباً ۴۸۰ خیمہ جات - ۱۱۴ سے زیادہ بنڈل کوٹ اور سوئیٹر - سات ہزار پانچ سو سے زیادہ کمبل اور رضائیاں - ۹۰۰ بوری آٹا - ۵۲۰ پیٹی چا ئے - ۴۵ بوری چینی - ۱۴۰ سے ۱۵۰ بوری چاول - ۹۰ بوری گڑ - سات ہزار پونڈ سے زیادہ گھی - یہ ان چیزوں کے علاوہ ہے ، جو دال - جرابیں - کوٹ - صابن یا اور دیگر اشیاء ان کو بھجوائی ہیں - یہ ان کے علاوہ ہیں - پھر اس امدادی کام کو دیکھنے کے لئے صرف ہم لوگ یا پاکستان کے لوگ یا وزیر ہی نہیں جاتے رہے - ان ممالک کے سفراء اور وزراء صاحبان بھی جاتے رہے ہیں جن ممالک نے کروڑوں روپے کی امداد دی ہے - وہ خود موقعے پر گئے اور انہوں نے خود موقعے پر امدادی کام دیکھا اور امدادی کام کے سلسلے میں اپنے آپ کو مطمئن پایا - یہ اسی کوشش اور پالیسی کا نتیجہ ہے کہ اس حکومت کو کروڑوں ڈالر کی امداد حاصل ہو رہی ہے لیکن ہر چیز کو ایک سیاسی مسئلہ بنانا ہر چیز سے سیاسی فائدہ آٹھانا ، قدرتی آفات سے سیاسی فائدہ اٹھانا یہ ایک سیاسی بد دیانتی اور اخلاقی کمزوری کے مترادف ہے - سیاسی مقابلہ سیاسی حالات میں ہوتا ہے - اگر فلڈ آ ئے تو سیاسی بات قدرتی آفات آئیں - تو سیاسی بات drought آئے تو سیاسی بات - جناب عالی سنہ ۱۹۷۱ ع کے بعد جو بھی قدرتی آفات آئیں - Flood اس ملک میں آیا - تو اس میں دیکھئے - کہ حکومت نے کیا کام کیا - یہاں زلزلہ آیا - جب زلزلہ آیا تو اس کے علاوہ drought کا season لیکن اس کے باوجود کوئی اچھی بات اگر ان کی زبان سے نکل جاتی ہے - تو آدھا فقرہ کہہ کر کہتے ہیں " لیکن " اس "لیکن " کا کوئی علاج کسی کے پاس نہیں ہوتا - کیونکہ جب ہرچیز میں "لیکن " کا استعمال ہو ، تو اس کا علاج ہمارے پاس نہیں ہے - جناب محمود اعظم فاروقی صاحب نے اپنے ایک انٹرویو میں فرمایا کہ میں انتظامی امور کے سلسلے میں اس علاقے میں بالکل .....

[At this stage the Chair was vacated by Mr. Acting Chairman and occupied by Mr. Presiding Officer, Mr. Ahmad Wahid Akhtar.]

---

مفتی ظفرعلی نعمانی : پوائنٹ آف آرڈر —

سر یہ جو ہماری بحث ہورہی ہے تو اس میں وہاں کے حالات بیان کئے جائیں کہ وہاں ان کی کس طرح مدد کی جاسکتی ہے ۔ اس کے لئے اسکیمیں دی جائیں۔ یہ تو بالکل سیاسی باتیں ہیں۔ اس سے تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور پھر ادھر سے بھی ایسا ہی انداز اختیار کیا جائے گا۔

جناب صدارت کنندہ افسر : سردار صاحب ! جب اس طرف سے آپ کو بات کرنے کا جب پہلے موقع مل رہا ہے تو ذرا احتیاط برتیں تاکہ دوسری طرف سے بھی اسی قسم کی توقع کی جاسکے ورنہ ادھر سے بھی ایسا ہی انداز اختیار کیا جائے گا ذرا احتیاط برتیں بسم اللہ جاری رکھیں۔

سردار محمد اسلم : جناب ہم تو احتیاط برت رہے ہیں لیکن حشر اس کا وہی ہوگا جوکہ اس پارلیمنٹ کے دوسرے ایوان میں ہوا ہے چونکہ بات انہوں نے کرنی ہے اور انہوں نے پروپیگنڈہ کا یہ سلسلہ اپنے اخباروں کے ذریعے گزشتہ ایک مہینہ سے شروع کیا ہوا ہے یہ تو اس لئے میں عرض کررہا تھا کہ ایک آدمی اس طرف سے اور ایک اس طرف سے بولے تاکہ ان کے جواب دئے جاسکیں۔ جہاں تک امداد کا تعلق ہے اگر مولانا صاحب نے امدادی کام دیکھنا تھا تو مولانا صاحب بشام تشریف لے جاتے ، پتن تشریف لے جائے۔ الائی تشریف لے جاتے اور مولانا صاحب وہاں کے ایوان کے علاوہ ڈپٹی کمشنر ، کمشنر یا وزیر متعلقہ کو آکر تجاویز دیتے کہ فلاں کام آپ کا خراب ہورہا ہے یا فلاں آپ کا کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر یا فلاں آدمی خراب کام کر رہا ہے ، اس کو ٹھیک کریں ۔ لیکن چونکہ اسے سیاسی مسئلہ بنانا تھا اس لئے اس سیاسی مسئلہ کو آج ایک ماہ سے اخباروں میں اچھالا جارہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی یہ کررہی ہے اور وہ کررہی ہے۔ میں وزیر متعلقہ

[Sardar Mohammad Aslam]

سے درخواست کروں گا کہ وہ ہمیں بتائیں کہ ضلع ہزارہ اور ضلع سوات میں پاکستان پیپلز پارٹی کو ریلیف کمیٹی میں ملوث نہیں کیا گیا ہے ۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا کوئی آدمی ریلیف کمیٹی میں نہیں ہے ۔ تمام آرسی والے کام کر رہے ہیں لیکن ان کا یہ پروپیگنڈہ اس کے رسائل اور اس کے اخبارات اور کوئی بات ہی نہیں کہتے کہ ہم پٹن چلے گئے، ہم پشام چلے گئے اور پشام سے واپس آئے ۔ دو ڈاکٹر تین کمپاؤنڈر اور دو پنسلین کے Injection لیکر وہاں چلے گئے اور اُن کا تمام پروپیگنڈہ یہ ہے کہ ہم امداد پہنچا رہے ہیں ۔ گورنمنٹ کی کروڑوں روپے کی امداد گورنمنٹ کی مشینری ۔ آرسی کی مشینری فرنٹیر کی گورنمنٹ ۔ پنجاب گورنمنٹ ۔ سندھ گورنمنٹ اور بلوچستان گورنمنٹ کے ڈاکٹر وہاں پہنچے اُن کی نرسیں وہاں پہنچیں اور علاج کر رہی ہیں جہاں کہ مفتی صاحب آدھ گھنٹہ بھی کھڑے نہیں ہوسکتے وہاں عورتیں کام کررہی ہیں ۔ اسقدر شدید سردی ۔ اسقدر شدید برفباری ہو رہی ہے اور وہاں یہ بچے اور عورتیں کام کر رہی ہیں جہاں بیٹھ کر تقریر ہوتی ہے کہ وہاں پہ کیا ہو رہا ہے۔ حضور والا . . . .

جناب صدارت کنندہ افسر : سردار صاحب آپ یہ بتائیں جو ہورہا ہے اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ کیا ہونا چاہیئے تو اس پر بات کریں ۔

سردار محمد اسلم : جناب والا! آپ کہیں گے کہ وقت کم ہے اس لئے میں مختصر عرض کروں گا محمود اعظم فاروقی صاحب نے اپنی ایک تجویز کی تھی اور اس تجویز کو میں بھی کہتا ہوں کہ درست تجویز تھی کہ کسی قدرتی آفت کو سنبھالنے کے لئے سیاسی سطح پر کام نہیں کرنا چاہیئے تو کیا اس کا یہی علاج تھا کہ ان کے پاس دو ڈاکٹر تھے . . . اگر ان کے پاس ڈاکٹر تھے تو گورنمنٹ کو دے دیتے گورنمنٹ ان کو ہیلی کاپٹر دیتی ۔ گورنمنٹ پہ یہ الزام ہے کہ جناب وہاں زخمی پڑے ہوئے ہیں اور ان کا علاج نہیں ہو رہا ۔ جناب والا ! بشام اور پٹن علاقہ سے زخمیوں کو ایبٹ آباد ہسپتال ، مانسہرہ ہسپتال ، ہنگورہ ہسپتال ، راولپنڈی CMH اور ایبٹ آباد CMH میں پہنچایا گیا۔ ایک ایک آدمی کو وہاں سے اٹھا کر لایا گیا، وہاں جب لوگ

جمع نہیں تھے تو ڈاکٹروں نے خود اپنا خون دیا جہاں تک امدادی کام کا تعلق ہے اگر یہ خود ایمانداری دیانتداری اور ایسی اخلاقی جرأت رکھتے ہیں تو یہ کہہ دیں کہ اس سے زیادہ کوئی انسان کام کر سکتا ہے تو ہم اپنی غلطی تسلیم کریں گے۔ جناب والا! میں آخر میں صرف ایک گزارش وزیر مملکت صاحب سے کروں گا، یہ پولیٹیکل بات نہیں ہے کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ضلع ہزارہ اور ضلع سوات کے اگر تمام پبلک Representative کو شامل نہ کیا جاسکتا ہو تو اس علاقے کے دونوں اطراف کے جو پبلک Representative ہیں ان کو Associate ضرور کریں خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں کیونکہ وہ اس علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ ایڈ منسٹریشن سے زیادہ اپنے علاقے کے متعلق بہتر جانتے ہیں۔

شکـــریـــہ۔

**Mr. Presiding Officer:** Yes, Maulana Saheb.

**خواجہ محمد صفدر:** جناب والا! گزارش یہ ہے کہ چونکہ Mover کامران صاحب ہیں اس لئے ہماری جانب سے پہلے تقریر وہی کریں گے اور وہ آدھا گھنٹہ ان کے لئے متعین ہوگا۔

**جناب صدارت کنندہ افسر:** بالکل بجا ہے اگر کامران صاحب پہلے بولنا چاہیں تو ٹھیک ہے میرا خیال تھا چونکہ کامران صاحب آدھا گھنٹہ بولیں گے شاید وہ بعد میں بولنا پسند کریں، بہر صورت اگر وہ بولنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** Yes, Mr. Kamran Khan.

**Mr. Kamran Khan:** Sir, this very sad tragedy occurred on the 28th of December, 1975, at 5.00 p.m. Sir, there was no news of this tragedy on the Radio nor on the T.V. on the same evening, nor was this news carried by the newspapers the next morning. It was late in a day on the 29th of December, 1975, that news heard about this tragedy. The honourable Minister of State for Defence and Foreign Affairs is reported to have said in the National Assembly that the delay in transmitting this news occurred on account of faulty telephone lines. Sir,

[Mr. Kamran Khan]

as far as the Telephone Organization in Swat is concerned, that whether earthquake or no earthquake, the system and its well-neigh impossible to speak over that system for say beyond six or seven miles otherwise. Sir, there was, there is and there has been for several years a fulfledged camp of Army Engineers at Pattan and they have got the wireless sets and I am sure that the Army Engineers must have transmitted the news without any loss of time. Where did the delay occur, that is something which really requires inquiry. If the news had been conveyed to the appropriate authorities or to the Prime Minister in time, may be, action would have been taken that very moment, and if adequate measures had been taken, if the Government machinery has come into operation expeditiously, I believe, sir, hundred of lives would have been saved. Now, sir, the delay occurred and really the rumours occur in the country. I would not go into rumours, but I would request the honourable Minister of State, who is present here, to institute an inquiry into this delay. Sir, God forbid if we are attacked by a foreign powers in those areas, and if this is the state of affairs which really, Sir, is not a very happy state of affairs. Such delays had occurred and, Sir, this catastrophe was no less than an attack. It was a great catastrophe. Now, Sir, on the evening of the 29th, when the news was flashed on the T.V......ruins, death, anguish, tears and blood. What we see in the T.V. the flag of the ruling party was flattering. As if the flag of the ruling party was more sacred than the mosques and worship and Iman, where the mosques collaps and hundreds of people died in the mosque . This is, Sir, speaks of the callousness of the T.V. Sir, the Prime Minister visited the area and I do appreciate that he visited the area soon after getting the news. The Prime Minister visited the area. I do appreciate that he visited the area soon after getting the news but in order to spell out the sense of urgency in the situation it would have been better that he had cancelled all his programmes in Karachi and Larkana, but he had stayed on. If not in that area I would not suggest but at least in Rawalpindi, that things cannot be controlled from Karachi, in modern times, the communication means that we have, the teleph ones, wireless and everything in Karachi. A person sitting anywhere in country could control the situation, could issue directives. But his cancellation or his postponement of his other programmes or other pre-occupations would have instilled a sense of urgency in the situation and would have put the administration and functionaries of the Government an alert. But Sir, he chose to stay in Larkana, of course as a matter of sweet will, but that would have been in the interest of the country and the situation.

Sir, soon after the Prime Minister's visit, VIPs started visiting the place, and commandeering helicopters which were badly needed for the relief operations, medicines were required, clothes were required, but the Ministers of States, Provincial Ministers, and I am sorry to say that even Members of the ruling Party commandeered helicopters and visited the area. Yes, they visited of course,

should have visited but not under those circumstances, not to have disrupted the relief operations. The only visit that realy was very beneficial to that area, from that, other than that of the Prime Minister, was that of the Minister of State for Defence and Foreign Affairs. We will appreciate it because he took along with him a very distinguished guest of Libya, the Minister of Libya, and which resulted in very cordial relations with that country, that was very beneficial visit really. But others instead of lightening the burden of people or helping the administration, it created difficulty for the administration. The local officials instead of attending to their work, they spent most of their time in attending to receiving and seeing off VIPs and the Ministers. Then, Sir, regarding the immediate aid, I am sorry to say that the relief operations were not expeditious enough and were not adequate. These operations should have been taken on a war footing, either we do'nt have the means to tackle the situation like that or probably there was slackness somewhere. The relief goods arriving there, were very late. There were no shelter over the heads of survivors. The weary men were exposed to cold and snow, as a result of which, hundreds if not thousands of lives were lost. This could have been averted. Sir, after all we have the means in the country. If we do'nt have anything in the civil Administration, at least, we have, I believe a Mountain Division in army, and there was suggestion made from certain quarters that Mountain Division sbould be deployed in that area. It is said that certain areas were inaccessible. I don't believe that there is any part of the country which is inaccessible. After all, wherever human beings live, they are not inaccessible. So, it is wrong to say that it is inaccessible. Of course, it is hard to get there, no doubt. But there is no inaccessible area and the hard areas. Of course, we have got the means, there could not have been a greater catastrophe in the country other than a foreign invasion than a catastrophe that befell in that area. The civil administration or army administration, they should have been put in full gear. They should have immediately rushed to the scene. I do appreciate the work done by the army jawans, army officers who were present on the site. They did marvellously well and admirably the work they have performed. No doubt about it. But their means were limited whatever they had, they did to utmost. But then there should have been reinforcements. They say that in certain times, helicopters could not operate because of winds and breeze and this and that. How they got air dropping? Why could we not have air dropping in a situation like this. What would happen. Supposing the goods fill somewhere. At least somebody would have picked it up. Was there any dropping then ? No Sir, not to my knowledge at least and the situation did demand air dropping. After all what are these Air forces for what is it for. If in this situation their services are not utilized, I submit it, Sir, that it was second only in urgency to foreign invasion. But no operations of that nature were carried out. Then, Sir, the relief goods from within the country and from abroad, and I am sorry to say that the members of the Peoples' Party, responsible people of their Party, went to those areas and told those people that the relief goods will be given to those

[Mr. Kamran Khan]

people who join the Party. I am sorry, I hope this is wrong but this information, I hope, it is wrong because after all they are human beings and they would not be so careless as to take political advantage of it. But this is a very authentic information that I have received. Sir, now relief goods started coming in. The relief goods of course collected by the PPP, is their right to distribute wherever they like. But the relief goods received from abroad even today are distributed by the members of the ruling Party. Obviously, it would be going into the hands of those people who support that Party. These relief goods, should have gone to the Government officials. They should have distributed these things. But on the contrary they are handed over to the ruling Party members and they look after the distribution work, which has resulted in great misappropriation, irregularties and today, Sir, when they announce the day for distribution of goods, people whether affected or not affected come under a scramble for those goods, and the real deserving people who have been affected they only get, some very trickles when they go there to those people. The bulk of the goods go into the hands of the people who are the least affected or not affected. Sir, even today the goods which were meant for the flood effected areas, the flood effected people of 1973, those goods even today are available and sold in the markets of Rawalpindi. In Peshawar people say we have got another Bara, you may have heard about the Bara Market for foreign goods, and instead of going there you could go to Pattan area to buy goods. This state of affairs is a very sorry state of affairs that things and goods meant for the people who have lost all that they possessed, who have list their men, their kith and kin, their goods and food meant for them, the baby food meant for them is going into wrong hands. That is nothing but criminal.

About the medical aid, my honourable friend Mr. Sher Mohammad Khan has said that the medicines that have been supplied to that area are adequate for the whole of N.W.F.P. for this year and for one and a half year. I beg to differ. On the first January I was in Besham. I made enquiries from the authorities concerned about the availability of medicines and the doctors that have been sent to that area. I was told that the medicines were not adequate. We saw some wounded persons also in the camp hospital. They were really in a very bad shape. The medicine I was told was inadequate and Sir, when I enquiried about the number of doctors I was told that 11 doctors were working in that area—11 doctors and the number of wounded and injured was 15,000. So I asked that person, the official concerned, as to how could eleven doctors look after 15,000 patients. He said, no, they came trackling down slowly and slowly. Now, Sir, by the time they got to hospital and by the time they were attended, you can imagine how many could have reached these doctors and their camp and how many would have died on the way. So the medical aid was not adequate. Some patients were brought from Saidu hospital, whom I visited there, I won't boast, the medicines had to be purchased for them locally. There were no adequate medicines and the medicine

which they badly needed was not given to them and it had to be purchased locally privately by private individuals.

Sir, it is suggested that the Prime Minister is reported to have said that money received from abroad or from within the country will be spent on those areas first and then whatever surplus remained will be spent elsewhere. Sir, this has created misapprehension and doubts in the minds of the people. The aid received from abroad or donations received from within the country are specifically meant for those areas and for the people who have been affected there and no other part of the country and even I would say no other part of the country has a right to get a penny out of those funds. That money is meant for them whether donated by the people of Pakistan or donated by the Muslim countries and other countries specifically for those people and it should be spent there. Now, Sir, they say a team of experts has gone to make a survey of the problem; long-term plan, short-term plan, this plan or that plan. Yes, Sir, plans should be prepared but we know how our experts are. These are people who could not maintain a stretch of 40 miles of road from Kohmi to Besham. Everyone could see that where motor cars and scooters could go on that road now only jeeps can go. Actually those experts could not maintain that stretch of road which was expected of those people. They will take years and years. We have not been able to rehabilitate refugees from India after 28 years and perhaps it will take another 28 years to rehabilitate those earthquake-effected people. To my mind there is a simple solution and I want to bring it to the notice of the hon'ble Minister for Defence & Foreign Affairs that the money received from abroad should be distributed in cash fully among the people effected. That should go in cash and the money received from within that may go towards planning or whatever the Government wants to do with it. This, Sir, is a simple solution. If they want to avoid complications, if they want that really those people to benefit, if they want to dispel all doubts about the intentions of the Government. The simple solution is this that this money should go in cash to those people under the supervision of a Committee formed from the representatives of the National Assembly and the Senate. They may be given supervisory powers to look after the supervision and to decide how to distribute that money and the others, of course, the Government may do whatever they like.

جناب صدارت کنندہ افسر : میرے خیال میں آپ کے پانچ منٹ باقی ہیں۔

**Mr. Kamran Khan** : Whatever time has been allotted to me. In the end, Sir, I would be voicing the sentiments of this House if I say that the aid given by the Muslim countries particularly Saudi Arabia, Arab Emirates, Libya, Iran and the very generous Kuwait. We are very grateful to them. (*applause*)....and we also appreciate the aid received from other countries. Sir, I would again say, appreciate and put it on record that the Army jawans—the work that they did, that they performed was admirable and excellent and they could not do better under the circumstances. Thank you very much, Sir.

**Mr. Presiding Officer** : Thank you. Next Mufti Zafar Ali Naumani.

(Mufti Zafar Ali Naumani spoke in Urdu.)

مفتی طفر علی نعمانی : بسم‌الله الرحمان الرحیم۔

یا یہاالناس اتقواربکم ان زلزلہ" الساعہ" شئی عظیم

جناب چیئرمین ! یہ زلزلہ ہمارے ملک کے لئے سانحہٗ عظیم ہے۔ قرآن عظیم میں اس کے متعلق کچھ بیان کیا گیا ہے ۔ میں آپ کے سامنے تقریر نہیں کرنا چاہتا۔ مختصراً اس آیات مبارکہ کا ترجمہ یہ ہے کہ " اللہ سے ڈرو " قیامت کا زلزلہ شئے عظیم ہے اس سے بڑے بڑے نقصان ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ چیزیں ہمیشہ انہیں قوموں پر آتی ہیں جو۔ جن میں عناد، سرکشی اور غرور یا اس قسم کی چیزیں پیدا ہو جائیں اور خدا کے کرنے کے جو کام ہیں ان کو خود کرنا شروع کردیں ۔ اس قسم کی مثالیں فرعون کے زمانے سے لے کر اب تک موجود ہیں بہر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ چیزیں ہمارے لئے عبرت کے لئے ہوتی ہیں تا کہ انسان اس سے عبرت حاصل کریں، عزہ و انکساری سیکھیں اور خدا کے دربار میں خلوص اور نیک نیتی سے توبہ کریں ۔ باقی اس علاقہ میں جو کچھ ہوا ہے یہ بڑا ہی عبرت ناک ہے۔ اب حکوست کو ان سے ہمدردی کرنا ہے اور ان کے لئے ایسے اسباب مہیا کرنا ہے جن کی بناٗ پر یہ لوگ اطمینان اور سکون کا سانس لے سکیں۔ تا کہ یہ کہ ہم سیاسی تنازعات کھڑے کر کے اور وہاں پر اپنے اپنے جھنڈے لگا کر ان کو امداد دیں اور یہ کہیں کہ یہ امداد فلاں جماعت کی طرف سے ہے اور یہ امداد فلاں جماعت کی طرف سے ہے۔

جناب والا ! محترم وزیر مملکت صاحب کی خدمت میں سب سے پہلے میں انتہائی ادب سے گزارش کروں گا کہ وہ جتنی جلدی بھی ہو سکے وہاں سے سیاسی جنھڈے بالکل ہٹادیں تا کہ جھگڑے پیدا نہ ہوں۔ جو کوئی بھی وہاں پر امدادی کام کررہی ہے وہ خدا واسطے کام کررہی ہے وہ اپنے نام نمود کے لئے کام نہیں کر رہی ہے۔ جناب والا ، تھوڑی دیر پہلے ہمارے بائیں جانب بیٹھے ہوئے دوستوں نے اس قسم کی باتیں کی ہیں جن سے

بات سمجھ میں آتی ہے کہ وہاں سیاسی خلفشار ہے اور ضرور ہے۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اس خلفشار کو بالکل ختم کرنا چاہئے۔

جناب والا ! چند اخبارات میرے پاس ہیں جن میں واضح طور پر یہ لکھا گیا ہے کہ جو بھی امداد باہر سے آتی ہے اس کو پیپلز پارٹی کے نمائندے اپنے کیمپوں میں لے جاتے ہیں اس طرح یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ یہ امداد ہماری طرف سے ہے اور یہ امداد ہم کر رہے ہیں۔ ایسے اقدام سے اس قسم کی چہ میگوئیاں پیدا ہوتی ہیں - آخر یہ سب کچھ کیوں کیا جارہا ہے۔ میری گزارش ہے کہ ان جھنڈوں کو بالکل اتار دیں - تا کہ "نہ رہے بانس اور نہ بجے بانسری"۔ اس طریقے پر یہ چیزیں ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائیں گی۔ جناب والا ! حقیقت یہ ہے کہ ہمیں وہاں پر یہ وقت امدادی کام کرنے کا ہے اور یہ وقت ان سے ہمدردی کرنے کا ہے اور ان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ اچھا سلوک کرنا چاہئے - انہیں نام و نمود کی طرف نہیں جانا چاہئے - اور نہ نام و نمود کے لئے یہ کام کرنا چاہئے۔

جناب والا ! باقی رہی یہ الزام تراشیاں کہ کس سینیٹر نے کیا ہے۔ کس ایم - این - اے - نے کیا ہے۔ یہ سب کچھ اخباروں میں آیا ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ حقیقت میں ہمیں یہاں اس قسم کی باتوں پر بحث نہیں کرنی چاہئے کیونکہ غیر ممالک میں جو ہماری مسلم آبادی ہے اور دوسرے لوگوں نے جو خاص کر ان لوگوں نے جنہوں نے ہماری امداد محض مسلمان ہونے کی وجہ سے کی، جیسا کہ سعودی عرب، لبیا، کویت، متحدہ امارات اور ایران ہیں، انہوں نے ہماری امداد محض اسلام کے رشتے کی وجہ سے کی ہے، ان کا ہمیں شکریہ ادا کرنا چاہیئے - اس قسم کی باتوں سے ظاہر نہیں ہوگا کہ وہاں کچھ لوگ دکھ اور تکلیف میں ہیں۔ ہم لوگوں کو قطعاً ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔

جناب والا ! اس کے علاوہ جو تجویز بیان کی گئی ہیں ان کو عملی صورت دینی چاہیئے تاکہ وہاں پر کوئی ایسی صورت پیدا نہ ہوں جس سے کہ

[Mufti Zafar Ali Naumani]

تقسیم کے کام میں بدانتظامی اور ناانصافی کا امکان ہو اور ایسا ہونا بھی نہیں چاہئے۔

جناب والا! ایک اور بات عرض کرتا ہوں کہ سیلاب کے زمانے میں ایسی چیزیں سامنے آئی ہیں جیسا کہ میرے دوستوں نے واضح کیا ہے کہ باہر سے جو امداد آئی تھی وہ امدادی مال بازاروں میں بکا تھا۔ اس زلزلے کے امدادی سامان کے متعلق بھی ایسی خبریں آرہی ہیں جو امدادی سامان باہر سے آیا ہے وہ بازاروں میں فروخت ہورہا ہے۔ یہ چیزیں بالکل ختم ہونی چاہئیں۔ ایسی چیزوں سے ہمارے ملک کا وقار مجروح ہوگا۔ کیونکہ یہ مال خیرات کی چیز ہوتی ہے اس لئے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ خیرات و زکوۃ کی چیزوں کو استعمال کرنے کی یہ لوگ کیسے جرات کرتے ہیں۔ کیسے ہمت کرتے ہیں۔ ان کو جو چیزیں ملتی ہیں وہ انہیں ہی استعمال کرنی چاہئیں ان کا غلط استعمال نہیں ہونا چاہئے۔

جناب والا! میں دوسری بات عرض کرتا ہوں کہ علاقوں میں جو امداد دی جارہی ہے اسے اس طریقے پر اور اس صورت میں دینا چاہئے کہ وہ اس امداد سے اپنی غربت دور کرسکیں۔ اس غرض کے لئے آپ کو وہاں پر گھریلو صنعتیں قائم کرنی چاہئیں اور ایسی صنعتیں قائم کرنی چاہئیں جو آسانی سے قائم کی جاسکتی ہوں۔ کچھ ماہرین کو سیالکوٹ سے اور کچھ کو ملک کے دوسرے حصوں سے لیا جائے اور یہ جو دستکاری کی چیزیں بناتے ہیں، قالین بافی کرتے ہیں ایسے لوگوں کو وہاں لیجا کر آباد کیا جائے یا رکھا جائے، ان کی صنعتیں وہاں لگائی جائیں یہ لوگ وہاں کے مقامی لوگوں کو سکھائیں۔ اگر اس کام کے لئے ۴/۵ کروڑ روپے مختص کر دیئے جائیں، تو اس سے وہاں کے لوگوں کی زندگیوں میں نئی لہر دوڑ جائے گی۔ اس سرمایہ سے جو کہ آپ انہیں دیں گے اس سے وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے فائدہ اٹھائیں گے اور پنپ سکیں گے۔ اور وہاں کے حالات بھی اچھے ہو سکتے ہیں۔

جناب والا! تیسری عرض یہ ہے کہ وہاں کوئی ہیلی کاپٹر اتارنے کے لئے جگہ نہیں ہے یہ چیز امدادی کام کے لئے یا دوسرے کاموں کے لئے سب سے

بڑی دشواری کا باعث ہوتی ہے۔ خدا نخواستہ اگر وہاں پر کوئی ایسی صورت پیدا ہو تو وہاں پر بعض علاقوں میں ایسی کوئی جگہ نہیں ہے کہ وہاں پر ہیلی کاپٹر بھی اتارا جاسکے۔ میں اس کی طرف وزیر مملکت کی توجہ دلانا چاہوں گا اس علاقے میں جابجا ایسی جگہیں بنائی جائیں جہاں پر کہ حادثات کے وقت آسانی سے ہیلی کاپٹر اتارے جاسکیں۔

جناب والا ! چوتھی عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر جب کبھی بھی میں اتفاقیہ یا کسی کام کے لئے وہاں گیا ہوں۔ وہاں پر میں نے دیکھا ہے کہ وہاں کی زمین ہموار نہیں ہے اور کھیت ہموار نہیں ہے۔ اس لیئے مجھے یقین ہے کہ وہاں کے کھیت برباد ہوگئے ہوں گے۔ جناب والا ! میں نے دیکھا ہے کہ لوگوں کے کھیت سیڑھیوں کی طرح ہوتے ہیں۔ بالکل اسی طرح کے ہوتے ہیں جیسا کہ سیڑھیاں ہوتی ہیں۔ پہلے پتھر ہوتے ہیں، پھر مٹی ہوتی ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح سیڑھی کی شکل میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ اس طریقے سے بیروت میں پہاڑی علاقوں میں اس قسم کے کھیت بنائے جاتے ہیں۔ جناب والا ! جب زلزلے سے پتھر لڑک جاتے ہیں تو کھیت برباد ہوجاتے ہیں۔ سب سے پہلے اس علاقے میں اس قسم کی سیڑھیوں کو درست کیا جائے تاکہ وہ سکون کے ساتھ اور آسانی کے ساتھ کام کرسکیں اور زندگی گزار سکیں و بسر کرسکیں۔ جناب والا ! یہ چیز بہت ہی اہم ہے۔

جناب والا ! پانچویں گزارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک میرا خیال ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہاں کی مقامی آبادی ایسی ہے کہ وہ نہ تو اردو جانتے ہیں اور نہ پشتو، ان کی اپنی ہی کوئی زبان ہے اس طرح وہاں پر امدادی سامان تقسیم کرنے والے کو اور وصول کرنے والوں کو سخت پریشانی ہورہی ہے۔ اس لیئے میری گزارش ہے کہ وہاں تقسیم کے کام میں وہاں کے مقامی باشندوں کو بھی شامل کیا جائے۔ وہاں پر کچھ علاقوں میں جرگے وغیرہ ہوتے ہیں۔ اگر یہ ان کے سپرد کردیا جائے تو ٹھیک ہے وہ تو آسانی سے یہ کام کرسکتے ہیں۔ اور ان علاقوں میں جہاں پر جرگے وغیرہ نہیں ہوتے ہیں۔ وہاں پر ضرور ایسے لوگوں کو لیا جائے جو کہ وہاں کے باشندے

[Mufti Zafar Ali Naumani]

ہوں تاکہ وہ تقسیم کے کام کو آسان بنانے کے لیئے ممد و معاون ثابت ہوں تاکہ امدادی سامان میں کسی قسم کی خرد برد نہ ہو سکے۔

جناب والا ! ایک اور بات کی طرف بھی میں ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب صدارت کنندہ افسر : آپ کا ایک منٹ رہ گیا ہے۔

مفتی ظفر علی نعمانی : میں ایک منٹ میں ختم کرتا ہوں اور یہ ایک منٹ اسی بات پر صرف کروں گا کہ خدا کے واسطے وہاں پر کسی جماعت کا کوئی سیاسی جھنڈا نہ رہنے دیا جائے اور وہاں پر جو سیاسی پارٹیوں کے جھنڈے ہیں ان کو ضرور اتروا دیا جائے۔ صرف انہیں جھنڈوں کے باعث وہاں پر جھگڑوں کی صورت پیدا ہوتی ہے اسی لئے وہاں پر تمام سیاسی جھنڈوں کو ہٹادیا جائے خواہ وہ جھنڈے مسلم لیگ کے ہوں یا کسی اور پارٹی کے۔ ان کو وہاں سے ہٹایا جائے۔ اگر وہاں پر ضرور جھنڈے لگانے ہیں تو ہلال احمر کے جھنڈے لگائے جائیں۔ اگر آپ ہلال احمر کے جھنڈوں کے علاوہ بھی کسی اور جھنڈے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تو گورنمنٹ آف پاکستان کا جھنڈا لہرایا جائے۔

جناب والا مزید برآں میں عرض کروں گا کہ ہم ان کے لیئے دعا کریں بلکہ یہی نہیں ایک دن ہمیں مقرر کرنا چاہئیے کہ اس دن ہم توبہ کریں کہ خدا اس قسم کی آفات سے ہمیں محفوظ رکھے۔ یہ جو ہم ”روٹی، کپڑا اور مکان،، کا وعدہ کرتے ہیں ہمیں چاہیئے کہ اس سے بھی گریز کریں۔ روٹی، کپڑا اور مکان خدا کی طرف سے ملتا ہے یہ چیزیں کوئی قوم کسی کو نہیں دے سکتی۔ اسی وجہہ سے ۱۹۷۱ع کے سیلاب اور اس کے بعد زلزلے سے ہمیں مصیبت اور پریشانیوں سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ جناب والا ! میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب صدارت کنندہ افسر : سینیٹر شہزاد گل صاحب،

جناب شہزاد گل : جناب والا قدرتی آفات میں سے زلزلہ بھی ایک قدرتی آفت ہے اور اس پر انسان کو کنٹرول نہیں ہے البتہ بعض ایسی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں جن سے اس قسم کی آسمانی آفات زلزلہ وغیرہ میں کمی کی جاسکتی ہے۔ جناب والا ! جب کسی ملک میں یا کسی علاقے میں زلزلہ آجائے یا اس قسم کی کوئی اور قدرتی آفات نمودار ہوں تو ان لوگوں کی مدد کرکے اور ان مصیبت زدگان کی امداد کرکے ان کی تکلیف میں کمی کرسکتے ہیں۔ جناب والا! یہاں ابھی جو کچھ کہا گیا ہے میں اس سلسلے میں سب سے پہلے یہ عرض کروں گا کہ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ۲۸ تاریخ کی شام کو جب زلزلہ آیا، تو چوبیس گھنٹے کے بعد حکومت کو اس کا علم ہوا اور ہزارہ کے علائی کے علاقے کی اطلاع اس کے ایک دن بعد ملی یعنی کہ ۴۸ گھنٹے کے بعد علائی کے علاقے کے متعلق پتہ چلا کہ وہاں پر بھی زلزلہ آیا ہے اور کافی جگہہ نقصان پہنچا ہے تو میں اسے حکومت کی غفلت کہوں گا، یہ نہایت قابل افسوس بات ہے اس پر میں اور زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔

---

(At this stage the Chair was vacated by Mr. Presiding Officer and occupied by Mr. Acting Chairman.)

---

جناب شہزاد گل : جناب والا ! جب کوئی مصیبت آتی ہے تو سب سے پہلا یہ کام ہوتا ہے کہ وہاں جو زخمی ہیں ان کو سب سے پہلے طبی امداد پہنچائی جائے لیکن بجائے اس کے کہ ان کو سب سے پہلے طبی امداد پہنچائی جاتی وہاں وزراء صاحبان کے دوروں کا سلسلہ شروع ہو گیا اور وزیراعظم صاحب نے بھی وہاں کا دورہ کیا وہ تو نہایت اہم تھا ہمیں اس سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ لیکن چاہیئے تو یہ تھا کہ وزیر اعظم صاحب خود وہاں جاتے اور مصیبت زدہ علاقوں کو دیکھتے اور ہدایات جاری کرتے اس کے بعد پیپلز پارٹی کے جتنے لوگ وزیر یا رہنما گئے ہیں وہ اپنے ساتھ ایک ہیلی کاپٹر میں ٹی وی کے کیمرہ مینوں کو اخباری نمائندوں کو اپنے ساتھ دورے پر لے گئے اور پھر شام کو ٹی وی پر ان کے دوروں کی تفصیل اور تقریروں

[Mr. Shahzad Gul]

کی فلمیں دیکھائی جاتی رہیں اس کے بجائے اگر ان ہیلی کاپٹروں سے طبی امداد کا سامان وہاں پہنچانے کی کوشش کی جاتی تو وہ زیادہ بہتر ہوتا یا ان ہیلی کاپٹروں کے ذریعے وہاں پر جو شدید قسم کے زخمی تھے ان کو ہسپتالوں میں منتقل کیا جاتا تو کافی جانیں جو ہیں وہ موت سے بچ سکتیں تھیں اور وہاں پر فوری طور پر ان کی امداد کے لئے صرف خیمے لگائے ہیں اور صرف ان کو طبی امداد دی ہے وہاں پر ایسے زخمی بھی ہیں جو شدید قسم کے زخمی ہیں جن کی ہڈیاں ٹوٹی ہوئی ہیں ان کو دواؤں یا اپریشنوں کی ضرورت ہے اگر اس قسم کے زخمیوں کو فوری طور پر ان ہیلی کاپٹروں کے ذریعے راولپنڈی یا پشاور سے ہسپتالوں میں پہنچایا جاتا تو وہ موت سے بچ جاتے، جناب والا ! وہاں پر دور دراز علاقے ہیں اور وہاں پر طبی جماعتیں جو تھیں وہ بھی کافی دنوں کے بعد پہنچیں اور ان مکانوں کے ملبوں کے نیچے کافی زندہ لوگ پڑے تھے اور کافی زخمی پڑے ہوئے تھے اگر ان لوگوں کو بر وقت ان ملبوں کے نیچے سے نکال دیا جاتا تو شاید وہ بچ جاتے لیکن کافی زندہ لوگ ملبوں کے نیچے دب کر لقمۂ اجل بن گئے ہیں - یہ نہایت افسوس کی بات ہے جناب والا! پشتو میں ایک محاورہ ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ایک شخص دھوپ سے مر رہا تھا اور دوسرا شخص اس کے سرہانے کے نیچے سے پراٹھے ڈھونڈ رہا تھا یہ نہایت افسوس کی بات ہے یہ ہم نہیں کہتے ہیں بلکہ عام پروپیگنڈہ ہورہا ہے کہ سب سے پہلے ہیلی کاپٹر حکومت کے پاس تھے اور حکومت کے ذمہ دار اور اہم لوگ وہاں گئے حزب اختلاف کا کوئی شخص پیدل چلے بغیر اور دو دن کا سفر کرکے وہاں پہنچے ہیں حزب اختلاف والے وہاں پہلے نہیں پہنچے ہیں اگر کچھ لوگ پہنچے ہیں تو وہ پیپلز پارٹی کے لوگ ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ پہلے پہنچے ہیں تو ذمہ داری بھی ان پر عائد ہوتی ہے ایک تو بر سراقتدار پارٹی ہونے کی وجہہ سے اور دوسری وہاں پر سب سے پہلے پہنچنے پر وہاں پر جو امداد دی جارہی ہے وہ بھی ان کی تحویل میں دی جاری ہے، لہذا اگر کوئی غبن ہو تو اس کی ذمہ داری بھی پیپلز پارٹی پر عائد ہوتی ہے لیکن ہم نے ابھی تک اس قسم کا کوئی الزام پریس میں نہیں لگایا ، میرے دوست شیر محمد خان نے کچھ نام لئے ہیں وہ حکمران پارٹی کے بنچوں پر بیٹھنے والے ایم- این-اے-

ہیں اور انہوں نے پیپلز پارٹی کے ذمہ دار اشخاص پر الزامات عائد کئے ہیں ہم نے اس طرح کے الزامات ابھی تک عائد نہیں کئے ہیں جو اطلاعات پہنچی ہیں جناب والا! وہ یہ ہیں کہ ایک بہت بڑے سرکاری افسر نے پیپلز پارٹی کے ایک ذمہ دار لیڈر کی وہاں پر بے عزتی کی یا زیادتی کی یا بے حرمتی کی شاید یہ غلط ہو لیکن وہ اس وجہہ سے کہ اس کی نظر میں یا اس کو یہ اطلاع پہنچائی گئی ہو کہ یہ شخص جو ہے غبن میں یا کسی اور طریقے سے اس میں ملوث ہے اس لئے اس وجہہ سے اس کی بے عزتی کی ہوگی تو جناب والا! بات یہ ہے...

جناب شیر محمد خاں: پوائنٹ آف آرڈر۔ وہ کونسا سرکاری افسر تھا اور کونسا پیپلز پارٹی کا رہنما تھا کہاں بے عزتی ہوئی، جناب والا! اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چئیرمین: یہی تو وہ صیغۂ راز میں رکھ رہے ہیں اس کے بعد جب اجلاس ختم ہو تو ان سے پوچھ لیں۔

جناب شہزاد گل: جناب والا! میں نے کسی کا نام نہیں لیا میں نے کسی پر الزام نہیں لگایا خدا کرے کہ یہ بات غلط ہو یعنی کہ....

جناب قائم مقام چئیرمین: وہ کوئی سینیٹر تو نہیں تھا اس لئے آپ فکر نہ کریں۔

جناب شہزاد گل: جناب والا! قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر خان عبدالولی خان نے یہ مطالبہ کیا ہے اور یہاں بھی کامران خان نے یہی مطالبہ دوہرایا ہے اور ہم سب اس مطالبے کی تائید و حمایت کرتے ہیں کہ مسلم ممالک نے بڑی فراخدلی سے ہمیں بہت کثیر رقم کی امداد دی ہے اور ہم ان کے مشکور ہیں کہ انہوں نے اس مصیبت کے وقت ہماری کافی مدد کی ہے اس طرح ملک کے عوام نے بھی بغیر کسی سیاسی نظرئے کے دل کھول کر چندے دیئے ہیں اور اب تک چندہ جمع کر رہے ہیں تو بات یہ ہے کہ اس کثیر رقم کے جائز مصرف کے لئے اور اس کو مناسب اور صحیح طریقے سے استعمال کرنے کے

[Mr. Shahzad Gul]

لئے پارلیمنٹ کے ممبران کی ایک نگراں کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ ان کی نگرانی میں اس رقم کا آڈٹ ہو سکے جانچ پڑتال ہوسکے اور اس سے وہاں کے عوام کی بھی تسلی ہوگی اور ملک کے عوام کو صحیح طرح پتہ چلے گا کہ یہ رقم درست طور پر استعمال کی جارہی ہے، جناب والا ! وہاں فوری طور پر ڈاکٹروں کی ضرورت ہے کیونکہ ڈاکٹروں کی تعداد بہت کم ہے اس لئے ڈاکٹروں کی تعداد بڑھائی جائے۔ جناب والا! اب بھی جو شدید قسسم کے زخمی ہیں وہ کیمپ کے ھسپتالوں میں پڑے ہوئے ہیں ان کو آپریشنوں کی ضرورت ہے کسی کی ھڈی ٹوٹی ہوئی ہے لہذا ان کو ھیلی کاپٹروں کے ذریعے جس طرح بھی جلد ممکن ھوسکے بڑے ھسپتالوں میں منتقل کیا جائے۔ تاکہ ان کی جانوں کو بچایا جاسکے میں فوجی جوانوں کا شکریہ ادا کرتا ھوں میرے دوستوں نے بھی ان کا شکریہ ادا کیا ہے اور میں خصوصاً ان چینیوں کا بہت مشکور ھوں جو وہاں پر موقع پر موجود تھے اور انہوں نے فوری طور پر کافی امداد بہم پہنچائی ہے ایسے وقت میں چاھئے جب کہ وزیر مملکت صاحب بھی یہاں تشریف فرما ھیں تو میں کہوں گا کہ بلوچستان میں جو سات ڈویژن فوج سڑکوں کی تعمیر کے لیئے موجود ہے ان کو وہاں جن اغراض کے لیئےاستعمال کیا جارہا ہے، میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاھتا، لیکن کہا یہ جارہا ہے کہ وہ وہاں پر سڑکیں تعمیر کر رھی ہے فوج کی تعداد اس علاقے میں فوری طور پر بھیجوائی جائے تاکہ فوجی جوان جو ھیں اور وہاں پر جو سڑکیں قابل آمد و رفت نہیں ھیں اور وہاں پر دریا کے آر پار علائی کے علاقے میں پل تعمیر کریں۔ اور تمام ضروری سڑکوں اور راستوں سے ملبہ ھٹائیں اور وہاں پر فوج کی تعداد کو فوری طور پر بڑھایا جائے تاکہ انتظام صحیح ھوسکے۔ جناب والا! اس کے علاوہ جو امدادی سامان وہاں پر پہنچ رہا ہے، میرے دوست سردار اسلم صاحب نے کہا ہے کہ وہاں امدادی سامان پہنچ رہا ہے۔ ٹھیک ہے امدادی سامان پہنچ رہا ہے لیکن آیا وہ سامان تقسیم بھی ھورھا ہے یا نہیں میرے پاس یہ ایک خط آیا ہے۔ جس میں وہاں کے حالات درج ھیں، انہوں نے لکھا ہے کہ ھمیں لفافوں میں دال اور چنا وغیرہ دیا جاتا ہے۔ اور

تقسیم کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہے۔ اب ہم نے سنا ہے کہ تقسیم کا کام سول انتظامیہ کے حوالے کیا جارہا ہے۔ حالانکہ جب تک وہاں صحیح انتظام نہ ہو تو اس کا کیا فائدہ۔ سول انتظامیہ پر پہلے ہی بدعنوانیوں کے الزام لگائے گئے ہیں۔ تو چاہئے یہ کہ یہ انتظام فوج کو دے دیا جائے۔ ابھی میرے علم میں لایا گیا ہے کہ جو پہلے ریلیف کمشنر تھا اس کو ہٹا کر ایک دوسرے کو لایا گیا ہے۔ تو تقسیم کا کام کچھ مناسب طریقے سے چلا ہے، ورنہ پہلے ریلیف کمشنر کے خلاف کافی الزامات تھے۔ جناب والا ! اگر یہ سارا کام فوج کی زیر نگرانی ہو تو مناسب ہوگا۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ وہاں پر جو زلزلہ آیا ہے یہ سننے میں آیا ہے کہ وہاں کافی عرصے تک زلزلے آتے رہیں گے۔ اس لئے وہاں پر زلزلے کے آلات لگائے جائیں جیسا کہ کوئٹہ میں ہیں تاکہ لوگ زلزلے سے نقصان سے بچنے کے لئے بر وقت تدابیر کرلیں۔ جناب والا ! کیونکہ یہ علاقہ زلزلہ کی زد میں آچکا ہے۔ اس لئے اس علاقے میں بھی اس قسم کے انتظامات کئے جائیں۔ تاکہ لوگوں کو پہلے زلزلے کے بارے میں معلوم ہوسکے۔ جناب والا ! میں جلدی جلدی بول رہا ہوں . . . .

جناب قائم مقام چیئر مین : اب میرے پاس صرف ایک گھنٹہ باقی ہے جس میں سے آدھ گھنٹہ مسٹر صاحب بھی بولیں گے۔ اور ادھر سے ایک ممبر بھی بولیں گے۔

جناب شہزادگل : جناب والا ! بڑے افسوس کی بات ہے کہ اس مصیبت کے وقت میں سیاسی فائدے حاصل کئے جارہے ہیں۔ میں یہ وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہاں پر غیرذمہ دار اشخاص جن کے پاس یہ مصیبت زدہ لوگ امداد کے لیئے آتے ہیں تو یہ انہیں کہتے ہیں کہ ہم آپ کو کافی امداد دیں گے لیکن آپ پیپلز پارٹی میں شامل ہو جائیں۔ لیکن حزب اختلاف کی طرف سے اس قسم کی کوئی ناجائز کوشش نہیں کی جارہی ہے۔ چونکہ ہم جانتے ہیں کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور مسلمان بھائی ہیں۔ اور پھر وہ فرنٹیئر کے لوگ ہیں۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ ان کا مداوا ان کی مدد ہو۔ اور انہیں اس مصیبت سے چھٹکارا ملے۔ ہم تو کسی طرح بھی سیاسی فائدہ نہیں اٹھا رہے اور نہ اٹھانا

[Mr. Shahzad Gul]

چاہتے ہیں - لیکن حکمران پارٹی اس سے سیاسی فائدہ حاصل کرنا چاہتی ہے- میں اپیل کروں گا کہ سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش نہ کریں ، جناب والا ! ابھی درگئی میں وہاں سے کمبل چوری کرتے ہوئے پکڑے گئے ہیں - اسی طرح منگورہ میں بھی کمبل چوری ہوئے ہیں ، جناب والا ! یہ کمبل چار، پانچ سو کے ہیں ، ان بیچاروں کو وہ کمبل کون دیتا ہے ان کی تو صرف بدنامی ہو گی - میرا ایک دوست وہاں پر موجود تھا اس نے مجھے بتایا کہ ایک افسر نے ایک کوٹ پہنا اورکہا کہ دیکھو فلا نے یہ تو بالکل میرے سائز کا بنا ہوا ہے---

سردار محمد اسلم : نکتہ اعتراض جناب - معزز ممبر پارلیمنٹ میں تقریر کر رہے ہیں وہ کسی کی بدنامی کو نہ دیکھیں ، بلکہ ملک کی مفاد کو دیکھیں - اگر کوئی اس قسم کی بددیانتی ہوئی ہے تو صاف کیوں نہیں بتاتے کسی ایک شخص کی بدنامی کو سامنے رکھکر ملک کی مفاد کی قربانی دے رہے ہیں -

جناب قائم مقام چیئرمین : صاف بات بتائیں اور ختم کریں -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! یہ روایت ہے کہ کسی کا نام نہ لیاجائے- بہر حال میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ بدعنوانی کا خاتمہ کیا جائے - اور وزیراعظم صاحب کے دورےسے وہاں پر جو تاثر قائم کیا گیا ہے- اس کو وزراء صاحبان اور پیپلز پارٹی کے لیڈر صاحبان ختم نہ کریں بلکہ میں دعا کرتا ہوں کہ حکمران پارٹی کو خدا ہدایت دے کہ وہ اس کثیر رقم کو اچھے طریقے ، مناسب طریقے سے ان شہریوں میں تقسیم کرے -

جناب قائم مقام چیئرمین : اب میر پاس آدہ گھنٹہ ہے - وزیر مملکت صاحب نے بھی بولنا ہے اور دوسرے ممبران صاحبان نے بھی ، تو دس دس منٹ لے لیں -

جناب نرگس زمان خان کیانی : جناب چیئرمین ! میں آپ کا مشکورہوں کہ آپ نے مجھے ایک نہایت ھی نازک اور درد ناک مسئلہ پر بولنے کی اجازت دی ہے - جناب چیئرمین ! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ قدرتی آفات اس وقت تک کسی ملک میں نہیں آتیں ، جس وقت تک اس ملک میں لوگ بد اعمالی کا شکار نہ ہوں - جہاں تک بد اعمالی کا تعلق ہے میں اس سلسلے میں

مختصراً وضاحت کروں گا کہ میرے جو دوست دائیں سائیڈ پر جو بیٹھے ہوئے ہیں ، انہوں نے اس وقت سے لیکر آج تک اس بات کا پرمٹ لے رکھا ہے۔ جس وقت عوامی حکومت بر سیر اقتدار آئی انہوں نے آپس میں یہ مشورہ کیا اور یہ وعدہ کیا کہ ہم نے نہ خود کوئی کام سیدھا کرنا ہے اور نہ ہی عوامی حکومت کو کام سیدھا کرنے دینا ہے نہ خود عوام کی خدمت کرنی ہےاور نہ عوامی حکومت کو خدمت کرنے کی اجازت دیں گے ، سب سے پہلے عوامی حکومت کے دور میں سیلاب آئے تو ان دوستوں نے سول نافرمانی کی تحریک شروع کی جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے ممبران ، منسٹر صاحبان اور حتی کہ پرائم منسٹر صاحب خود جا کر اپنے ہاتھوں سے دیواریں بناتے تھے تا کہ پانی کو روکیں۔ لیکن اس وقت ان دوستوں نے ان دیواروں کو اس شکل میں گرانا شروع کیا ....

خواجہ محمد صفدر : میں ان کو یاد دلا دوں کہ پنجاب کے گورنر اور ان کے چیف انجینئر پر یہ الزام تھا کہ انہوں نے غلط جگہ سے بند توڑ کر رحیم یار خان کو پانی میں ڈبودیا تو یہ کام حکمران پارٹی کر رہی ہے ....

جناب نرگس زماں خان کیانی : جناب چیئرمین ! اس کے بعد دسمبر میں زلزلہ آیا تو میں نے اور وحید اختر صاحب نے پروگرام بنایا کہ ہم بشام جائیں لیکن ۵ تاریخ کی صبح کو میرے گھر میں میرے دوست شیر محمد خان کی گاڑی آئی کہ شیر محمد خان میرا بشام میں انتظار کر رہے ہیں۔ تو مجھے وہاں جانا چاہیئے۔ اس وقت میں وحید اختر صاحب سے نہ مل سکا اس لئے میں اکیلا ۵ جنوری کو رات کے ۱۰ بجے بشام پہنچا تو وہاں ایک پارٹی کا ورکر جس کا نام لیتے ہوئے مجھے مسرت ہوتی ہے اس کا نام محمد ہارون ہے اس کا ہوٹل ان متاثر لوگوں کے لیئے کھلا ہوا تھا یا ان دوستوں کے لیئے جو ان متاثرہ لوگوں کی امداد کے لیئے وہاں پہنچ رہے تھے۔ اسی رات کی بات ہے کہ مجھے ایک وفد ملا جس کی قیادت ایک نورانی چہرا خوب صورت ڈاڑھی اور سر پر کراقلی ٹوپی پہنے ہوئے تھے کر رہے تھے وہ ملا۔ اور مجھے تعارف کرایا کہ میرا تعلق جماعت اسلامی کے ساتھ ہے اور میں ڈسٹرکٹ ہزارہ کا رہنے والا ہوں اور آپ کے ساتھ کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے نہایت خوشی ہوئی کہ میرے جماعت اسلامی

[Mr. Nargis Zaman Khan Kiani]

کے دوست کے دل میں کوئی ایسی بات نہیں گزری کہ پیپلز پارٹی کے سینیٹر کے پاس آیا ہے - میں نہایت خوش ہوا لیکن میرے دوست نے آتے ہی مجھ سے ایک اور سوال کیا کہ آج تین دن سے چونکہ تیز ہوائیں چل رہی ہیں اور پٹن کے علاقے میں ہیلی کوپٹر نہیں جاسکتا - چہجائیکہ کہ ۱۳۰ ہوائی جہاز جاچکے ہیں - آپ کی حکومت کے کہنے کے مطابق کہنے سے مراد یہ ہے کہ اخبار جنگ میں تھا تو میں یہ بات آپ تک پہنچانے آیا ہوں کہ یہ کتنا جھوٹ اور کتنی غلط بات ہے کہ تین دن میں ایک جہاز بھی نہیں گیا لیکن آپ کی حکومت کی طرف سے یہ جو خبر آئی ہے ایک سو تیس جہازوں کی خبر ہے تو جناب چیئرمین میں نہایت ہی شرمندہ ہوا اور میری آنکھیں اس کے سامنے جھک گئیں - میرے پاس اتنے بڑے جھوٹ کا کوئی جواب نہیں تھا - جو میں عوامی حکومت کی طرف سے اس دوست کو دے سکتا - میں نے مجبور ہو کر اپنے دوست سے سوال کیا کہ آپ کے پاس اگر اخبار ہے تو وہ خبر مجھے دکھائیں تا کہ میں خبر دیکھکر جواب دے سکوں - تو جس وقت میں نے وہ خبر دیکھی - یہ خبر جنگ اخبار میں تھی - اس خبر میں ۱۳۰ - سی - جہاز کا ذکر تھا - یہ اس جہاز کا نام ہے - جو آرمی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے - چند جہاز ان دنوں میں گئے - لیکن ان اپوزیشن کے دوستوں نے اور جماعت اسلامی کے دوستوں نے اس علاقے کے امیر کو اس بات پر مجبور کیا کہ حکومت کو بدنام کرنے کے لئے سیدھے سادھے لوگوں کی صفوں میں گھس جائیں اور اس شکل میں بدنام کریں - کہ حکومت کتنے کتنے جھوٹ بولتی ہے کتنی غلط خبریں اخبار میں آتی ہیں - جبکہ تین دن سے لگاتار ایک جہاز بھی نہیں گیا اور حکومت کہتی ہے کہ ایک سو تیس جہاز گئے ہیں - پٹن کے علاقے میں اور وہاں جا کر انہوں نے سامان تقسیم کیا ہے - تو یہ باتیں تعصب سے تعلق رکھتی ہیں - نہ کہ مخلوق خدا سے - اب جہاں تک جھنڈے کا تعلق ہے مفتی صاحب نے فرمایا کہ وہاں پر پیپلز پارٹی کے جھنڈے لگے ہوئے ہیں - اس غرض سے کہ وہ پارٹی کا پرچار کریں - جناب چیئرمین - میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ ماسوائے اس ہوٹل کے جس کا نام میں نے پہلے لیا اس پر ایک جھنڈا ضرور تھا وہ جھنڈا زلزلے کے دوران نہیں لگایا گیا تھا -

اس سے ایک مہینہ پہلے نہیں لگایا گیا تھا بلکہ جس وقت اس ہوٹل کا مالک پیپلز پارٹی کا ورکر بنا پارٹی میں شامل ہوا تو اس نے اس وقت جھنڈے کو وہاں لگایا تھا۔ اس کے علاوہ میں نے جھنڈے دیکھے جو کہ جماعت اسلامی کے جھنڈے تھے تازہ جھنڈے تھے بڑے خوبصورت جھنڈے تھے۔ اور اس کے ساتھ کچھ گاڑیاں بھی تھیں۔ میرے خیال میں وہی دو یا تین گاڑیاں تھیں۔ ان پر ان کے بینر بھی لگے ہوئے تھے۔ جماعت اسلامی وہاں سے سامان لیکر آئی جماعت اسلامی ادھر سے سامان لے کر آئی۔ یہ پرچار جماعت اسلامی کا تھا۔ یہ پرچار اپوزیشن کا تھا۔ ان لوگوں کو ورغلانے کے لئے عوامی حکومت کو بدنام کرنے کے لئے میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ وہاں کسی جماعت کا کسی بھی سیاسی جماعت کا جھنڈا نہیں ہونا چاہیئے اس کے ساتھ ہی کامران صاحب نے یہ فرمایا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ کا وقت ختم ہو رہا ہے آدھ منٹ باقی ہے۔

جناب نرگس زماں کیانی : اگر دو منٹ دے دیں تو مشکور ہوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی نہیں وقت نہیں دیا جاسکتا۔

جناب نرگس زماں کیانی : تو وہ یہ تھا کہ پارٹی کے لوگوں کو پوچھ کر سامان تقسیم کیا جارہا ہے۔ جناب چیئرمین یہ بات قطعاً غلط ہے۔ وہاں کسی پارٹی کو امتیاز حاصل نہیں تھا۔ یہ میرا آنکھوں دیکھا واقعہ ہے۔ بلکہ ہماری پارٹی کے جو ورکر تھے وہ اپنے ہاتھوں سے کام کر رہے تھے۔ ان کے پاس کچھ سامان نہیں تھا کہ وہ تقسیم کرتے سامان تو وہاں انتظامیہ تقسیم کر رہی تھی۔ حکومت کی طرف سے انتظامیہ تقسیم کر رہی تھی۔ وہاں اس کا تفصیلی ریکارڈ موجود ہے۔ اس پر متعلقہ وزیر روشنی ڈالیں گے لیکن جماعت اسلامی کے آدمیوں کو میں نے دیکھا ان میں سے ہر ایک آدمی کے پاس ایک نشان تھا۔ جو انہوں نے لگایا ہوا تھا اور لگا رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ آپ جماعت اسلامی میں شامل ہوں۔ اس پارٹی سے دور رہیں۔ یہ پارٹی ایسی ہے ویسی ہے

[Mr. Nargis Zaman Kiani]

جو کچھ وہ کہہ سکتے تھے کہہ رہے تھے میں مناسب نہیں سمجھتا کہ یہاں کہوں لیکن وہ کہہ رہے تھے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ آپ کا وقت ہو گیا۔

جناب نرگس زماں کیانی : بہر حال میں پاکستان آرمی کا نہایت شکر گذار ہوں کہ انہوں نے وہاں وہ کام کیا جو بہت مشکل کام ہے اور اس کے ساتھ ھی میں متعلقہ منسٹر صاحب سے گذارش کروں گا کہ جو آرمی کے نوجوان وہاں سڑک کی تعمیر میں مصروف تھے قراقرم کی ۔ جو خدمت انہوں نے متاثرین زلزلہ کی کی ہے اگر ان کے لئے کچھ انعام اور سرٹیفکیٹ ہو سکیں تو ان کو دیا جائے تاکہ آئندہ بھی یہ لوگ اچھا کام کر سکیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : زمرد حسین صاحب۔

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین قدرتی آفات کے سامنے انسان بے بس ہوتا ہے کوئی سائنس اس نظریہ پر نہیں پہنچ سکی کہ زلزلے کو قبل از وقت کیسے روکا جا سکتا ہے ۔ لیکن ایک انسان ایک سوسائٹی ایک جماعت یہی کچھ کر سکتی ہے کہ جب زلزلہ آئے اس کے بعد جس حد تک ممکن ہو جتنی جلد ممکن ہو ان متاثرین کی امداد کو پہنچا جائے ۔ جناب چیئرمین یہ خالصتاً انسانی مسئلہ تھا انسانی ہمدردی کا مسئلہ تھا اس میں کوئی سیاسی بات میں سمجھتا ہوں نہ کہنے کی ضرورت تھی نہ کرنے کی ضرورت تھی اگرچہ ہمارے بائیں جانب بیٹھنے والے ساتھیوں نے بہت اشتعال دلانے کی باتیں کیں اپوزیشن کو provoke کیا کہ وہ سیاسی تقریریں کریں ۔ لیکن جناب چیئرمین اس مسئلے کی نزاکت کو سامنے رکھتے ہوئے کوئی سیاسی بات کرنا پسند نہیں کروں گا اور نہ کوشش کروں گا اس مسئلے میں انسانی بہتری کے حل کی کوئی تجویز ہوسکتی ہے تو اس پر بحث کی جاسکے ۔ جناب چیئرمین ۲۸ دسمبر کو یہ عظیم سانحہ ہوا میں یہ نہیں کہوں گا کہ آخر اتنے حکمران جماعت کے لوگ یا یہ لوگ جو کرسیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں وہ اتنے بے درد اور انسانیت دشمن ہو سکتے ہیں کہ انہیں بے کس

و بے بس لوگوں سے دلچسپی نہ ہو ۔ لیکن جناب چیئرمین ان لوگوں میں ایک بات ہے کہ یہ بروقت نہ پہنچ سکے اس میں کچھ ان کی نا اہلی کہہ لیجئے بد انتظامی کہہ لیجئے کم توجہی کہہ لیجئے لیکن بہر حال یہ بات طے ہے کہ اگر بڑے ہنگامی بنیاد پر جتنا یہ عظیم سانحہ تھا اسی عظیم طریقے سے امداد پہنچانے کی کوشش کی جاتی تو مجھے یقین ہے کہ سینکڑوں انسانی جانیں بچ جاتی ۔ اور ان کے دکھ اور تکالیف میں بہت جلد کمی کی جاسکتی تھی ۔ اگر وہ خبر جس پر میں نے تحریک التواء پیش کی تھی ۱۰ جنوری کی تھی ۲۸ دسمبر سے ۱۰ جنوری تک چودہ دن کا بڑا طویل عرصہ ہے اتنے بڑے مسئلے پر چودہ دن کے بعد اس بات کا انکشاف ہوتا کہ اب تک بھی ایسے لوگ موجود ہیں جو طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے ہلاک ہوگئے بڑی افسوسناک اور افسوسناک ہی نہیں انتہائی شرمناک بات ہے کسی بھی حکومت کسی بھی انسانی سوسائٹی کے لئے نہایت شرمناک بات ہے کہ اس کے بھائی اس کے ہم وطن سو میل پر پچاس میل پر پندرہ دن تک اس لئے مرتے رہے کہ وہ ان کو طبی امداد فراہم کرنے میں قطعاً نا کام ہوگئے جناب چیئرمین پٹن ۔ یہ بھی ۱۰ جنوری کی خبر ہے پٹن میں بھی لوگ ۱۰ جنوری کو اس لئے ہلاک ہوگئے ان کے مکان اس حالت میں تھے کہ وہ ۱۰ جنوری کو گرے اور وہ مکانوں میں دب کر مر گئے ۔ دکھ اس بات کا ہے کہ جتنا عظیم سانحہ تھا جتنی توجہ کا یہ متقاضی یہ سانحہ تھا اتنی توجہ اور اتنی ہمدردی کا مظاہرہ اہل اقتدار کی طرف سے نہیں کیا گیا ۔ سیاست بالکل ایک جدا چیز ہے اس لئے جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس مسئلہ کو سیاسی طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیئے اس کا بڑا واضح مطلب یہ ہے کہ یہ قومی سانحہ ہے اسے قومی بنیادوں پر حل کیا جائے اور قومی بنیاد پر حل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس ملک کے نمائندوں کو بلا امتیاز اس کے کہ وہ سرکاری بینچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ اپوزیشن کے بینچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ان کو ملا کر اکٹھے بٹھا کر کچھ شارٹ ٹرم منصوبے بنائے جائیں ۔ کوئی لانگ ٹرم منصوبے بنائے جائیں ۔ تاکہ یہ لوگ جو لاکھوں کی تعداد میں بے بس ہیں ان کے مسائل جو ہیں ان کو حل کیا جاسکے ۔ ظاہر ہے کہ زلزلے کے مسئلے میں فوری طور پر طبی امداد کا مسئلہ ہے ان کی روٹی اور بحالی کا مسئلہ ہے اور پھر یہ کہ اس زون

[Mr. Zamarud Hussain]

میں جو کہ زلزلے کی زد میں ہیں ایسے انتظامات کا مسئلہ ہے کہ خدانخواستہ اگلے کسی عرصہ میں وہ کسی ایسی مصیبت کا شکار نہ ہوسکیں اس لئے یہ عمل تقاضا کرتا ہے کہ ایک منصوبہ بندی تھوڑی مختصر ہو جس سے انہیں فوری طور پر امداد مل سکے اور ایک لمبی منصوبہ بندی ہو تاکہ آئندہ کے لیئے انہیں ایسی قدرتی آفات سے بچاؤ کے لیئے کوئی مناسب انتظام کیا جاسکے ۔ اور یہ تب ہی ممکن ہے کہ اس مسئلے کو ایک فریق حل نہ کرے بلکہ اس کو قومی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی جائے جناب چیئر مین میرا دل ان لوگوں کے لئے دعا کرنے کو چاھتا ہے میں ان لوگوں کا احسان محسوس کرتا ہوں جنہوں نے کہ دنیا کے کونے کونے سے انسانوں کے دکھ کو محسوس کیا ہے کیونکہ وہ ہمارے پاکستانی بھائی نہیں تھے ہمارے ملکی بھائی نہیں تھے اور شاید ہمارے مذھی بھائی بھی نہ ہوں لیکن دنیا کے کونے کونے میں ایک انسان نے ایک انسان کا دکھ محسوس کیا ہے اگر میں غلط نہیں کہتا تو دنیا نے اتنی امداد فراہم کی ہے کہ اگر ہم اس روپے کو زلزلے سے متاثرہ لوگوں کی بھلائی کے لئے خرچ کریں اور ان کی بحالی کے لئے خرچ کریں تو مجھے یقین ہے کہ وہ جو بڑا پسماندہ علاقہ ہے بڑا دشوارگزار علاقہ ہے دور دراز علاقہ ہے اس کو ایک بہشت کے ٹکڑے میں منتقل کیا جاسکتا ہے لیکن جہاں ایک انسان نے ایک انسان کی امداد کی ہے وہاں دکھ صرف اس بات کا ہے کہ انسان تو انسان کا مصیبت میں ہاتھ بٹاتا ہے لیکن یہاں کچھ انسان کی شکل میں بھیڑے ہیں انسان کی شکل میں وحشی لوگ ہیں ۔ جو چاھتے ہیں کہ یہ امداد ہماری جیب میں چلی جائے ہمارے خاندان کو مل جائے ہمارے دوستوں کو مل جائے اور ہم اپنے بھائیوں کو تڑپتا ہوا دیکھ سکیں ۔ جناب میں کسی فرد یا پارٹی پر الزام نہیں لگاتا آپ جانتے ہیں اور آپ کے علم میں ہے کہ ہماری سوسائیٹی اور ہمارا معاشرہ اسقدر گر گیا ہے اس کا کردار کس حد تک گر گیا ہے ، اس کی مثال میرے کامران بھائی نے دی ہیں اور کہا ہے کہ فلڈ کے لئے جو گھی آیا تھا وہ آج بھی راولپنڈی کے بازاروں میں بکتا ہے کیا وہ پاکستانی نہیں ہیں ، کیا ان کے بھائی سیلاب کا شکار نہیں ہوئے تھے کیا ان کے بھائی نہیں مرے اسطرح آج فرنٹیئر میں . .

میں ایک خط کو نہیں پڑھتا وہ خط ایک نیم پڑھے لکھے آدمی کا خط ہے جو کہ ولی خاں کو لکھا گیا ہے اسنے الزام لگائے ہیں کہ امدادی سامان کی تقسیم میں دھاندلیاں کی جارہیں ہیں متاثرہ لوگوں کو امداد فراہم نہیں کی جارہی اس بات کو روکنے کے لئے کہ یہ سیاسی مسئلہ نہ بن جائے میں اس خط کو نہیں پڑھتا اور نہ اس کو سیاسی مسئلہ بنانا چاھتا ہوں لیکن میں بڑے دکھ کے ساتھ اور بڑی التجاء کے ساتھ گورنمنٹ سے کہوں گا کہ اس کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں اس کو اپنی پارٹی کا مسئلہ نہ بنائیں بلکہ اس مسئلے کو قومی بنیادوں پر حل کریں اور اس کی منصوبہ بندی ملک کے قومی منتخب نمائندوں پر چھوڑ دیں اور دیکھیں کہ وہ اس کی ترقی و بہبود اور اس علاقے کے لوگوں کو دکھوں سے نکالنے کے لئے کیا کیا انتظامات کرتے ہیں یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا یہی ایک بہترین حل ہے ۔(تقریر ختم ہوتی ہے)

جناب قائم مقام چیئرمین : خواجہ صاحب فرمائیے ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! مجھے وقت کی قلت کا احساس ہے لیکن میں اپنے فرائض میں کوتاہی کروں گا اگر میں ان عظیم مسلم ممالک اور اس کے علاوہ تمام دنیا کے ممالک کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے اس عظیم سانحہ میں ہماری نہایت فراخ دلانہ امداد کی ہے جناب چیئرمین میرے پاس وہ الفاظ نہیں جن سے کہ میں لیبیا کی حکومت اور وہاں کی عوام کا ، سعودی عرب کی حکومت اور وہاں کی عوام کا، متحدہ عرب امارات اور وہاں کے عوام کا، شہنشاہ ایران اور ایرانی عوام کا شکریہ ادا کرسکوں انہوں نے ہماری بے پناہ اور نہایت فراخدلی سے امداد کی ہے اور میں تمام ان دوسرے ممالک کا بھی انتہائی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے آڑے وقت میں، اس انتہائی مصیبت کے وقت میں، ہماری ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے ہماری امداد میں کسی قسم کے بخل سے کام نہیں لیا اور میں یہ بھی اپنا ایک خوشگوار فرض سمجھتا ہوں کہ میں اپنے عظیم ہمسایہ ملک چین کا نہ صرف مالی امداد کے لئے شکریہ ادا کروں بلکہ ان چینی بھائیوں کا بھی شکریہ ادا کروں جو اس شاہراہ پر اگرچہ ایک اور فرض کی سر انجام دہی

[Khawaja Mohammad Safdar]

کے لئے آئے ہوئے تھے جنہوں نے بروقت ہمارے پہنچنے سے پہلے ہمارے بھائیوں کی امداد کی ۔ جناب والا ! میں یہ بھی اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ہوں کہ میں پاکستانی فوج کے جوانوں کا شکریہ ادا کروں جو کہ اسوقت وہاں موجود تھے اگر وہ موجود نہ ہوتے تو بیشتر قیمتی جانیں ضائع ہوجاتیں ان کی امداد کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں بچ گئیں جناب چیئرمین ! میرے دوستوں نے جو ھاؤس کے اسطرف بیٹھے ہوئے ہیں افسوس ہے کہ حزب اختلاف پر نکتہ چینی کے لئے اس موقعے کو بھی غنیمت جانا اور مناسب سمجھا کہ اس موقع پر بھی حزب اختلاف پر بھی نکتہ چینی کی جائے غالباً انہیں اس بات کا احساس نہیں کہ زلزلہ زدہ علاقہ میں کیا ہوا ہے اور انہیں کس حد تک امداد کی ضرورت ہے جناب چیئرمین ! مجھے ان دوستوں سے قطعی طور پر اتفاق نہیں کہ ہماری حکومت کی جانب سے بروقت امداد پہنچی بلکہ میں آج پورے یقین اور وثوق سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ حکومت کو آج تک یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ وہاں کسقدر جانی نقصان ہوا ہے ہمیں صرف یہ کہہ کر بہلایا جا رہا ہے کہ دور دراز علاقہ ہے ، دشوارگزار علاقہ ہے ہمیں پہلے یہ بتایا گیا تھا کہ تین سو افراد ہلاک ہوئے پھر پانچ سو بتائے گئے اور پھر ایک ہزار اور پھر پانچ ہزار اور اب سات ہزار۔ اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ آج تک بھی حکومت کی جانب سے کسی ایجنسی نے اس بات کا پتہ نہیں لگایا کہ کسقدر لوگ اجل کا لقمہ بن چکے ہیں ۔ جناب والا ! ایک معزز رکن کا ارشاد ہے کہ ہم نے اپنے اخباروں میں ارباب اقتدار کے خلاف پروپیگنڈا شروع کیا ہے کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ ہمارا اخبار کون سا ہے شاید ایک تو پاکستان ٹائمز ہے جو کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کا اخبار ہے کیا نیشنل پریس ٹرسٹ عبدالولی خاں یا مولانا سید ابولاعلی مودودی کی ملکیت ہے اگر ایسا ہے تو پھر یقیناً پاکستان ٹائمز ہمارا اخبار ہے لیکن کیا یہ امر واقع نہیں ہے کہ پاکستان ٹائمز کے سپیشل رپورٹر جن کا اسم گرامی محمد ادریس ہے انہوں نے وہاں کا دورہ کرنے کے بعد

یہ رپورٹ دی اور میں اس رپورٹ کی چند سطریں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں میرے ہاتھ میں ۵ جنوری کا پاکستان ٹائمز ہے وہ پتن سے رپورٹ کرتے ہیں :

Pakistan Times of 5th January 1975-

"The air in tent hospitals here is filled with groaning and crying and wailing. The relatives of the wounded are to be seen desperately scrambling for a doctor. The disaster has made them shed their inhibitions about having their women folk examined by a male doctor.

Among common sights in these tents: A woman with a fractured leg, bandaged but waiting to be put in plaster, making no attempt to hide her pain. A crying infant, with an extensive lacerated wound on the forearm, infested because of dirt and dust, now put on antibiotics and supportive treatment. A child with a fractured armbone, ready for an operation, cannot be given anaesthesia because he took some food in the morning."

جناب والا ! یہ حالت ہے جہاں تک کہ زخمیوں کو طبی امداد پہنچانے کا تعلق ہے میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں ۱۲ - ۱۴ ، تاریخ کے اخبارات سے بھی یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ ۱۵ ہزار آدمی وہاں زخمی ہوئے ہیں مگر ان کی مرہم پٹی کرنے والے چند ایک سے زیادہ نہیں مجھے تو موقع ہی نہیں ملا - ہماری جماعت کی جانب سے ملک محمد قاسم ، جنرل سیکریٹری اور چودھری ظہور الہی ایم - این - اے وہاں تشریف لے گئے تھے اور وہاں پر دو دن رہے تھے - واپسی پر انہوں نے رپورٹ دی کہ ہزاروں آدمی ایسے ہیں ، ان کی اطلاع کے مطابق ، جو کہ دور دراز گاؤں میں برف کے نیچے دب کر یا شدت کی سردی کی وجہ سے لقمۂ اجل بن گئے ہیں - انہیں حکومت کی طرف سے کوئی امداد نہیں پہنچ سکی اور نہ انہیں کھانے پینے کا سامان حکومت کی طرف سے پہنچ رہا ہے -

جناب والا ! اخبارات کے مطابق میں عرض کر رہا ہوں کہ وہاں کے ایک مقامی باشندے جو کہ امدادی کمیٹی کے صدر ہیں ، نے بیان دیا ہے اور یہ بیان ۱۱ تاریخ کے اخبار " نوائے وقت " میں چھپا ہے انہوں نے کہا ہے کہ " یہاں کے بعض ایسے علاقوں میں سامان بھیجا جا رہا ہے کہ جہاں پر سامان کی ضرورت نہیں ہے - اور وہ علاقے متاثرہ بھی نہیں ہیں - غالباً انہیں شکایت کی بناء پر پہلے ریلیف کمشنر کو تبدیل بھی کیا گیا ہے اور ان کی جگہ

[Khawaja Mohammad Safdar]

نئے ریلیف کمشنر کو بھیجا گیا ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان شکایت میں اتنا وزن ہے کہ ان کے درست ہونے کی بناء پر وہاں کے ریلیف کمشنر کو تبدیل کرنا پڑا ۔ جناب والا ! مجھے خوشی ہوئی ہے کہ وہاں کے ریلیف کمشنر کو ان لوگوں کی شکایت پر تبدیل کیا گیا اور ان کی شکایات کا مداوا کرنے کے لئے نئے افسر کو تعینات کیا گیا ۔

جناب والا ! جہاں تک خوراک کا تعلق ہے ....

جناب شیر محمد خاں : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! پہلے بھی سالا کنڈ ڈویژن کا کمشنر مسٹر جمشید برکی تھا اور آج بھی وہی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! مجھے افسوس ہے کہ میری اطلاع درست نہیں اس کے علاوہ اور میں کچھ نہیں کہہ سکتا چاھیئے تو یہ تھا کہ ان کی شکایات پر کوئی نئے افسر مقرر کئے جاتے مگر افسوس کہ ایسا نہیں کیا گیا ۔

جناب چیئرمین ! اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ یہ بھی ایک کوتاھی ہے ۔ یہ کوتاھی اسلیئے نہیں کہ سامان کی کمی تھی ۔ یا ھمارے پاس امدادی سامان نہیں پہنچا مگر کوتاھی یہ ہے کہ ھم اپنے وسائل کو بروئے کار نہیں لاسکے ۔ جناب والا ! آج بھی کم و بیش ایک ماہ گذرنے کے بعد بھی ھم اپنے بھائیوں کو ٹینٹ مہیا نہیں کرسکے ۔ اس سلسلے میں مجھے متعدد خطوط ملے ھیں جن میں خط لکھنے والوں نے کہا کہ ھمارے پاس اتنے ٹینٹ نہیں ھیں اگر ھیں تو بہت کم ھیں ۔ اس لئے کئی لوگوں کو ابھی تک نہیں ملے ھیں ۔ لوگوں کو کھلے آسمان تلے راتیں بسر کرنی پڑ رھی ھیں ۔ مولانا عبدالحکیم ایم۔این۔اے نے جو کچھ کہا ہے میں اس کو دھرانا نہیں چاھتا ۔ بلکہ میں اشارتہً عرض کروں گا ....

(مداخلت)

ھاں جناب شیر محمد صاحب نے خود اپنی تقریر میں کہا ہے کہ میں خود شامیانے میں رہ رھا ھوں اور ابھی تک اپنے مکان میں نہیں گیا ھوں ۔ جناب والا !

ان کو شامیانہ مل گیا مگر ایسے کئی لوگ ہیں جنہیں ایک ماہ گذرنے کے باوجود بھی آج تک کوئی شامیانہ نہیں ملا ہے۔ سردی کی شدت میں جب کہ برف پڑ رہی ہوتی ہے تو وہ لوگ کھلے آسمان کے نیچے دن رات بسر کر رہے ہیں۔ ان کے کئی ایک بچے اور بوڑھے سردی کی وجہ سے ٹھٹر کر مر گئے ہیں۔ ان نعشوں کو وہاں کے لوگوں نے ریلیف کیمپ کے انچارج کے دفتر کے سامنے لا کر لایا اور سرکاری افسروں کے خلاف مظاہرہ کیا اس سے تو کوئی انکار نہیں کرے گا۔ اس کی جناب والا! آج تک تردید نہیں ہوئی ہے۔

جناب والا! وقت چونکہ کم ہے اسلئے میں آپ کی توجہ چند ضروری باتوں کی طرف دلاتا ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ، اگر اخباری اطلاع درست تو ہے، حکومت کی طرف سے جو ضروری امداد اور علاج معالجے کی سہولتیں دی جارہی ہیں ہمارے امدادی وسائل کے پیش نظر بہت ناکافی ہیں۔ جناب والا! ایک آدمی جو کہ ایک خاندان کا تنہا کمانے والا ہو اور وہ فوت ہوگیا ہو تو ایسی صورت میں بھی، اخباری اطلاع کے مطابق اس خاندان کو ایک ہزار روپیہ ملے گا۔ جناب والا! یہ امدادی رقوم بڑھانی چاہیئے۔ پچھلے سیلاب میں یہی شرح رکھی گئی تھی۔ اسوقت تو شائد ہمارے پاس وسائل نہیں تھے اب تو ماشا اللہ کا فضل ہے، غیرملکی امداد کی وجہ سے اتنے وسائل ہیں کہ امداد کی شرح میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔ جناب والا! میں اس طرف بیٹھے ہوئے دوستوں اور بھائیوں سے گذارش کروں کہ وہ لوگوں کا اعتماد بحال کریں اور وہاں پر ایک غیر سرکاری کمیٹی قائم کی جائے۔ اس میں حکومتی پارٹی کے افراد بھی شامل ہوں اور اس میں چند ایک حزب اختلاف کی پارٹیوں کے بھی ذمہ دار افراد کو شامل کیا جائے۔ تاکہ وہ امدادی کاموں کی نگرانی کرسکیں اور مصیبت زدگان کی شکایات رفع ہوسکیں۔ ان کی شکایات کا انسداد ہوسکے اور صحیح حق داروں کو ان کا حق مل سکے۔

جناب والا! میں گذارش کروں گا کہ جس طرح جنگ کے زمانے میں ہوتا ہے، اسی بنیاد پر ٹینٹ اکٹھے کئے جائیں ہماری آرمی کے پاس بے شمار ٹینٹ ہیں۔ اگر حکومت ان کو دینا گوارہ نہیں کرتی تو اس سانحہ عظیم کا مقابلہ کرنے

[Khawaja Mohammad Safdar]

کے لئے سول آبادی مثلا دوکانداروں ، ٹھیکیداروں سے ٹینٹ اکھٹے کرکے وھاں پہنچانے چاھیں - اس کے علاوہ خصوصیت کے ساتھ بڑی تعداد میں لحاف کی شدید ضرورت ھے -

جناب والا ! دوسری اھم چیز خوراک ھے - جس مقدار میں وھاں لوگوں کو خوراک مل رھی ھے وہ نا کافی ھیں - چھوٹے چھوٹے لفافوں میں پورے پورے خاندانوں کے لئے خوراک دی جاتی ھے - خوراک لینے کے لئے انہیں ۱۰ / ۱۵ میل کے فاصلے سے ریلیف کیمپوں میں آنا پڑتا ھے - اسلئے میری گذارش ھے کہ ان کو معقول مقدار میں راشن دیا جائے تاکہ ھفتہ بھر استعمال کرسکیں اور انہیں ھر روز آنا جانا نہ پڑے - اخباری اطلاع کے مطابق زلزلہ ایک ھزار مربع میل کے علاقے میں آیا ھے - یہ بہت وسیع و عریض علاقہ ھے لیکن انہیں راشن لینے کے لئے ھر روز کیمپوں میں آنا پڑتا ھے - جس سے انہیں بہت تکلیف ھوتی ھے - ان کے کچھ افراد بیمار ھیں ، کچھ زخمی ھیں انہیں ان کی بھی تیمارداری کرنی پڑتی ھے اگر وہ سارا وقت آنے جانے میں صرف کردیں تو وہ دوسرے کام نہیں کرسکتے - میری گذارش ھے کہ ان کو زیادہ سے زیادہ عرصہ کے لئے راشن دیا جائے تاکہ انہیں کچھ سہولت حاصل ھوسکے -

جناب والا ! آخر میں توقع کرتا ھوں کہ اس سانحہ عظیم کو حکمران جماعت سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے استعمال نہیں کرے گی - جیسا کہ وہ نہایت معتبر اطلاعات کے مطابق کر رھی ھے یہ باتیں جناب والا ! ھم نہیں کر رھے ھیں بلکہ ان کے ساتھ بیٹھنے والے ، ان کے ساتھ اٹھنے والے کر رھے ھیں وہ یہ الزامات لگا رھے ھیں - اسلئے میں گذارش کروں گا کہ ایسی شکایات کو حل کیا جائے اور اس انسانی مسئلے کو ھمدردی کی بنیاد پر حل کیا جائے ھمارے پاس جتنے بھی وسائل ھیں ان سے کام لیا جائے - بس اتنا ھی میں نے عرض کرنا تھا -

جناب قائم مقام چیئرمین : میں ، مسٹر ھاشم غلزئی ،

جناب محمد ھاشم خاں غلزئی : جناب والا ! میں نہایت دکھ سے اس بحث میں شریک ہو رہا ہوں ۔ یہ بات جناب والا ! سب کو معلوم ہے کہ انسان آسمانی آفات پر کنٹرول نہیں کرسکتا ۔ اگر ایمانداری کے ساتھ کوشش کی جائے ، دیانتداری سے جدوجہد کی جائے تو ان آسمانی آفات کا مقابلہ کرکے ان کے اثرات کو کم کیا جاسکتا ہے ۔ مگر مجھے افسوس ہے کہ ہماری حکومت ایک ایسے وقت میں اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں نا کام رہی ہے ۔ جو کہ ملک اور قوم کے لئے نہایت اہم ہے میں اس قسم کی آفات کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا کیونکہ میں ذاتی طور پر اس قسم کے ایک سانحہ سے واقف ہوں ۔ میرا مطلب ہے کہ ہمارے ملک میں سنہ ۱۹۳۵ع میں جب کوئٹہ میں زلزلہ آیا تھا اسوقت انگریز حکومت نے جو انتظامات کئے تھے میرا خیال ہے اگر وہی طریقے وہاں پر اختیار کئے جاتے تو شاید ان مظلوموں کو زیادہ آرام پہنچتا اور اتنا نقصان نہ ہوتا ۔ ایسے وقت میں جب آسمانی آفات نازل ہوتی ہیں تو انسانی ہمدردی اور سلوک کے تحت اقدامات کئے جانے چاہیں اور ایسے حالات میں ایمرجینسی یا نیشنل ایمرجینسی کے تحت اقدامات اٹھائے جاتے ہیں ۔ ۱۹۳۵ع میں جب زلزلہ آیا تھا تو وہاں کی حکومت نے تین گھنٹے کے اندر راتوں رات تمام انتظامات فوج کے حوالے کردئے ۔ کیونکہ سول عملہ ختم ہوچکا تھا اور تمام انتظامات فوج کے حوالے کردئے اور فوج نے ایک دن کے اندر تمام شہر کو جس کی آبادی تقریبا ڈیڑھ لاکھ تھی اور اس میں سے جو بچ گئے تھے ان کو ٹینٹ مہیا کئے ان کو ایک مہینے کا راشن مہیا کیا ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اسوقت بھی ہماری حکومت کو جس وقت ٹیلیفون یا وائرلیس کے ذریعے یہ اطلاع ملی تھی تو تمام انتظام فوج کے حوالے کردیتے تو اتنا زیادہ عظیم نقصان نہ ہوتا ۔ اور وہ لوگ جو بعد میں سردی کی وجہ یا لا علاجی کی وجہ سے ضائع ہوئے ہیں وہ نہ ہوتے میرے خیال میں حکومت کی یہ بڑی کمزوری تھی کہ انہوں نے بروقت اس علاقے کا انتظام فوج کے حوالے نہیں کیا ۔ اب بھی سننے میں یہ آیا ہے کہ اگر کچھ بروقت امداد ہوئی ہے تو وہ فوج کے جوانوں نے کی ہے ۔

جناب والا ! دوسری بات راشن کی تقسیم کی ہے ۔ ایسے وقت میں لفافوں

[Mr. Mohammad Hashim Khan Ghilzai]

میں راشن تقسیم نہیں کیا جاتا ۔ کوئٹہ میں ۱۹۳۵ء میں زلزلے کے بعد وہاں راشن ابھی ٹرکوں کے ذریعے پہنچا بھی نہیں تھا ۔ مگر شہر میں جو کچھ بچا تھا وہی ٹرکوں میں بھر کر ہر ایک گھر میں بوری آٹے کی ، چینی کی ، لکڑی، کمبل ، کوئلہ سب کچھ مہیا کیا گیا ۔ موجودہ انتظام کے بارے میں یہ سن رہے ہیں ۔ کہ لفافوں میں راشن بند کرکے دیا جاتا ہے یہ ناکافی ہے ۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ ہر ایک خاندان کو ایک مہینے کا راشن دیا جاتا اور پوری مقدار میں دیا جاتا تاکہ انہیں کوئی تکلیف نہ ہوتی ۔

جناب والا ! تیسری بات زخمیوں کو اس جگہ سے نکالنے کی ہوتی ہے یا سالویج کی ۔ کیونکہ بہت سارے لوگ دب جاتے ہیں اور بہت سارے زندہ انسان جو دب جاتے ہیں وہ سسک کر ملبے کے نیچے مرجاتے ہیں ۔ اگر انہیں فوری طور پر طبی امداد نہ پہنچائی جائے اگر یہ تمام انتظامات بروقت فوج کے حوالے کردیتے اور فوج وہاں سالویج کا کام شروع کرتی تو میرا خیال ہے کہ وہاں پر سیکڑوں اور ہزاروں لوگ جو زندہ تھے اور ملبے کے نیچے پھنسے ہوئے تھے یا زخمی تھے وہ بچ جاتے ۔ اور جن کا بعد میں علاج کیا جاسکتا تھا ۔ یہاں پر بھی میں یہ حکومت کی نا اہلی کہوں گا کہ اس نے بروقت سالویج کا کام شروع نہیں کیا اور اس طرح بہت ساری جانیں ضائع ہوگئیں ۔ اس کے بعد طبی امداد کا کام ہے ۔ تو بروقت اگر یہ فوج کے حوالے کردیتے تو فوج کے تمام ڈاکٹر اور سول کے تمام ڈاکٹروں کو وہاں پر بلالیا جاتا تو اس طرح بھی بہت ساری جانیں بچ جاتیں ۔ یہاں بھی حکومت نے نا اہلی کا ثبوت دیا ہے ۔ اس کے بعد ان کے رہنے سہنے کے لئے اور سردی سے بچاؤ کے لئے ٹینٹ مہیا کرنے چاہیں تھے ۔ کیونکہ وہاں بارش ہو رہی ہے اور برف پڑ رہی ہے ۔ آگ اور گیس کا انتظام کافی نہیں ہے وہاں پر ٹینٹ بھی ناکافی ہیں اگر یہ بروقت فوج کے محکمے والے وہاں اپنے ٹینٹ مہیا کرتے ، ہوائی جہازوں کے ذریعہ ہیلی کاپٹروں کے ذریعے اور ٹرکوں کے ذریعے وہاں پر ٹینٹ بروقت مہیا کئے جاتے تو اس طرح بہت ساری جانیں بچ جاتیں ، بہت ساری جانیں ضائع نہ ہوتیں اب بھی اگر فوج کی طرف سے یا سول کی طرف سے ٹینٹ وہاں پہنچائے جائیں تو بہت ساری جانوں کو

بچایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ، میں ایک تجویز پیش کروں گا وہ یہ ہے کہ وہاں کے متاثرہ لوگوں کو وہاں سے باہر بھیج دیا جائے دوسرے گرم علاقوں میں بھیج دیا جائے جیسا کہ بلوچستان میں ۱۹۳۵ء میں ہوا تھا وہاں کی کثیر آبادی کو کراچی، سندھ۔ سکھر، پنجاب، لاہور ایسی جگہوں پر بھیج دیا گیا تھا تو وہاں کے لوگوں نے ان کا بہت خیال رکھا ان کو اپنے پاس رکھا ان کو مکان مہیا کئے ان کی ہر قسم کی مدد کی اب بھی اگر بروقت لوگوں کو وہاں سے نکال کر پشاور، پنڈی یا لاہور یا دوسرے علاقوں میں بھیج دیا جائے تو زیادہ بہتر رہے گا۔

جناب والا! چونکہ ان لوگوں کو دوبارہ وہاں بسانے میں بڑا وقت لگے گا اور اتنے عرصے کے لئے ان کو وہاں سے باہر بھیج دیا جائے۔ میرے خیال میں حکومت کو ان کی کچھ مدد کرنی چاہیئے۔ کرایہ دینا چاہیئے۔ ٹرینیں چلانی چاہیں تو میرا خیال ہے کہ مسلمان پاکستانی بھائی، ان کی ہر قسم کی مدد کرینگے اور دو چار بہن بھائیوں کو اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ ہمیں جو امداد ملی ہے اب اس کی تقسیم کا مسئلہ باقی رہ جاتا ہے۔ میں بھی اپنے دوستوں کی تجویز کا اعادہ کرتا ہوں اور جن ممالک نے ہمیں امداد دی ہے، ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور میں بھی ان کے ساتھ شریک ہوں۔ چونکہ تقسیم کا مسئلہ نہایت اہم ہے اور تقسیم کو بھی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کیا جانا چاہیئے۔ اور اس کو نیشنل لیول پر لینا چاہیئے اور نیشنل لیول پر تمام قومی اداروں سے ایماندار لوگوں کی ایک کمیٹی بنائی جائے اور اس کے سپرد یہ کام کیا جائے کہ جس میں وہاں کے متاثرہ علاقے کے لوگ میں شامل ہوں اور ان کی نگرانی میں یہ فنڈز تقسیم کئے جائیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ میں اپنے دوست کامران صاحب کی اس تجویز کی حمایت کروں گا کہ یہ پیسہ جو باہر سے آیا ہے یہ ان لوگوں کو ان کیش دیا جائے۔ تاکہ وہ اپنے لئے ارتھ کویک پروف مکان تعمیر کراسکیں۔ اور ایک بلڈنگ کوڈ مرتب کیا جائے۔ جیسا کہ بلوچستان میں اب تک رائج ہے۔ وہاں متاثرہ علاقے میں اگر کنسٹرکشن ہوئی ہے تو وہ ارتھ کویک پروف بلڈنگ کے مطابق ہوئی ہے۔ حکومت کو اس کے اخراجات کا اندازہ لگانا چاہیئے

[Mr. Mohammad Hashim Khan Ghilzai]

اور ایک ایک فیملی کو یا ہر ایک خاندان کو اتنی رقم دی جائے کہ وہ اپنے لئے ایک ارتھ کویک پروف بلڈنگ بناسکے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا بہ نسبت اس کے کہ یہ پیسہ فضول کاموں پر خرچ ہو اور یہ امداد ایک کمیٹی کے ذریعے ہونی چاہیئے فی الحال ان لوگوں کو وہاں سے باہر بھیج دیا جائے تاکہ ان کے بھائی ان کی مدد کرسکیں ۔ اور ان کو آئندہ اتنی امداد دی جائے تاکہ وہ اپنے لئے ایک ارتھ کویک بلڈنگ بناسکیں ۔

جناب والا ! چوتھی بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آسمانی آفات پر کنٹرول نہیں کیا جاسکتا مگر آج کل جدید سائنس کے زمانے میں ایسے آلات ایجاد ہوچکے ہیں اور ہمارے مشاہدے سے ، ایسے مضامین گزرے ہیں کہ جاپان نے اس قسم کے آلات بنائے ہیں کہ ان کو چوبیس گھنٹے پہلے معلوم ہو جاتا ہے کہ زلزلہ آئے گا اور کتنی شدت سے آئے گا اور حکومت کو کوشش کرکے ایسے آلات منگوانے چاہیں اور اس علاقے میں بھی بلوچستان کی طرح ایک ادارہ قائم کیا جائے تاکہ آئیندہ کے لئے وہ بتاسکیں کہ زلزلہ آئے گا اور کتنے عرصے کے بعد آئے گا اور کس شدت کا ہوگا تو اس سے کچھ نہ کچھ لوگوں کے لئے سہولت ہوسکتی ہے بجائے اس کے کہ میں حکومت کو یا اپنے ساتھیوں کو مورد الزام ٹھہراوں میں یہ کہوں گا کہ ہمیں اس مسئلہ کو نیشنل کمیٹی سمجھکر ایمانداری سے اس پر سوچنا چاہیئے جو امداد ہمیں ملی ہے اس کو اچھے طریقے سے ایمانداری سے متاثرہ لوگوں میں تقسیم کیا جائے ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی جگہ لیتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ۔ پہلے وزیر دفاع بولیں گے یا آپ . . .

جناب میجر جنرل جمالدار : جناب چیئرمین ! پانچ دس منٹ بولوں گا تاکہ جو کچھ میرے دوستوں نے mention کیا ہے میں ان کی صفائی کردوں پٹن میں ۱۰ تاریخ کو میں وہاں خود موجود تھا ۔ یہ غلط ہے وہاں کوئی clash نہیں ہوا اور یہ کہا گیا ہے کہ فلاں علاقے کو مال جا رہا ہے فلاں

نے چوری کی۔۔۔۔۔۔تو میں کہتا ہوں کہ چور کا پکڑنا صرف سرکار کا کام نہیں یہ تمام کا فرض ہے کہ جس کو چور ملے وہ اسے پکڑ کر سرکار کے حوالے کرے اور اگر سرکار اس چور کو سزا نہ دے تو پھر بے شک یہ کہا جائے حکومت کام نہیں کر رہی ہے اور ایسی باتوں کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے جناب والا! میں اب mention کرنا چاہتا ہوں کہ ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۷۵ع سے لیکر اب تک جو سامان دیا گیا ہے۔ ٹینٹ ۳۹۰۴ کمبل ۳۷۹۸۴ رضائیاں ۱۲۰۷۴۔ گرم کپڑا ۹۵۳۷۳ آٹا ۱۵۰۷۱ من چاول ۱۱۰۰ من چینی ۶۱۶ من دالیں ۲۶۸۱ اور دوائیاں ۲۳ ٹن اور وہاں ریلیف سنٹر مقرر کئے گئے ہیں ۹ سنٹر ڈسٹرکٹ سوات میں ہیں اور چار ریلیف سنٹر ہزارہ میں ہیں پانچ ہسپتال ہیں جن میں نرسز اور ڈاکٹر کام کر رہے ہیں ۴۳ ڈاکٹر ایک لیڈی ڈاکٹر اور چار نرسیں یہاں پر کام کر رہی ہیں یہ بالکل غلط ہے کہ وہاں پر tents میں لوگوں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں یہ درست نہیں ہے۔

جناب شہزاد گل : جناب ! کیمپ کہ متعلق نہیں کہا گیا دور دراز علاقوں کے متعلق کہا گیا ہے۔

جناب میجر جنرل جمالدار : شاید دور دراز علاقوں میں کوئی مرا ہوگا۔ جہاں کوئی نہیں پہنچ سکا ہوگا۔ لیکن اس قسم کا کوئی case بعد میں نہیں ہوا یہ صرف ہماری اخباروں نے ہی نہیں بلکہ فارن کے لوگوں نے بھی ہمارے کام کی تعریف کی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ گورنمنٹ ٹھیک کام کر رہی ہے۔ یہ جو فنڈز کے متعلق کہا گیا ہے تو پرائمنسٹر صاحب نے بالکل واضح کیا ہے کہ انشا اللہ پیسہ پیسہ اس علاقے کی بہبودی کے لئے خرچ کیا جائے گا۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

**Mr. Acting Chairman**: Thank you very much. Yes, Mr. Aziz Ahmed.

**Mr. Aziz Ahmed**: Mr. Chairman, Sir, it is already very late, but there are certain points which are likely to be dealt with at some length. The Government welcomes this debate. We could have taken shelter under the rules and had this move disallowed because already a full- fledged debate had taken place in the

[Mr. Aziz Ahmed]

National Assembly. Nevertheless, in spite of that provision, we decided that Members of this august House should also be permitted to speak on this subject. It has been a very tragic calamity. It has been a national calamity and therefore we felt that they have the right and they should be given the opportunity to express their views on this subject and also, may be, we may benefit from this debate to the extent it is constructive. It is with that end in view that we welcomed it when this suggestion was made. I am afraid, the views expressed by the Opposition have been of a mixed character. There have been some useful suggestions. Much of the criticism is either misplaced or based on ignorance. If I may be forgiven saying so, even ignorance about which I had stated in the National Assembly and points which I had disposed of there were brought up again. May be, I realise their difficulties because only a very brief summary appeared of what I had stated there and therfore may be the members who brought up the some points again want to hear again exactly what I had said. But what pained me was that in spite of the fact that this is not merely a national issue but because of the involvement, happily, in a constructive manner of so many foreign powers, this has become almost an international issue. In spite of the fact, I am afraid, vague, not only vague but reckless allegations of failure on the part of the Government and the Relief Distribution Agencies have been made. Now, this is not fair. It serves no purpose. It does not help us to remove the shortcomings that there might be, and I admit that there must be shortcomings. Those of the honourable Members of this House who have been to the locality will know, how difficult it is to carry out the relief operations which are underway and in fact one would be surprised if there was no shortcoming because of the difficulties and the arduous nature of the relief work which our army and civilian persons are carrying out. And it is, I think most unfair that people who should be working under such difficult circumstances should be attacked in the manner in which they have been in this House. Even the National Assembly was more restrained in its criticism of alleged shortcomings of the relief organisations and from this august House I expected debate on a very much maturer and higher plain. But I confess that I have felt disappointed. Now, coming to the points made, I may dispose of one point made by the Leader of the Opposition straightaway. He compared the situation created by this earthquake to the situation which was created by the Quetta earthquake and also tried to draw a parallel between the action that was taken then and the action that is being taken now. He paid a compliment to the old colonial Government. Well, he is welcome to do that. I think they did good work but he has compared two totally different and totally disparate situation. In one case the earthquake was confined to the city, practically to the city, because most of the casualties took place in Quetta itself and the Army was there, supplies were there, medicines were there. It was merely a question of organising it. Whereas here, if the honourable Leader of the Opposition has gone to the area, unfortunately he has not been there, here it is a totally different situation. The area is inaccessible, practically no roads are there except, as I said in the National Assembly Thank

God for the Karakuram Highway we had been already established in that area. But for some Army Units engaged in road work, we would not have known about this calamity for weeks. But the difficulties are such enormous that it is a marvel that our people were able to get there soon. I am going to deal with that criticism because it was said that there was delay in reaching there and also that we were not able to organise and give the kind of help. Why it is said the help did not reach those areas in 24 hours and in some cases 48 hours? That is not correct. Same kind of allegation was made also that there was some neglect in communicating information concerning earthquake to agencies who could have taken action. Well, as explained in the National Assembly, what happens in an earthquake. The earthquake not merely destroys the houses, it destroys all communication and even the wireless sets get uprooted in an earthquake. The earthquake took place at 5-30 P.M. It was not till half an hour passed midnight that the Army Units were able to contact the base in Rawalpindi. Till then we did not know what had happened. Even then they did not know the extent of the damage. All other areas were cut off. For instance people in Besham did not know what happened in Pattan and so on and so forth and the situation had not come to the knowledge of the Army Headquarters until 9—30 the next morning when news came that Pattan had been wipped off. Even there were difficulties for the G.H.Q. It was not possible for the newspapers, radio and television organisation to highlight the tragedy that had struck pakistan, for the first two days because it was not until the evening of 29th that some estimate was available although even at that time it was an inadequate estimate of the enormous damage that had been done as a result of the earthquake. And what did the Army do? At 9-30 they had reached the place where two Chinese engineers had been serously injured. At one o'clock the same day relief supplies took off from Rawalpindi although weather was bad and normally they would not the have flown that day. The supplies consisted of food, madicines and doctors and the next day, this is less than 24 hours, they got there within 14 hours of the earthquake and a large number of supplies came from Army Stores and were rushed to these areas; about 900 tents, 220 stretchers, 20,000 razai and blankets etc. etc. Now I am afraid to say the impression that we did not react quickly enough or we did not provide necessary relief quickly enough or helidrop supplies is totally wrong. I will deal with some of the specific points raised now. We were told by Mr. Karmran Khan, why supplies were not airdropped from helicopter? Of course this is the first thing that struck the Army but areas which were inaccessible there were not many helipads available. That was what they did but at the same time we sent supplies on foot by porters who went there, in some cases taking two days covering the journey through difficult terrain. But in fact those areas were kept supplied by air. I kept hearing this complaint that relief supplies were made on the condition of the applicant joining the Pakistan Peoples Party. I do not know who started the story but it is a very nice story and I heard it in the National Assembly and I said that there is no basis for this story. Similarly I would say in respect of other allegations too. We have been told relief goods

[Mr. Aziz Ahmed]

being resold and alleged hints of inefficiency and corrupt practices. I would say that, as I said in the National Assembly that we are not aware of any serious irregularity. May be minimum number of irregularities took place and as I said minor shortcomings may also be there but as I mentioned in the National Assembly I shall be happy to enquire into each one of these complaints if the necessary particulars are supplied to me. It is no use making a general allegation. It is very easy to make a general allegation. It is easy to say I will not disclose the particulars, real particulars because then it becomes easier to make vague general allegations. I am grateful to those who have refrained from disclosing if they have done in order not to go into the details in this House. I assure the House that we will investigate every one of those complaints. I must say that is most unfair to the people. It is unfair that any relief organisation should be condemned outright on the basis of hearsay, vague allegations and vague reports from the parties who might be dissatisfied on personal grounds. May be they wanted something but they did not get it. They wanted a particular type of blanket. That kind of little motives cropped up. I would advise the Hon'ble Members to take these allegations with a pinch of salt. I think we need more than a pinch of salt to accept that. Maulana Zafar Ahmad Noomani has made very useful suggestion. I welcome it. Already we are on it useful suggestion and I welcome it and that is that we should set up cottage industries there. Already we are on it. We would not only set up cottage industries but small industries in that area. It is a suggestion that we should build more helipads. We will build more helipads but the unfortunate part is that there is not enough level ground available in the areas which are inaccessable. We had, therefore, confined ourselves to airdropping supplies and sending supplies there by porters and our own Army men trekking the whole area on foot. It is said that not enough doctors, not enough medicines were there. The matter has already been handled by my colleague.

The matter has already been handled by my colleague. He has given details of the medical staff there. I visited that area on the 7th January in company with the Lybian Minister and we learned two facts and these facts may not be in answer to my question because I thought I will keep quiet and let him put all the questions. One was that he was informed that the pressure on the doctors this is on the 7th has already considerably decreased with all the emergency cases having been taken care of and the kind of cases that were coming were ordinary cases of people suffering from ordinary diseases who had got news that medicines were not available in various areas and they were trekking in from different areas for treatment of normal ailments. This was on the 7th January. I think there is no basis in the news that some members of the House might have heard that death occured on that day or later because of inattention. I do not think there is any basis in that news. The other point which got out as a result of questioning by my colleague the Lybian Minister was that he asked them whether they needed more medicines and they said, no, we have more than enough. W- do not need

any medicines. Obviously that officer had no personal motive in saying we have more than enough medicines. He was just telling the truth. So I do not think that. May be in some of the areas which are inaccessable there may be shortage of medicines or may be some delay in providing medical aid because as I said the area is so difficult that it is a miracle if relief had reached everywhere with the greatest speed and had been uniform in character. There were some areas which had some difficulty in getting all the relief they needed like the others like Pattan and Besham etc. where the Army Units were in existence at the time the earthquake came.

A suggestion was made by Mr. Kamran Khan that the money, some 40 crores or so, should be distributed among the people of the area. I do not think this suggestion is a wise suggestion. We do not want to turn them rich overnight and squander the money. I think the Government has a unique opportunity to build that whole area and to turn it into a model for the rest of Pakistan. The word paradise was used again. That is what Mr. Wali Khan said in the National Assembly. I am not sure we can turn it into a paradise but we could certainly put this money to good use not merely providing relief but with the long term object of turning this whole area into a model and while I am on the subject, we have already under preparation a Master Plan. We are also going to associate the best architects and Town Planners with that Plan. We are also associating in the planning of it experts from Japan because they have considerable experience in earthquake-proof housing, and also from Switzerland because when I heard that and I was reminded when I heard this suggestion made in the Assembly of the remark made by my colleague the Lybian Minister when we were flying over Besham. He said, this place is like Switzerland. And we shall INSHALLHA turn it into a little Switzerland. When we have to plan it is the executive's primary proposal that the money is spent to the maximum advantage and to the lasting advantage for that area. Suggestion has come and it kept on cropping in the National Assembly also and I expected it to come up here too that a Committee should be set up consisting of all parties and it was suggested that it should be a parliamentary committee to oversee the operation of relief and also relief organisation and also as suggested by Mr. Zamarud Husain both to oversee implementation of the short term and the long terms projects. As I made it clear in the National Assembly we have no objection to examining this proposal. We will consider it but it was also made quite clear at the same time that the operation of relief is an executive responsibility. Government cannot transfer its responsibility to a parliamentary body. It is not the function of a parliamentary body to get involved in an operation which is exactly executive to see how the relief is operating and how the army is operating and how the civil organisation is operating and also to go ahead with the long term plan for the rehabilitation of the people in that area. This is really the executive's responsibility who would not abandon that responsibility and hand it over to a parliamentary body. Nevertheless, associating some kind of public representatives with the organisation and distribution of relief will be considered.

[Mr. Aziz Ahmed]

My friend, Khawaja Safdar, made a valid point that not all the tents needed are available. We are very conscious of that. The unfortunate thing is that what we need is not big shamiaanas because it would not be much of a protection against cold. Besides families do not want to live incommunal shelter abecuse there are women folk also. What we have been aiming at are small tents which will generally be for one family. Unfortunately the production internally is far from adequate and even those supplied from abroad are not adequate for this purpose. For instance, when the Lybian Minister put the question to relief organisation, how many tents you have got ? How many you need ? He said we have only got 2,000. That was on the 7th January. Now, as my colleague said, the number is 4,000. At the same time he said, we have two thousand but we need 11,000. We are sending words everwhere because we cannot produce more than that has already been produced in the country. We are laying hands on everything that we can get within the country. We have sent words that this one item we specially need in assistance, From there also we are getting 100 or 200 tents. Unfortunately, I am afraid we have to face the situation. There is nothing we can do. We can go on making all the efforts we can for getting as many tents as we can get both locally and from abroad. But there is this difficulty. We wish we had more tents. I agree with Khawaja Safdar but what we would like to do is to provide more 'razais', 'kumbul 'and blankets. That we are doing. These have been issued in thousands some 37,000 'razais' blankets etc. have been issued. That is the next best that we can do to protect them against cold. I will also look into the question of whether rations are so small that people had to go to the relief centre too frequently and whether they cannot be increased so that they go once a week. This suggestion was made by Khawaja Safdar and also by Mufti Sahib. We will look into it. It is a valid point. If it is true that people are going backward and forward too often. There was mention made that we should bring in more members of the Engineering Corps, increase the Army personnel in order to step up relief operations. That is all being taken care of. At one time when the need was felt that we have to step up relief and clearance of the road, for instance, about 52 miles of the Karakoram Highway road was blocked and it was a very difficult operation because as you blasted the obstruction more stones and earth came down the hill side and you found yourself at the end of the day where you started, practically no movement; nevertheless at this point 3,200 additional persons were rushed through and it must be said to their great credit that 52 miles of length of road which originally was estimated will take four to six weeks to clear, was cleared in 13 days. Now through communication has been established by road. True that only jeeps could go but that is good enough. Not only jeeps but trucks can also go. Even jeeps will serve the purpose because we are interested in keeping the supplies backward and forward.

Then the point is made why are those Ministers and others visiting those areas? That will take one helicopter out of the relief work. Let me assure the House that

that helicopter is meant for that purpose. The helicopter is used for that purpose whether visitors go from here or not because the Besham Centre as a base has to keep in touch with the base here at GHQ. If Ministers and officers did not go you would have said look at these fellow they are so hard hearted that they would not bother to visit these areas. If they go you say they should not have gone because they interfere in the relief work. So we are in the wrong both ways so far as the Opposition is concerned. Why should not they go there. It is not a picnic. If you please go there you know what it is to go there.

**Mr. Shahzad Gul :** I have visited the place.

**Mr. Aziz Ahmed :** I am glad. You know that it is not easy to visit that area not merely Besham but other areas in the neighbourhood.

Sir, I think I have dealt with the main points made by the members of the Opposition. I may tell them that there may be some other points which I should have dealt with but for shortness of time I cannot deal with them now but I have detailed notes of this debate and I was taking detailed notes not merely to be able to answer the various allegations made but in order to reflect on these points in my office as to what further action is needed. Whatever useful suggestion has been made, I may assure the House, it will receive the Government's closest attention because we feel that no matter which party or which organization makes a suggestion, if it is a valid suggestion, if it is a valid criticism, if it is a constructive suggestion we will respond because what we are faced with is not a party matter although it was said this is not a matter which should be entrusted to one 'fariq' or one party. Well, Government is not one party. Government acts on behalf of the country. It is not working only on behalf of the PPP. We do not regard this as a party matter. This is a matter in which the whole country is interested and we would welcome the assistance of everybody who is ready to help and I am grateful for whatever assistance we have received from the suggestions made here. Thank you very much.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you very much. I think we have finished with this very important debate today. Therefore, this Resolution moved by Rao Abdus Sattar the Leader of the House is talked over or talked out. More important thing is that the other Bill is pending in this House for the last seven days and we had promised that we will pass it on the 29th. Now it is 30th today and we are on the second reading of the Bill. Therefore, I request every honourable member—all the members on both sides to be present punctually.

**Mr. Shahzad Gul :** The Bill will lapse on the 9th of next month.

**Mr. Acting Chairman :** But there is along procedure. It has to go to the National Assembly. There will be Standing Committee, then the National Assembly debate. There is not enough time. I would request the Leader of the

[Mr. Acting Chairman]

House and Leader of the Opposition to be in time—Four O'clock. The House is adjourned to meet at 4 O'clock.

---

The Senate then adjourned to meet at Four O'clock in the afternoon.

---

The Senate reassembled at 4.00 p.m. Mr. Acting Chairman in the Chair.

---

## THE INDUSTRIAL RELATIONS (AMENDMENT) BILL, 1975

**Mr. Acting Chairman:** Clause 3 was passed by the House. Now it is clause 4. Amendment No. 4 by Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : اس پر کسی حد تک بحث ہوچکی ہے -

جناب قائم مقام چیئرمین : میرے خیال میں اسے put کردیا جائے -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں دو ایک منٹ لوں گا - اس سے زیادہ نہیں لوں گا -

جناب چیئرمین ! میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ سیکشن ۱۰ میں جو ترمیم اس ترمیمی بل کے ذریعہ کرنے کی تجویز کی گئی ہے یہی رجسٹریشن کی منسوخی کے متعلق تو ۱۹۶۸ع کے آرڈیننس میں رجسٹرار کو ایسا کوئی اختیار نہیں تھا اور نہ ہی ۱۹۶۹ع کے آرڈیننس میں - البتہ ۱۹۶۸ع میں ، جب آرڈیننس جاری کیا گیا تھا تو اس میں یہ اختیار رجسٹرار کو دیا گیا تھا کہ لیکن ۱۹۶۹ع میں یہ اختیار منسوخ کر دیئے گئے تھے - آج پھر وہ اختیار جو ۱۹۶۸ کے آرڈیننس میں تھے انہیں دوبارہ رجسٹرار کو دیا جارہا ہے - اس بل کو وزیر محترم مزدوروں کے لئے فائدہ بخش کہتے ہیں اگر یہ مراعات ہیں تو مراعات یہ ۱۹۶۹ع میں مزدوروں کو دی گئی تھیں اور ۱۹۷۵ع میں ان سے موجودہ ارباب اقتدار واپس لے رہے ہیں - لہذا میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر محترم کا یہ دعویٰ کہ

انہوں نے یہ ترمیمی بل لاکر مزدوروں کی بہتری اور بہبودی کے لئے کوئی قدم اٹھایا ہے میری رائے میں یہ دعویٰ بالکل غلط ہے۔ بلکہ جب میں یہ کہتا ہوں کہ یہ الٹی زقند اور رجعت قہقری ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں۔

**Mr. Acting Chairman:** Yes Mr. Cheema do you want to say something.

**Mr. Hafeezullah Cheema:** No, Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Now I put the amendment.

The question before the House is:

"That clause 4 of the Bill be deleted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Acting Chairman:** The question before the House is:

"That Clause 4 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman:** Now the question before the House is:

"That clause 5 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman:** Next, clause 6. Yes Khawaja Mohammad Safdar.

**خواجہ محمد صفدر:** جناب چیئرمین! میں اس کلاز کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ اور میں یہ درخواست کروں گا کہ کلاز چھ کو حذف کردیا جائے۔ اس کے لئے میرے پاس چند وجوہات ہیں۔ جناب چیئرمین کلاز چھ کے ذریعے سیکشن ۱۳ کو ترمیم کیا گیا ہے۔ اور مجھے افسوس ہے کہ مجھے پھر یہ اعادہ کرنا پڑتا ہے۔ کہ اس ترمیم کے ذریعے بھی رجسٹرار کی قوت اور اس کے اختیار میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اور اسی نسبت سے ٹریڈیونین کے اختیارات کو محدود کرنے کی سعی کی گئی۔ جناب چیئرمین اگر آپ کلاز چھ کے حصہ "اے" کو ملاحظہ فرمائیں۔ تو اس میں یہ درج ہے کہ رجسٹرار صاحب کسی ٹریڈ یونین ازم کے متعلق کسی قسم کا کوئی جرم واقعہ ہوا ہو۔ تو اس کے متعلق استغاثہ دائر کرنے کا انہیں حق دیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ تمام جرائم نا قابل دست درازی پولیس ہیں۔ اسلئے ہر صورت میں استغاثہ ہی دائر کرنا ہوگا۔

[Khawaja Mohammad Safdar]

اور اس سے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مسودہ قانون کی تدوین کرنے والوں نے غالباً یہ نہیں سوچا۔ کہ موجودہ قانون میں ہرشخص کو خواہ وہ رجسٹرار ہو۔ خواہ وہ کوئی سرکاری ملازم ہو۔ خواہ وہ ٹریڈ یونین کا رکن ہو۔ یا وہ کسی اور ٹریڈ یونین کا عہدے دار ہو۔ خواہ کوئی آدمی ہو۔ ہر ایک کو یہ حق ہے کہ کہیں کوئی جرم ہوا ہو۔ خواہ ٹریڈ یونین کے مسائل کے متعلق یا ان سے متعلقہ قوانین کے متعلق۔ تو وہ استغاثہ دائر کر سکتا ہے۔ اب خصوصیت سے صرف اس اختیار کو محدود کرنے سے میری رائے میں قانون میں ہم نے ایک ایسا ابہام پیدا کردیا ہے۔ جس کے ذریعے دوسرے لوگ Aggrieved parties متاثر ہونگے۔ کیونکہ ان کو یہ اختیار باقی نہیں رہا۔ اور اگر رجسٹرار صاحب چاہیں۔ تو کسی کے خلاف استغاثہ دائر کریں۔ یا کسی کے خلاف استغاثہ دائر نہ کریں۔ یہ اب ان کی صوابدید پر رہ جائے گا۔ یہ کسی طور پر نہ معاشرے کے لئے نہ مزدوروں کے لئے اور نہ صنعتکاروں کے لئے مفید ہوگا۔ جناب چیئرمین میں آپ کی توجہ پھر سنہ ۱۹۶۹ء کے آرڈیننس کی دفعہ کی طرف دلاتا ہوں۔ جو اسی طرح کی تھی۔ اور جیسے یہ بنائی گئی ہے۔ جو حالیہ ترمیمی آرڈیننس سے پہلے یہ تھی کہ اس میں صرف unfair labour parties کے متعلق یہ اختیار تھا کہ استغاثہ دائر ہوسکتا ہے۔ اورکسی جرم کے متعلق رجسٹرار کو یہ اختیار نہیں تھا۔ سنہ ۱۹۶۹ء کے آرڈیننس کی دفعہ ۳۹ میں یہ درج تھا۔ لیکن وہاں یہ شرط تھی کہ صوبائی حکومت کی اجازت کے بغیر رجسٹرار استغاثہ دائر نہیں کرسکتا۔ ہے۔ لیکن اب وہ شرط آزادی گئی ہے۔ یعنی یہ مسودہ قانون اس لحاظ سے بھی سنہ ۱۹۶۹ء کے آرڈیننس سے بھی بدتر ہوگیا ہے۔ اس ترمیم کی موجودگی میں یہ بھی ذکر کرنا میرے لئے لازمی ہے کہ ٹریڈیونین کی تاریخ میں پہلی دفعہ other person کو شامل کیا گیا ہے۔ other person جس کا تعلق نہ ٹریڈ یونین سے ہے۔ نہ مالکان سے نہ وہ ٹریڈ یونین کا ممبر ہے نہ محنت کش ہے۔ نہ مالک ہے۔ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ محض other person لکھ دیا گیا ہے۔ اورکسی راہ گزرو کو بھی اس کام میں ملوث کیا جاسکتا ہے۔ اس قسم کے اختیارات اس سے بیشتر اس قانون میں نہیں تھے۔ جناب چیئرمین

اس کے متعلق ملک بھر کی ٹریڈ یونین کیا رائے رکھتی ھیں ۔ میں دو تین سطریں آپ کے سامنے پڑھے دیتا ھوں :

"The only purpose appears that this sword should remain hanging on the head of the Trade Unions and officials of the trade unions."

جناب حفیظ اللہ چیمہ : پوائنٹ آف آرڈر

جناب والا ! یہ غیر متعلقہ باتیں ھیں ۔ اگر خواجہ صاحب باھر کے کسی آدمی کی opinion دینا چاھتے ھیں ۔ تو میرے پاس بھی ۱۰۰ لوگوں کی رائے ھے ۔ اگر اسی طرح پڑھتے رھے ۔ تو پھر کوئی بھی آگے نہیں چل سکتا ۔

خواجہ محمد صفدر : آپ بھی پیش کریں ۔ میں جواب دوں گا ۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : میں تو نہیں پیش کرنا چاھتا ۔ آپ کی جو امنڈمنٹ ھے ۔ اس کے سکوپ پر بحث کریں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ویسے کسی حد تک آپ اجازت دیں ۔ تو میں کچھ عرض کروں ۔ میرے خیال میں کلاز بائی کلاز ڈسکشن میں اس قسم کے مواد کو introduce کرنا ڈسکشن کے سکوپ سے باھر ھے ۔ اگر جنرل ڈسکشن میں آپ نے ان union کا حوالہ نہ دیا ھوتا ۔ تو وہ جائز تھا ۔ لیکن اب یہ اکیڈمک بحث ھے ۔ legislative process میں اس کے ماحصل کیا ھیں ۔ معائب کیا ھیں ۔ تو وہ زیادہ مناسب ھوگا ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب اگر آپ نے یہ رولنگ دی ھے ۔ تو میری زبان بند ھے ۔ اگرچہ مجھے اس سے اتفاق نہیں ھے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میں نے رولنگ نہیں دی ھے ۔

خواجہ محمد صفدر : بڑی خوشی کی بات ھے ۔ جناب والا میں اس ترمیم کا ذکر کررھا ھوں ۔ کہ اس ترمیم سے جو لوگ متاثر ھونگے ۔ اگر ان کی رائے اس ایوان میں relevant نہیں ھے ۔ یا سکوپ کے اندر نہیں ھے تو relevant کیا ھوگا ۔ تو یہ بات ھو کہ میں عام ۔۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بات یہ ہے کہ فرض کیجئیے ۔ کہ کچھ لوگ ایکسپرٹ نہیں ہیں ۔ اور ایکسپرٹ کی رائے جیسے کہ عدالت میں بھی admissible ہوتی ہے ۔ تو یہاں بھی admissible ہوتی ہے اگر وہ ایکسپرٹ نہیں ہیں ۔ تو پھر ان کی رائے یہاں پیش کرنا ۔۔۔۔

خواجہ محمد صفدر : ٹریڈ یونین اس مسئلہ کے بارے میں کیا سوچتی ہے ۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بس اتنا کہدینا کافی ہوگا ۔ کہ وہ اس سے مطمئن نہیں ہے ۔ انہوں نے آپ کو address کیا ہے ۔ Resentment show کی ہے ۔ تو یہ کافی ہے ۔ لیکن ان کی wording جو ہے ۔ وہ سند نہیں ہے ۔ جس کو refer کیا جارہا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : اس ایوان کے لئے کوئی بات بھی سند نہیں ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ یہ ایوان Academically speaking اپنے اختیارات میں مختار کل ہے ۔۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بہت صحیح ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : آئین کے تحت جو اختیارات اس کو حاصل ہیں ۔ یہ ایوان ان اختیارات کے استعمال میں کسی کی رائے کی پرواہ کرے یا نہ کرے ۔ وہ پابند نہیں ہے ۔ سات کروڑ افراد ۔۔۔۔۔

**Mr. Hafeezullah Cheema** : No, Sir.

خواجہ محمد صفدر : اس ملک میں لبسنے والے افراد کی رائے کی پابندی بھی لازمی نہیں ہے ۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : پوائنٹ آف آرڈر سر ۔ گذارش یہ ہے کہ خواجہ صاحب یہ جو ثبوت دے رہے ہیں ۔ یہ جو بحث کرنا چاھتے ہیں ۔ یا تو انہوں نے پہلے نہ کی ہو ۔ جب first ریڈنگ

ہوئی تھی - تو انہوں نے تفصیل سے کہا تھا کہ فلاں ٹریڈ یونین نے اس کے متعلق یہ کہا تھا .....

خواجہ محمد صفدر : بالکل نہیں کہا تھا - آپ ریکارڈ دیکھئے -

جناب قائم مقام چیئرمین : میں کہتا ہوں - کہ یہ سٹیٹ منٹ نہیں پڑھکر سنایا تھا - میں سمجھتا ہوں کہ اتنا کہہ دینا کہ آپ نے resentment show کی ہے - کافی ہے -

خواجہ محمد صفدر : محترم وزیر صاحب کو غلطی لگ سکتی ہے - میں نے اس کا ذکر تک نہیں کیا - کسی دستاویز کو میں نے پیش نہیں کیا - اب میں اپنی رائے کے ساتھ یہ دستاویز تائید کے طور پر پیش کر رہا ہوں - اس ڈاکومنٹ سے تائیدی شہادت پیش کر رہا ہوں - کہ جن لوگوں کے لئے یہ قانون بن رہا ہے - وہ بھی اسے پسند نہیں کرتے - ویسے تو میرے دوست یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ایک بار ۶۸ کے قانون کا حوالہ دیا جاچکا ہے - دوسرے بار ۶۸ کے قانون کا حوالہ کیوں دیا جارہا ہے - انہوں نے اپنی تقریر کے ابتدائی فقروں میں یہ کہا تھا کہ میں demagogue ہوں اور یہ ہوں اور وہ ہوں اسی قسم کے فقرے انہوں نے ہم پر کسے تھے اور ہم نے خاموشی سے سن لئے تھے - اور میں نے اس ایوان کے اندر بھی اور باہر بھی یہ کہا تھا یہ زیر بحث قانون مزدوروں کے مفاد کے خلاف ہے اور اب میں نے اس ایوان میں یہ ثابت کیا ہے کہ جو کچھ میں نے کہا تھا - وہ درست ہے - اور وزیر محترم نے کہا ہے - وہ غلط ہے - میں ...

جناب حفیظ اللہ چیمہ : رول میں آپ کو اسکوپ دیا گیا ہے - اور آپ بڑی خوشی سے بحث کریں - لیکن یہ تو کسی ممبر کو اجازت نہیں ہوتی کہ وہ ہاؤس کا خواہ مخواہ وقت ضائع کرے - کہ چلو لمبی چوڑی ...

خواجہ محمد صفدر : مجھے افسوس ہے -

**Mr. Acting Chairman :** If both parties are serious to have a ruling, then let us see what the rules say. Please first of all see what the rules say.

[Mr. Acting Chairman]

پہلے آپ نے پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے ۔ پہلے آپ مجھے بتائیے ۔

In the second reading what can be the scope of discussion.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, this rule is 188 and I quote :

" An amendment shall be within the scope of, and relevant to, the subject matter of the motion to which it is proposed."

تو اس میں کلاز ۶ میں خواجہ صاحب بحث کرلیں ...

یہ ٹھیک ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میں نے کچھ اور تو نہیں کہا ۔ میں ان کی ذمہ داری کو بھی محسوس کرتا ہوں اور ان کی فکر مندی کا بھی میں احساس کر رہا ہوں میں اپنی تقریر کو مختصر کر دیتا ہوں ۔ لیکن یہ قاعدہ زیربحث موضوع سے متعلق نہیں ۔ یہ ترمیم کے scope کے متعلق ہے ۔ ترمیم پر بحث کے متعلق نہیں ۔ وزیر صاحب ۔ تو جناب والا ! اب میں حصہ ( بی ) کی طرف آتا ہوں ، اس کلاز ۶ کے حصہ بی میں ٹریڈ یونین کے حسابات کی پڑتال کا اختیار رجسٹرار صاحب کو دیا گیا ہے ، مجھے افسوس ہے کہ میں اس سے اتفاق نہیں کرسکتا اس سے پہلے میں نے پہلی خواندگی میں چند گذارشات آپ کے سامنے پیش کی تھیں میں ان کو دھرانا نہیں چاہتا ، یہ دونوں شقیں کلاز A اور B محنت کشوں کے لئے مضر اور نقصان‌ده ہیں اسلئے میں گذارش کروں گا انہیں حذف کیا جائے ۔

**Mr. Acting Chairman :** Yes.

**جناب حفیظ اللہ چیمہ :** جناب والا ! خواجہ صاحب نے رجسٹرار صاحب کے اختیارات پر اعتراض کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ انہیں غلط فہمی ہے ۔ آخر یہ executive اختیار ہوتا ہے ۔

And again, Sir, if the Registrar takes an arbitrary action against the principle of justice, the trial shall be held in a court not by registrar.

**Mr. Acting Chairman :** I put the clause before the House. The question before the House is :

" That clause 6 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman** : Clause 6 stands part of the Bill. Now clause 7 in the name of Khawaja Mohammad Safdar, Amendment No. 6.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg to move :

> " That in the proposed new para (i) of section 15, of para (b), of clause 7 of the Bill, the words 'standing order' be substituted by the words 'Standing Order."

**Mr. Hafeezullah Cheema** : Accepted, Sir.

**Mr. Acting Chairman** : The amendment is accepted. Now I put the question before the House. The question before the House is :

> " That in the proposed new para (i) of section 15, of para (b), of clause 7 of the Bill, the words 'standing order' be substituted by the words 'Standing Order'."

Amendment is accepted.

Now I put the question before the House. The question before the House is :

> " That clause 7 as amended stand part of the Bill. Clause 7 stands part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Acting Chairman :** Now clause 8 in the name of Khawaja Mohammad Safdar.

خواجه محمد صفدر : میں اس کلاز کی مخالفت کے لیئے کھڑا ھوا ھوں ۔ میں محترم اراکین سینیٹ سے یه درخواست کروں گا که وه اس کلاز کو اس بل سے حذف کردیں ۔ جناب والا ! میں سمجھتا ھوں که اس موضوع پر میں معزز اراکین سینیٹ کے سامنے کافی گذارشات کرچکا ھوں اب مزید کچھ نہیں کہوں گا صرف اتنی ھی گذارش کروں گا که تمام نقائص کے علاوہ جن کا میں پہلی خواند گی میں ذکر کرچکا ھوں اس میں ایک بڑا نقص یه ھے که "go slow" کو unfair practice میں شامل کیا گیا اور ان فئیر پریکٹس میں اس کی سزا بھی تجویز کی گئی ھے بلکه go slow کی تعریف بھی اس قانون میں شامل کرنے کے لئے اس ترمیمی کلاز کے ذریعے کوشش کی گئی ھے ۔ میرے خیال میں یه ایک ایسی ترمیم ھے جس کے ذریعے ٹریڈ یونین کو سخت نقصان پہنچے گا ۔ میں یه چاھتا ھوں که محترم وزیر صاحب اس قسم کے قانون سے پرھیز کریں جس سے که مزدوروں کی یونین ازم کو نقصان پہنچے ۔

**Mr. Acting Chairman:** You support?

**Mr. Hafeezullah Cheema:** No, Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Do you want to say anything ?

**Mr. Hafeezullah Cheema:** Sir, simplly you say the word 'go slow' I was already unfair labout factor but we have just explained and you have removed the confusion and nothing else.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Now I put the question before the House. The question before the House is :

"That clause 8 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman;** Clause 8 stands part of the Bill. Now clause 9 in the name of Khawaja Mohammad Safdar, Amendment 7(a).

خواجه محمد صفدر : جناب والا ! اس میں ایک نئے لفظ کو محترم وزیر صاحب نے اس ترمیمی بل کے ذریعہ تبدیل کیا ہے یعنی لفظ determine کی بجائے لفظ "certify" شامل کرنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ! اس موضوع پر کہ کیا آیا resolution کے بعد certification ضروری ہے یا نہیں ، بہت سی باتیں اس ایوان میں ہوچکی ہیں اور میں انہیں دہرانا نہیں چاہتا ۔ یہ کلاز غیرضروری ہے اور محنت کشوں کے مفاد کے خلاف ہے لہذا اسے حذف کیا جائے ۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : اس پر پہلے بحث ہوچکی ہے ..

**Mr. Acting Chairman:** Now I put the clause 9 before the House. The question before the House is ;

"That clause 9 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman:** Clause 9 stands part of the Bill. Amendment No. 8 in the name of Khawaja Mohammad Safdar :

خواجه محمد صفدر : حضوروالا ! قواعد کے مطابق اب یہ ترمیم پیش نہیں ہوسکے گی ....

**Mr. Acting Chairman:** Amendment No. 8 not moved.

**Mr. Acting Chairman :** Yes No. 9, Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں ترمیم نمبر نو کی بجائے نو-اے پیش کروں گا - میرے خیال میں وزیر صاحب اسے قبول کرلیں گے -

**Mr. Acting Chairman :** Yes.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in clause 10, in para (c), in sub-para (ii) the proposed new provisos be substituted by the following, namely :—

"Provided further that if no trade union secures such number of votes in the first poll, a second poll shall be held between the two trade unions which secure the highest number of votes in the first poll, and the trade union which secures the majority of votes cast at the second poll shall be certified in the prescribed manner to be the collective bargaining agent :

Provided further that if the number of votes secured by two or more trade unions securing the highest number of votes is equal, further poll shall be held between them until one of them secures a majority of the votes at such further poll."

**Mr. Acting Chairman :** The Motion moved is :

"That in clause 10, in para (c), in sub-para (ii) the proposed new provisos be substituted by the following, namely :—

"Provided further that if no trade union secures such number of votes in the first poll, a second poll shall be held between the two trade unions which secure the highest number of votes in the first poll, and the trade union which secures the majority of votes cast at the second poll shall be certified in the prescribed manner to be the collective bargaining agent :

Provided further that if the number of votes secured by two or more trade unions securing the highest number of votes is equal, further poll shall be held between them until one of them secures a majority of the votes at such further poll".

**Mr. Acting Chairman :** Do you oppose it ?

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Opposed.

خواجہ محمد صفدر : وزیر محترم نے غالباً اس ترمیم پر غور نہیں کیا - وہ اس پر غور تو فرمائیں -

**Mr. Hafeezullah Cheema :** I have understood. His language is much better.

3 خواجہ محمد صفدر : جو الفاظ اس کلاز میں استعمال ہوئے ہیں مجھے
ان سے اختلاف ہے ۔ میں نے اس کلاز کی صرف زبان درست کرنے کی کوشش
کی ہے ۔ اگرچہ مجھے یہ دعوی نہیں ہے کہ میں انگریزی زبان کا ماہر ہوں ۔
حضور والا ! ان کی زبان یہ ہے ۔

"Provided further that if no trade union secures such number of votes in the first poll, a second poll shall be held between the trade unions which secures the two highest numbers of votes.................................."

"two highest numbers" جناب والا ! یہ کون سی انگریزی ہے ۔
کم از کم میں نہیں سمجھا ۔ اگر آپ بتا دیں تو میری تسلی ہوجائے مجھے
ان الفاظ پر اعتراض ہے ۔ دراصل میں نے وزیر صاحب کے مفہوم کو اپنی
زبان میں یہ لکھا ہے ۔

**Mr. Hafeezullah Cheema** : I have not followed the language used in Article 91 sub-clause 3 of the Constitution. Secondly, if we accept the contention of Khawaja Sahib that can be more than two trade unions securing equal number of votes, then what will be the position. You say your contention covers only two trade unions.

خواجہ محمد صفدر : وزیر صاحب غلط سمجھیں ہیں یہ پہلی proviso میں
یہ سوال نہیں ہے کہ برابر ووٹ ہوں وہ تو دوسرے proviso میں ہے کہ دو سے
زیادہ بھی ٹریڈ یونینز ہوسکتی ہیں جن کے برابر ووٹ ہو جائیں ۔ پہلے پرووائیزو
میں یہ درج ہے کہ اگر ایک تہائی سے زیادہ ووٹ کسی یونین نے بھی نہ لئے
ہوں یعنی پہلے پول کے دوران ایک تہائی ووٹ حاصل نہیں کئے لہذا قانون
کے تحت اس یونین نے رجسٹریشن کے لئے کوالیفائی نہیں کیا اور وہ بارگیننگ
ایجنٹ مقرر نہیں ہوسکتی ۔ اس لئے دوسرے پول کی ضرورت پڑی ان دو ٹریڈ یونینز
کے درمیان جن کے سب سے زیادہ ووٹ تھے ایک کے فرض کیجئے ۸۰۰ ووٹ
تھے دوسرے کے ۹۷۶ ووٹ تھے دوسرا پول ان دونوں میں ہوگا تیسری
یونین کوئی نہیں حصہ لے سکیگی ۔

**Mr. Hafeezullah Cheema** : Already that the language used in the Constitution is like that,.........

**Mr. Acting Chairman** : So, the question before the House is :

"That in clause 10, in para (c), in sub-para (ii) the proposed new provisos be substituted by the following, namely :—

"Provided further that if no trade union secures such number of votes in the first poll, a second poll shall be held between the two trade

unions which secure the highest number of votes in the first poll, and the trade union which secures the majority of votes cast at the second poll shall be certified in the prescribed manner to be the collective bargaining agent :

Provided further that if the number of votes secured by two or more trade unions securing the highest number of votes is equal, further poll shall be held between them until one of them secures a majority of the votes at such further poll."

*(The motion is negatived)*

**Mr. Acting Chairman :** The amendment is rejected. No. 10, Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That para (f) of clause 10 of the Bill be deleted."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That para (f) of clause 10 of the Bill be deleted."

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ الفاظ وهی هیں جو کلاز تین کے پیرا سی میں هیں ۔

**Mr. Acting Chairman :** Let him say something.

خواجہ محمد صفدر : یہ الفاظ وهی هیں یہاں بھی وهی کیا جارہا ہے جو کلاز تین پیرا سی میں تھا ۔ چونکہ وہ پیرا ایوان منظور کرچکا هوا ہے اس لئے اس کو ری اوپن نہیں کیا جاسکتا ۔

**Mr. Acting Chairman :** I will put question to the House. The question before the House is :

"That para (f) of clause 10 of the Bill be deleted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Acting Chairman :** The amendment is rejected. Now I put clause 10. The question is :

"That clause 10 forms part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clause 10 forms part of the Bill. Yes, next clause 11, Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg to move :

"That para (b) of clause 11 of the Bill be deleted and the subsequent paras be renumbered."

**Mr. Acting Chairman** : The motion moved is :

"That para (b) of clause 11 of the Bill be deleted and the subsequent paras be renumbered."

**Mr. Hafeezullah Cheema** : Opposed it.

**خواجه محمد صفدر** : حضور والا ! اس میں بھی جو مشکل میرے لئے پیش آئی ھے - جس کی طرف میں محترم وزیر صاحب کی توجه دلانا چاھتا ھوں وہ یه ھے که اس کلاز کے ذریعے سیکشن پندرہ اور سوله میں ترمیم کی گئی ھے جس کے متعلق میں نے یه گذارش کی ھے که سیکشن پندرہ میں ان جرائم کا ذکر ھے جو کارخانه دار کریں سیکشن سوله میں ان جرائم کا ذکر ھے جو که کارکنوں سے محنت کشوں سے سرزد ھو - اگر میرے محترم دوست جناب وزیر صاحب کارخاندار کو اور محنت کش کو ایک ھی لیول اور ایک ھی رسی سے باندھتے تو پھر بھی میں درگزر کرجاتا اورکہتا که چلو اگر مزدور باندھے گئیے ھیں تو اس کے ساتھ کارخانه دار بھی باندھے گئیے ھیں - لیکن یہاں بات الٹی ھے -

"to deal with cases of unfair labour practices specified in sections 15 and 16 on the part of employers, workmen............................"

**جناب حفیظ الله چیمه** : یه غلط ھے -

**خواجه محمد صفدر** : میں کلاز ۱۱ - بی میں ترمیم پیش کر رھا ھوں -

**Mr. Acting Chairman** : You are referring section 15 of the Bill.

**خواجه محمد صفدر** : کلاز ۱۱ دیکھئیے اس طور پر ھے -

"to deal with cases of unfair labour practices specified in sections 15 and 16 on the part of employers, workmen, trade unions of either of them or persons acting on behalf of any of them, whether committed individually or collectively, in the manner laid down under section 25A or section 34 or in such other way as may be prescribed, and to take in such manner as may be prescribed by regulations under section 22F, measures calculated to prevent an employer or workman from committing an unfair labour practice."

**Mr. Hafeezullah Cheema :** It amends 22 also.

**خواجه محمد صفدر :** اس کے متعلق میں بعد میں عرض کروں گا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میرا ۱۵ ، ۱۶ کا ذکر کرنا غلط ہے، البتہ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ میں پہلے ۲۱۱ کا ذکر کر رہا ہوں۔ اور اس میں بھی ایسی پابندی نہیں ہے، شاید میں اس کا ذکر نہ کروں۔ جناب چیئرمین۔ میں یہ عرض کر رہا تھا اگر کارخانہ داروں اور مزدوروں کو ایک ہی رسی سے باندہ دیا جاتا تو مجھے شاید اتنا اعتراض نہ ہوتا جتنا کہ اس وقت ہے کیونکہ وزیر محترم کے پیش کردہ اس کلاز سے کارخانہ داروں کے ساتھ ترجیحی سلوک ہو رہا ہے۔ اور مزدوروں سے وہ برتاؤ ، جو کہ ان کا حق ہے اور جو کہ اس ترمیمی قانون سے پہلے ان کو مل رہا تھا وہ اب ان سے چھن رہا ہے۔ جناب چیئرمین ! میں محترم وزیر صاحب کی توجہہ اس امر کی طرف بھی دلانا چاہتا ہوں کہ Unfair Labour Practice (انفئر لیبر پریکٹس) کے متعلق ، جرائم میں اتنے اضافے کی ضرورت نہ تھی جتنی کہ اس کے ذریعہ کی گئی ہے۔ اور میرے محترم دوست اگر ناراض ہوں تو جن لوگوں پر یہ زد پڑتی ہے ذرا ان کی رائے بھی معلوم کرلیں ، اور اس میں کوئی حرج نہیں ہوگا۔ صفحہ نمبر ۱۶ پر انہوں نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے کہ وہ اس کے متعلق کیا سوچتے ہیں، نہیں یہ اس کے متعلق نہیں ، تو میں یہ گزارش کروں گا کہ اگر مزدوروں سے ترجیحی سلوک میرے محترم دوست کے لئے ممکن نہیں تو کم از کم ان سے کارخانہ داروں کے مساوی سلوک تو ضرور کیا جائے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ یہ ترامیم اس کلاز میں پیش کرتا ہوں۔

**Mr. Acting Chairman :** Now I put the question to House. The question before the House is :

"That para (b) of clause 11 of the Bill be deleted and the subsequent paras be renumbered."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Acting Chairman :** The amendment is rejected. Next amendment is 12 by Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I beg to move :

"That para (d) of clause 11 of the Bill be substituted by the following, namely :—

'(d) sub-section (10a) be substituted by the following :—

'(10a) The Junior Labour Court or Labour Court to whom the case is so referred shall inquire into it and, if the case was referred to it for report, forward its report thereon to the Commission or, if the case was referred to it for disposal, continue the proceedings and dispose of the case as if the proceedings had originally commenced before it, and grant such relief as the Commission has the power to grant'."

یہ بھی لفظی ترمیم ہے۔ اور وہ بھی تھوڑی سی، اگر میرے دوست پسند کرتے ہیں تو ٹھیک ہے اور اگر نہیں کرتے تو کوئی بات نہیں، اس میں کوئی اصولی بات نہیں ہے۔

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That para (d) of clause 11 of the Bill be substituted by the following, namely :—

'(d) sub-section (10a) be substituted by the following, namely :—

'10(a) The Joint Labour Court or Labour Court to whom the case is so referred shall inquire into it and, if the case was referred to it for report, forward its report thereon to the Commission or, if the case was referred to it for disposal continue the proceedings and dispose of the case if the proceedings had originally commenced before it, and grant such relief as the Commission has the power to grant'."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Acting Chairman :** The amendment is rejected. Now I put clauses 11, 12 and 13. The question before the House is:

"That clauses 11, 12 and 13 stand part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clauses 11, 12 and 13 stand part of the Bill. Now clause 14, amendment No. 13.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I am not moving that, Sir.

**Mr. Acting Chairman :** Not moved. Now No. 13A.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I am not moving this.

**Mr. Acting Chairman :** Not moved. Now clause 14. The question before the House is :

"That clause 14 stands part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clause 14 stands part of the Bill. Now clause 15, Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! قاعدے کے مطابق تو اس کلاز کی مخالفت اب نہیں کی جاسکتی کیوں collective bargaining unit کیا ہوگا اور اس ایوان نے منظور کرلیا ہے کہ کیا ہوگا۔ اب اس مرحلہ پر اس کی مخالفت نہیں کی جاسکتی۔

**Mr. Acting Chairman :** Clause 14 not moved. I put the question. The question before the House is:

"That clause 15 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clause 15 stands part of the Bill. Now clause 16.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Similar.

**Mr. Acting Chairman :** Not moved. Therefore, I put clause 16 to the House. The question before the House is :

"That clause 16 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clause 16 stands part of the Bill. Now clause 17, amendment No. 16.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا! اس کے متعلق اپنی گزارشات میں ضرور اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں میری رائے میں اصل قانون میں بھی حکومت کو اپنے مملکتی کسی ادارے میں ہڑتال ممنوع قرار دینے کے کافی اختیارات ہیں۔ مثال کے طور پر شیڈول میں درج الفاظ ملاحظہ فرمائیں اصل قانون کے شیڈول میں اگرچہ ۸ آئٹم درج ہیں، مگر پھر بھی ان ۸ آئٹم میں بے شمار کارخانے آجاتے ہیں جن کو public utility service (پبلک یوٹیلٹی سروس) قرار دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر جنریشن، پروڈکشن، مینوفیکچرنگ

[Khawaja Mohammad Safdar]

اینڈ سپلائی آف الیکٹرک سٹی، گیس اور واٹر، ریلوے، ائیرویز، پورٹ، ھسپتال، ایمبولینس ان کے علاوہ اور بھی مختلف قسم کی سروسز اس میں شامل ھیں۔ میرے نزدیک پہلے بھی کافی وسیع اختیارات ھیں۔ اس کے علاوہ کمیشن کو اختیارات ھیں، لیبر ٹریبونل کو اختیارات ھیں، لیبر کورٹ کو بھی ایسے اختیارات حاصل ھیں۔ اس کے باوجود فیڈرل گورنمنٹ عدالتوں کو اور مزید وسیع اختیارات دے کر ٹریڈ یونینز کو ختم کرنا چاھتی ھے۔ اور ان کا ھڑتال کا حق ان سے چھین کر اپنے ھاتھ میں لے رھی ھے جن اختیارات کی کہیں بھی کوئی تعریف درج نہیں۔ کہیں بھی اس قانون میں یہ نہیں بتایا گیا اور نہ اس کی وضاحت کی گئی ھے کہ وہ اختیارات کن حالات میں استعمال ھوں گے۔

جناب والا! صرف یہ الفاظ درج کردئیے گئے ھیں:

Generation, production, manufacture and supply of electricity, gas, oil or water, railways, airways, ports, hospitals, ambulance.

اب الفاظ National importance کی تعریف سبجکیٹو بھی ھوسکتی ھے اور اوبجیکٹو بھی ھوسکتی ھے۔ ایک چیز میرے نذدیک قومی اھمیت کی ھوسکتی ھے اور جناب والا! وھی چیز آپ کے نزدیک قومی اھمیت کی نہیں ھوسکتی ھے۔ ایک چیز میرے محترم دوست قائد ایوان کے نزدیک قومی اھمیت کی حامل ھوسکتی ھے اور وہ میرے نزدیک نہیں ھوسکتی ھے۔ جب تک اس لفظ کو ڈیفائن نہیں کیا جائے گا اس وقت تک حکومت کے حاصل کردہ اختیارات کا صحیح اندازہ نہیں ھوسکے گا۔

جناب والا! میں مثال دیتا ھوں کہ کل اگر کوئی قلی ریلوے سٹیشن پر ھڑتال کردیتا ھے تو اسے بھی یہ قومی اھمیت کا مسئلہ قرار دیں گے کیونکہ ارباب اقتدار کہیں گے کہ یہاں سے وزیر اعظم صاحب گزرنے والے تھے یا کوئی اور محترم وزیر گزرنے والے ھیں اس لئے یہ ھڑتال قومی اھمیت بن سکتی ھے کیونکہ یہ کہیں گے کہ اس قلی نے اس لئے ھڑتال کی ھے کہ یہاں سے کوئی وزیر وغیرہ گزرنے والا تھا۔ اس لفظ کی جناب محترم وزیر صاحب اگر

تعریف کردیتے اگر وہ تعریف وسیع کرتے تو میں کہتا کہ جناب اسے محدود کیا جائے اگر وہ محدود کرتے تو میں کہتا کہ درست ہے لیکن اس طرح حکومت لا محدود اختیارات حاصل کررہی ہے۔ اگر کسی مقام پر، کسی جگہ پر کوئی صنعتی تنازعہ ہو اور مزدور اس میں حق بجانب ہوں لیکن مرکزی حکومت کہے کہ یہ انڈسٹریل ڈسپیوٹ ہے قومی اہمیت کی حامل ہے اس لئے اس تنازعہ کو اسے قطعی طور پر عدالت میں لیجایا نہیں جا سکتا۔ جیسا کہ آرڈیننس کے متعلق صدر مملکت کی صوابدید کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا جو انہوں نے کہدیا، درست ہے۔ جناب والا! اسی طرح اس مسئلہ کو خواہ اس کی قومی اہمیت ہو یا نہ ہو، اسے چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ سب سے بڑا اعتراض اور اختلاف مجھے اسی سے یہ ہے۔

جناب والا! اس کے علاوہ اسی پیراگراف کی چند سطروں میں جو نئی بات پیدا کی گئی ہے ابتدائی طور پر یقیناً ایسی نہیں تھی۔ ابتدائی طور پر غالباً ایسے حالات نہیں تھے۔ اس کا خیال یقیناً بعد میں آیا ہوگا۔ یہ ترمیم ایوان میں پیش کرنے کے بعد کی گئی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ مسودہ قانون کے نیچے لکیر لگی ہوئی ہے اور سارے الفاظ نشاندہ ہیں۔ اس کلاز کے چند الفاظ پڑھے دیتا ہوں:

"The Commission is competent to adjudicate and determine and the provincial government in the case of strike or lockout relating to industrial dispute in respect of any public utility service which the Commission is not competent to adiudicate or determine may by order prohibit a strike or lockout at any time before the strike or lockout.

جناب والا! اس سے پیشتر بھی صوبائی حکومت کو یہ اختیار تھا کہ اگر کسی ہڑتال کو ۳۰ دن گزر جائیں تو اسی قانون کے تحت اگر وہ پبلک یوٹیلٹی سروس نہ بھی ہو تو بھی، مرکزی اور صوبائی حکومتیں بعض بعض صورتوں میں اس ہڑتال کو خلاف قانون قرار دے سکتی ہیں لیکن یہاں پر تو کہہ دیا گیا ہے کہ اسٹرائک ابھی شروع بھی نہ ہوئی ہوگی تو پھر بھی صوبائی حکومت بعض حالتوں میں اور بعض حالتوں میں مرکزی حکومت اور بعض صورتوں میں دونوں ہی، اس ہڑتال کو غیر قانونی قرار دے سکتی ہیں۔ جناب والا! محنت کشوں کا جو حال ہو رہا ہے اور ہوگا وہ آپ جانتے ہیں۔ ہاوس کے معزز دوست بھی جانتے ہیں۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : جناب والا ! خواجہ صاحب کا جو خدشہ ہے وہ بالکل غلط ہے نیشنل اسپارٹینٹ کے متعلق حکومت کو حق ہوتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : "غلط" کی اصطلاح کہتے ہیں کہ پارلیمنٹ میں ٹھیک نہیں ہے۔ یہ کہنا چاہیئے کہ درست نہیں ہے۔

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Very sorry.

جناب درست نہیں ہے نیشنل اسپارٹینٹ کے متعلق حکومت کو حق ہوتا ہے۔ پہلی تو بات یہ ہے کہ ہم اسے ناجائز استعمال نہیں کریں گے۔

خواجہ محمد صفدر : اللہ، وزیر صاحب کو ہدایت دے۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : اگر ہم کرتے ہیں تو وہ کورٹ میں اسے چیلنج کر سکتے ہیں۔

**Mr. Acting Chairman :** Now I put the question to the House. The question before the House is :

"That clause 17 stands part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! نماز کا وقت ہوگیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : اگر آپ اجازت دیں تو اسے ۵ منٹ اور چلاتے ہیں اور اس کے بعد ۱۵ منٹ کے لئے ایڈجرن کردیں گے۔

معزز ممبران : ٹھیک ہے۔

**Mr. Acting Chairman :** Now the question before the House is :

"That clauses 18 and 19 stand part of the Bill."

خواجہ محمد صفدر : بس شق نمبر ۲۰ کے متعلق میں ضرور کچھ گزارش کروں گا۔

**Mr. Acting Chairman :** Now I put the question. The question before the House is:

"That clauses 18 and 19 stand part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

خواجہ محمد صفدر : سبھی پیش کر دیتا ہوں۔ ایک تو حذف کرنے کے متعلق ہے۔ اس کے علاوہ دو اور ترامیم ہیں وہ دونوں اکٹھی پیش کر دیتا ہوں۔ کلاز ۲۰ کے متعلق بعد میں عرض کروں گا۔ کلاز بیس (۲۰) کے متعلق دو ترامیم ہیں بلکہ تین ترامیم ہیں۔ تینوں کو ایک بار ہی پیش کر دیتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ایک ساتھ موو کرنے کا فائدہ نہیں ہے۔

خواجہ محمد صفدر : ایک تو حذف کرنے کے متعلق ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ تینوں کو اکٹھا پیش کر دیتا ہوں۔ نماز کے بعد تھوڑی سی ان پر بحث ہو جائے گی۔

**Mr. Acting Chairman :** Next amendment.

خواجہ محمد صفدر : یہ ترمیم تو غالباً وزیر صاحب قبول کرلیں گے۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : یہ کون سی کلاز ہے۔

خواجہ محمد صفدر : یہ الفاظ غلط طور پر چھپ گئے ہوئے۔

جناب قائم مقام چیرمین : کلاز ۲۰ میں "۱۷-اے" امنڈمنٹ ہے۔

جناب خواجہ محمد صفدر : "۱۷"- میں پڑھے دیتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : "۱۷-اے" تو ڈیلیشن کے متعلق ہے۔ ۱۸ پہلے پڑھیں گے اور بعد میں ۱۷-اے پڑھیں گے۔

خواجہ محمد صفدر : میں پہلے ۱۸ پڑھے لیتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : چلئے، آپ پہلے "۱۷-اے" پڑھ لیں۔

خواجہ محمد صفدر : میں پہلے " ۱۷-اے " پڑھے دیتا ہوں - میں
دونوں کو اکٹھا پیش کرتا ہوں -

**Khawaja Mohammad Safdar:** I beg to move :

"That in para (a) of the proposed section 38E, of clause 20 of the Bill, the word 'on' occurring in the first line, be substituted by the word 'an'."

I beg to move :

"That in the proposed new section 38C, in sub-section (2), in clause 20 of the Bill, the word 'three' occurring in the fifth line, be substituted by the word 'two'."

**Mr. Acting Chairman:** The motions moved are :

"That in the proposed new section 38C, in sub-section (2), in clause 20 of the Bill, the word 'three' occurring in the fifth line, be substituted by the word 'two'."

*Amendment No. 18* :

"That in para (a) of the proposed section 38E, of clause 20 of the Bill, the word 'on' occurring in the first line, be substituted by the word 'an'."

**Mr. Hafeezullah Cheema:** Sir, amendment No. 17A is opposed and No. 18 accepted.

**Mr. Acting Chairman:** Then you would not press it. We will be meeting at 6.00 p.m. sharp.

---

The House adjourned for *Maghrib* prayers.

---

The House reassembled after *Maghrib* prayers.

---

**Mr. Acting Chairman:** Yes, Khawaja Sahib. You move the amendments, 18 was accepted and you are supposed to speak on 17 and 17A.

خواجہ محمد صفدر : میں صرف ترمیم نمبر ۱۷-اے کے متعلق اپنے
خیالات کا اظہار کروں گا- جناب چیئرمین جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے ارشاد
فرمایا تھا کہ یہ مسئلہ بنک کے ملازمین کا اور بنک کی صنعت کا فی الحال
عام صنعتوں کے ساتھ شامل نہیں کیا جاسکتا اگر وہ سیدھے ہاتھ سے ناک
پکڑتے تو پھر وہ بینکنگ کو پبلک یوٹیلیٹی سروس میں شامل کرلیتے اور ان

کو وہ وسیع اختیارات حاصل ہو جاتے جو باقی صنعتوں کے متعلق مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو حاصل ہیں ۔ لیکن انہوں نے بقول ان کے اس sensitive industry کو اپنے قابو میں بھی رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس غرض کے حصول کے لئے بلا واسطہ طور پر اپنے قابو میں لانے کے ایسے طریقے استعمال کئے ہیں کہ ان کی داد دینے کو جی چاہتا ہے اس کے لئے انہوں نے ویج کمیشن کی ایک اختراع ایجاد کی ہے، ویج کمیشن کے متعلق اس ترمیمی بل میں یہ تحریر ہے کہ یہ کمیشن بینکوں کے علاوہ بھی جس صنعت کے متعلق فیڈرل گورنمنٹ چاہے ویج کمیشن قائم کرسکتی ہے لیکن فی‌الحال یہ خصوصیت سے بنکوں کے لئے مقرر کی گئی ہے جناب چیئرمین مجھے اگر اختلاف ہے تو اس بات پر کہ ۱۹۷۲ء میں محترم وزیر اعظم صاحب نے اپنی نشری تقریر میں نہایت فخر اور مباہات سے اس بات کا ذکر کیا تھا کہ نہ صرف بینکوں کے کلیریکل سٹاف کو بلکہ بنک سپروائزری سٹاف کو بھی ٹریڈ یونین بنانے کی اجازت دی جائے گی ۔ اور اس زمانے میں ان کا فخریہ کلام درست تھا ۔ اس زمانہ میں بنکوں کے کلرکوں بلکہ سپروائزری سٹاف کو بھی یونین بنانے کی اجازت دی گئی لیکن آج نہ صرف یہ کہ سپروائزری سٹاف سرے سے غائب ہے بلکہ وہ بیچارے کلرک جو کہ اگر کسی اور ادارہ میں ہوں تو وہ محنت کش تصور ہوں گے۔ یہاں بھی وہ محنت کش تو تصور ہوئے ہیں لیکن محنت کشوں کے تمام حقوق سے انہیں عاری کردیا گیا ہے اور وہ تمام حقوق جو کہ محنت کشوں کو حاصل ہیں ویج کمیشن بنانے کے بعد ان سے چھین لئے گئے ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ ان کو ٹریڈ یونین بنانے کی اجازت نہیں وہ ٹریڈ یونین آج بھی بنا سکتے ہیں اور جو بنی ہوئی ہیں ان کو قائم بھی رکھہ سکتے ہیں۔ ان کی رجسٹریشن بھی ہوگی سبھی کچھ ہوگا ۔ صرف یہ ہے کہ وہ ٹریڈ یونین عضو معطل ہوگی، وہ ناکارہ ہوگی وہ غیر موثر ہوگی کیوں، اس لئے کہ وہ ایک بارگیننگ ایجنٹ کی حیثیت سے اپنے ارکان کی جانب سے کوئی مطالبہ انتظامیہ کے سامنے پیش نہیں کرسکے گی اس لئے اس کا ہونا یا اس کا نہ ہونا ایک برابر ہے ۔

[Khawaja Mohammad Safdar]

جناب چیئرمین ! کیونکہ وزیر صاحب کے نزدیک یہ مسئلہ بڑا جذباتی ھے اور میرے نزدیک بھی یہ مسئلہ بڑا اھم ھے۔ اس کی اھمیت کے پیش نظر میں نے پہلی خواندگی کے دوران محترم وزیر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کی تھی کہ وہ از راہ کرم مجھے صرف اتنا سمجھا دیں کہ ویج کمیشن بننے کے بعد کسی بنک کی ٹریڈ یونین یعنی بنکوں کے کلرکوں کی ٹریڈ یونین کے کیا اختیارات بطور بارگیننگ ایجنٹ باقی رہ جاتے ھیں۔ وہ کس بات کے متعلق سوداکاری کریں گے۔ کیونکہ ان کی شرائط ملازمت کے متعلق تو کوئی سودا کاری نہیں ھوگی۔ اس کے علاوہ ایک اور بات بھی میں نے ان کی خدمت میں عرض کی کہ بنکوں کے ملازمین کو بعض اضافی مراعات یعنی ( fringe benefits ملتے ھیں ۔ کیا موجودہ قانون سے وہ متاثر نہیں ھوں گے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ محترم وزیر صاحب نے میرے ان دونوں سوالوں کا جواب نہیں دیا۔ اور اب جب کہ دوبارہ یہ بحث کھل گئی ھے تو میں ان دلائل کو دھرائے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اور میں پھر ان سے درخواست کروں گا۔ کہ ان دو نکات کی مہربانی کرکے وضاحت فرمائیں۔

جناب چیئرمین ، میں یہ سمجھتا ھوں اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ھے کہ کلاز ۲۰ میں نئے سیکشن ۳۸(سی) کی منظوری کے بعد کسی قسم کی ٹریڈ یونین activity ( ایکٹیوٹی ) جہاں تک بنکوں کی صنعت کا تعلق ھے وہ جاری نہیں رہ سکتی یقیناً بند ھوجائے گی، اس لئے میں نے یہ درخواست کی ھے کہ اس کلاز کو حذف کردیا جائے۔

جناب چیئرمین ، اس سلسلے میں میں نے یہ بھی تجویز کیا ھے کہ اگر یہ حذف نہیں ھوسکتی تو لفظ " تین " کو جو کہ سیکشن (C) ۳۸ کے حصہ دو کی سطر ۵ میں ھے کو " دو " سے تبدیل کردیا جائے۔ وہ کیوں ؟ اس لئے جناب چیئرمین ، کہ آپ صنعتی تعلقات کے آرڈیننس کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک پڑھئے کم سے کم میں نے یہ کوشش کی ھے یہ معلوم کرنے کی کہ ایوارڈ خواہ وہ کسی اتھارٹی کی طرف سے ھو اس قانون کے مطابق کتنے عرصے تک موثر ھوتا ھے، مجھے یہی معلوم ھوسکا ھے کہ دو سال تک جب کہ ھر قسم کے

دوسرے ایوارڈ خواہ وہ صنعتی تعلقاتی کمیشن کی طرف سے ہوں یا کسی اور ادارے کی طرف سے ہوں دو سال تک موثر رہتے ہیں، اور دو سال کے بعد وہ موثر نہیں رہتے، خواہ ٹریڈ یونین خواہ آجروں کی یونین ہوں دو سال کے بعد وہ نئے سرے سے اس ایوارڈ کے متعلق گفت و شنید کرسکتی ہیں، اور اپنے مطالبات پیش کرسکتے ہیں تو کیا وجہہ ہے کہ بنکوں کے متعلق یہ تجویز پیش کی گئی ہے۔ کہ مجوزہ سب کلاز (۲) کے پیرا (سی) کے مطابق ویج کمیشن کا ایوارڈ تین سال تک موثر رہے گا اس لئے میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ کم از کم اس قانون میں یکسانیت تو پیدا کیجئے چلئے آپ نے اور معاملات میں بینکوں کی ٹریڈ یونینوں کو وہ حقوق جو پہلے ہی محدود تھے اور جو حقوق دوسری ٹریڈ یونینوں کو حاصل ہیں وہ نہ دیں لیکن آخر، اس میں کیا تک ہے کہ ویج کمیشن کا ایوارڈ تین سال تک موثر رہے گا اور اس کمیشن کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ایوارڈ دیتے دیتے ایک سال لگا دے یعنی چار سال تک۔ اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے کوئی ایسا اہم مسئلہ نہیں جس کے متعلق میں ایوان سے یہ درخواست کر رہا ہوں۔ اور آپ کے توسط سے محترم وزیر سے درخواست کررہا ہوں کہ اس ایوارڈ کو اتنی طویل عمر نہ بخشیئے۔ آج کل زمانہ بڑی تیزی سے گزر رہا ہے نہایت تیز رفتاری اور تین سال ایک طویل مدت ہے اس کو کم از کم دو سال کردیجئے۔ ان الفاظ کے ساتھہ میں ان دونوں ترامیم کو اس ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

**Mr. Acting Chairman**: Would you like to say some thing. It is a lengthy speech.

جناب حفیظ اللہ چیمہ: میں نے جناب کل بھی خواجہ صاحب کی خدمت میں گزارش کی تھی اور خواجہ کو سمجھانے کی کوشش کی تھی کہ ویج کمیشن کی ضرورت کیوں پیش آئی اور یہ پہلی دفعہ نہیں ہے اس سے پہلے بھی نیوز پیپر انڈسٹری کے لوگ ہیں ان کی ریکویسٹ پر اس قسم کی باڈی بنائی ہوئی ہے۔ پھر اگر ان کو ہڑتال کا حق ہے تو پھر ساتھہ ساتھہ لاک آوٹ بھی ہوتا ہے لیکن چونکہ بینکنگ انڈسٹری کی صورت میں گورنمنٹ ایمپلائز

[Mr. Hafeezullah Cheema]

بن گئی ہے تو پھر یہ مشکل اس طرح پیش آئی تو سوچا گیا کہ اس کا اجتماعی سوداکاری کا طریق کار کوئی نیا طریق کار کیا جائے۔ کیونکہ گورنمنٹ لاک آوٹ تو نہیں کرسکتی اس لئے یہ کنسپشن ہمیں دینا پڑا ہے۔ باقی رہا تین سال کے متعلق، تو میں یہی غرض کروں گا کہ تین سال اور دو سال میں کوئی فرق نہیں کیونکہ دو سال تو خواجہ صاحب خود بھی مانتے ہیں انہوں نے اپنی امنڈ منٹ دی ہے اور پھر کمیشن کا چیئرمین کوئی ہائی کورٹ کا جج ہوگا یا ریٹائر جج ہوگا یا ایکٹنگ جج ہوگا تو گورنمنٹ کی جانب سے کوئی دخل نہیں ہے۔ تو میرے خیال میں ان کو اس مجبوری کے تحت ماننا چاہئیے۔

**Mr. Acting Chairman:** In your amendment No. 18 you have proposed that 'an' may be written. I think this is covered by 38(b).

**Khawaja Mohammad Safdar:** I think this is a printing error. It will be corrected.

**Mr. Acting Chairman:** It should be moved and got accepted. It makes no difference. This was rejected in this House.

**Voices:** No.

**Mr. Acting Chairman:** Now the question before the House is:

> "That in para (a) of the proposed section 38E, of clause 20 of the Bill, the word 'on' occurring in the first line, be substituted by the word 'an'.

And two:

> "That in sub-section (2), the words 'three years' be substituted by the words 'six months' and the word 'two' be substituted by the word 'one'."

**Mr. Acting Chairman:** I put 17A once again. The question before the House is:

> "That in the proposed new section 38C, in sub-section (2), in clause 20 of the Bill, the word 'three' occurring in the fifth line be substituted by the word 'two'."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Acting Chairman:** Then amendment at S. No. 18. The question before the House is:

> "That in para (a) of the proposed section 38E, of clause 20 of the Bill, the word 'on' occurring in the first line be substituted by the word 'an'.

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** I put clause 20. The question before the House is :

"That clause 20 as amended stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** The question before the House is :

"That Clause 21 stands part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Clause 22, amendment No. 19 Khawaja Mohammad Safdar.

خواجه محمد صفدر : جناب والا ! میں اس کی مخالفت کرنے کے لئے اس لئے اٹھا ہوں ۔

( مداخلت )

پونے سات ٹھیک ہے۔ میں ان باتوں کو چھوڑتا ہوں یہ زیادہ اہم نہیں ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ان میں، میں بھی دلچسپی رکھتا ہوں۔

خواجه محمد صفدر : آپ کا حکم جیسے ہو۔ یہ کسی کا ذاتی کام تو ہے نہیں۔ ہم تو یہاں اپنے فرض کی ادائیگی کے لئے یہاں بیٹھے ہیں۔ جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ میں اس کی مخالفت کے لئے اس لئے کھڑا ہوا ہوں۔ کہ اگر یہ ترمیم قبول کرلی جائے جو کہ کلاز ۲۲ میں درج کی گئی ہے تو اس کے دو نتائج برآمد ہوں گے۔ یہ کہ اگر یہ ثابت ہوجائے ایسی تحقیقات کے بعد جیسی کہ لیبر کورٹ مناسب سمجھے کہ رجسٹرڈ ٹریڈ یونین نے خلاف ضابطہ ہڑتال کی یا خلاف ضابطہ ہڑتال کی معاونت و مدد کی ہے اس صورت میں اس ٹریڈ یونین کو مختلف سزائیں دی جائیں گی۔ پہلی سزا یہ ہوگی کہ متعلقہ ٹریڈ یونین کی رجسٹریشن منسوخ کردی جائے گی، دوسری سزا یہ ہوگی کہ متعلقہ ٹریڈ یونین کے ممبروں کو نااہل قرار دے دیا جائے گا اور وہ دوبارہ اس ٹریڈ یونین یا کسی اور ٹریڈ یونین کے عہدیدار منتخب نہیں ہوسکیں گے۔

[Khawaja Mohammad Safdar]

جناب والا ! آخر سختی کی بھی کوئی انتہا ہے ایسے قوانین سے آپ ٹریڈ یونین کی کمر پر ناقابل برداشت بوجھ ڈال رہے ہیں ایک بوجھ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا ۔ اس لئے مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ اتنا بوجھ برداشت نہ کرسکے تو اس کی کہیں کمر نہ ٹوٹ جائے اور وہ آخری تنکے والی بات نہ بن جائے اگر محترم وزیر محنت ان پر بوجھ بتدریج ڈالتے رہیں تو شاید ایسے وہ بوجھ برداشت کرلیں ۔ لیکن انہوں نے اکٹھا بوجھ ڈال دیا ہے اس سے اندیشہ ہے کہ وہ بغاوت کریں گے یا انہیں ویسے ہی موت کی میٹھی نیند سلا دیا جائے گا ۔

جناب چیرمین ! اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ میری اس ترمیم کو قبول کرلیا جائے ۔

**Mr. Acting Chairman :** Yes Mr. Cheema.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, with respect I would submit that Khawaja Sahib is adopting double standards. On the one side he says that any action which you want to take should be through courts. And this action is to be taken by the court and not by executive officers. Judicial proceedings will be held and all the formalities will be gone into. Therefore, there should be no fear on the part of Khawaja Sahib.

**Mr. Acting Chairman :** I will put clauses 22, 23 and 24 to the House. The question before the House is :

"That clauses 22, 23 and 24 stand part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** Next clause 25.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That para (b) of clause 25 of the Bill be substituted by the following, namely :—

"(b) in sub-section (2), the words 'three years' be substituted by the words 'six months' and the the word 'two' be substituted by the word 'one'."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That para (b) of clause 25 of the Bill be substituted by the following, namely :—

"(b) in sub-section (2), the words 'three years' be substituted by the words 'six months' and the word 'two' be substituted by the word 'one'."

Mr. Hafeezullah Cheema : Opposed, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اس کلاز کے ذریعے سیکشن ۵۳ کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس سیکشن کی تاریخ بھی عجیب سی ہے ۔ ہر دور میں ، ہر سال اس میں ترمیم کی جاتی ہے ۔ اب پھر اس ترمیم کے سلسلے میں محترم وزیر صاحب کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ سیکشن ان جرائم کے متعلق ہے ۔ جرائم مجھے نہیں کہنا چاہیئے unfair practices جن کا سیکشن ۱۶ میں ذکر کیا گیا ہے یعنی جو کہ آجر کی طرف سے سرزد ہوں یا اجیر کی طرف سے سرزد ہوں ۔ جناب والا ! چاہیئے تو یہ تھا کہ مزدوروں کے ساتھ کوئی رعایت کی جاتی ۔ آج سے ۵/۶ سال پہلے جب اس موضوع پر قانون بنایا گیا تھا اگرچہ سابق صدر یحیی خاں کے زمانے میں بھی سزا تجویز کی گئی تھی تو یہ سزا ۶ ماہ قید اور ۲۰۰ روپے جرمانہ تھی ۔ ۱۹۶۹ع میں نیا قانون بنا اور یہ سزا بحال رہی ۶ ماہ قید اور ۲۰۰ روپے جرمانہ کی ۔

جناب والا ! پہلی دفعہ ۱۹۷۳ میں اس سیکشن کو ترمیم کر کے اور قید کی مدت ۶ ماہ کی بجائے سال کی دی گئی اور ۲۰۰ روپے جرمانہ کی بجائے جرمانہ ۵۰۰ روپے کردیا گیا یعنی دونوں صورتوں میں اضافہ کردیا گیا ۔ جناب والا ، اگر ایک طرف محترم وزیر صاحب کا دعوی رکھا جائے اور دوسری طرف اس کلاز کو رکھا جائے کہ یہ قانون ۱۹۶۸ع کے قانون سے ۱۹۶۹ کا قانون بہتر ہے تو خود ہی فیصلہ فرمالیجئیے کہ کیا وزیر محترم کا دعوی سچا ہے ؟ جناب والا ! اسوقت تو اگر کوئی خلاف قانون ہڑتال ہوتی تھی تو ہڑتال کرنے والوں کو ۲۰۰ روپے تک جرمانہ کیا جا سکتا تھا یہ قانون ۱۹۷۲ تک اسی طرح رہا ۔ میں نے اس بات کا اقرار کیا تھا اور مجھے اس بات کے اقرار کرنے سے مسرت حاصل ہوئی تھی یہ سنہ ۱۹۷۲ع میں موجودہ ارباب اقتدار نے مزدوروں سے متعلقہ ایسی قانون کو مزدوروں کے فائدے کے لئے بہتر بنا دیا تھا ۔ لیکن اب ان حقوق کو جو کہ آپ نے انہوں نے مزدوروں کو سنہ ۱۹۷۲ع میں دئے تھے کو ایک ہاتھ سے دے کر دوسرے ہاتھ سے چھین رہے ہیں ۔

جناب والا ! میں نے یہ عرض کیا تھا اور میں یہ درخواست کروں گا کہ تین سال بہت بڑی سزا ہے اور کسی بہت بڑے سنگین جرم کے لئے یہ سزا تجویز

[Khawaja Mohammad Safdar]

کی جاسکتی ہے اس قانون کے تحت کوئی ایسا جرم نہیں جو کہ اس قدر سنگین ہو کہ اس کے لئے تین سال قید کی سزا تجویز کی جائے اور اگر اس وقت تین سو روپیہ جرمانہ ہوسکتا تھا تو اس کو پانچ سو روپیہ کرنے کی کیا ضرورت ہے کتنے مزدور ایسے ہیں جو پانچ سو روپیہ جرمانہ ادا کرسکتے ہیں اور جہاں تک آجروں کا تعلق ہے ان سے آپ جانیں میں تو غریب آدمی ہوں میں غریبوں کی بات کروں گا۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : ان سے ہم جانیں ۔

خواجہ محمد صفدر : اور میں ان کی کیا نمائندگی کروں گا البتہ ، دو تین دن سے ان کی نمائندگی کا وزیر محنت نے پورا پورا حق ادا کر دیا ہے حق نمک تو میں نہیں کہوں گا ان کا نمک سے کیا تعلق بڑے شریف آدمی ہیں ۔۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شیر و شکر کہہ لیں ۔

خواجہ محمد صفدر : انہوں نے کارخانہ داروں سے محبت اور پیار کا جو حق تھا وہ ادا کر دیا البتہ میں نے کوشش کی ہے کہ مزدوروں کے جزبات کی ترجمانی کروں لیکن میری اس کوشش کو کوئی کامیابی نہیں ہوئی میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ میں نے ان کے لئے کچھ کیا ہے البتہ کوشش ضرور کی ہے ۔ اس لئے ان الفاظ کے ساتھ میں درخواست کروں گا کہ اس ترمیم کو قبول فرما لیا جائے ۔

جناب حفیظ اللہ چیمہ : جناب والا ! خواجہ صاحب جو مزدوروں کے حمایتی ہیں اور ہمیں ان کا دشمن قرار دے رہے ہیں پہلی ترمیم میں خود انہوں کہا تھا جب ہم نے کہا کہ رجسٹرار جو ہے ایمپلائز کے خلاف complaint درج کراسکے گا تو انہوں نے کہا کہ complaint نہیں ہونی چاہیئے اور ایمپلائز کی حمایت کرتے رہے ۔ اب یہ جو صورت ہے آپ سب سیکشن پڑھیں اس میں ایمپلائز کے لئے چار سال کی سزا رکھی گئی ہے یا پانچ سو روپیہ جرمانہ ہے یہ کسی شریف آدمی کے لئے تھوڑا ہے اور یہ سزا ہم نے تھوڑی ہی دینی ہے

کورٹ نے دینی ہے جو انڈسٹریل peace کو خراب کرے گا یا غلط کام کرے گا ان کو یہ سزا ملے گی آپ کو اور مجھے تھوڑا ھی ملے گی اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ھوں شکریہ ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : خواجہ صاحب یہ جو آپ کی امنڈ منٹ نمبر ۲۰ ہے یہ grammetical ہے ۔

So, that can be corrected.

خواجہ محمد صفدر : میں نے اس کی نشاندھی کردی ہے سیکریٹری صاحب بھی اسے درست کرسکتے ھیں ۔

**Mr. Acting Chairman :** Let the Secretary take cognizance of that.

پھر امنڈمنٹ نمبر بائیس دیکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر : صرف ڈبلیو کو Capital بنانا ھوگا جب میں لکھنے بیٹھ گیا تو ..................

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ تو ٹائپ کی مسٹیک ہے this is the same

**Khawaja Mohammad Safdar :** Only these two amendments, Sir.

**Mr. Acting Chairman :** You need not move these two amendments.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, Sir. I am not moving. I have only pointed out.

**Mr. Acting Chairman :** Therefore, I put this question, amendment No. 20. The question before the House is :

"That para (b) of clause 25 of the Bill be substituted by the following, namely :—

'(b) in sub-section (2), the words "three years" be substituted by the words 'six months' and the word "two" be substituted by the word 'one'."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Acting Chairman :** The amendment is rejected. Now, I put clauses 25, 26, 27, 28 and 29. The question before the House is :

"That clauses 25, 26, 27, 28 and 29 stand part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Acting Chairman :** Clauses 25, 26, 27, 28 and 29 stand part of the Bill

Khawaja Shaib, there is an other amendment in clause 1 as well.

**خواجہ محمد صفدر :** یہ ترمیم سنہ ۱۹۷۴ع کی بجائے ۱۹۷۵ع تحریر کرنے کے متعلق ہے ۔

**Mr. Acting Chairman :** That will also be covered by the directions. I can give the direction.

**خواجہ محمد صفدر :** میرا خیال ہے ۔ وہ نہیں ہوسکے گی ۔ مجھے کرلینے دیں ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in clause 1 of the Bill, the figures '1974' be substituted by the figures '1975'."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That in clause 1 of the Bill, the figures '1974' be substituted by the figures '1975'."

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Accepted.

**Mr. Acting Chairman :** It is accepted. Therefore, I put the question. Now the question before the House is :

"That the Pre-amble, Clause 1 and Short Title as amended stand part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Acting Chairman :** The Preamble, Clause 1 and Short Title as amended stand part of the Bill.

Yes, Mr. Cheema, it is No. 4.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the Industrial Relations Ordinance, 1969 [The Industrial Relations (Amendment) Bill, 1974], as amended be passed."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill further to amend the Industrial Relations Ordinance, 1969 [The Industrial Relations (Amendment) Bill, 1974], as amended be passed."

**Khawaja. Mohammad Safdar :** Opposed.

**Mr. Acting Chairman :** It is opposed in principle but no speeches. Yes, the Leader of the Opposition.

جناب محمد ہاشم خان غلزئی : جناب چیئرمین ! میں تیسری خواند گی میں اس بل کی مخالفت چند اہم وجوہات کی بنا پر کرتا ہوں ۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اس بل میں وہ تمام حقوق اور مراعات جو آئین میں شہریوں کو دے گئے تھے وہ واپس چھین لئے گئے ہیں آئین کی دفعہ نمبر ۱۷ میں واضح طور پر درج ہے کہ ہر شہری کو یونین بنانے کا حق حاصل ہے اور اگر اس پر کوئی پابندی عائد ہوسکتی ہے تو وہ اخلاق بنیادوں پر یا امن عامہ کی بنیادوں پر عائد ہوسکتی ہے ورنہ کوئی نہیں ہوسکتی اس بل میں ایسی دفعات درج ہیں جن میں وہ تمام حقوق حاصل ہیں اور ان کو منسوخ کرنے کی کوشش کی گئی ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کو پاس کرنا اس آئین کی توہین ہے جو اس قوم نے متفق الرائے ہوکر پاس کیا تھا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس ملک میں یہ جو طریقہ رائج کیا جارہا ہے کہ شاہی فرمانوں یا آرڈیننس یا ہنگامی قوانین لائے جارہے ہیں یہ جمہوری قدروں کی نفی کرتے ہیں ۔ اور یہ طریقہ انگریزوں کے زمانے میں اگر جاری ہوتا تو خیر ہم یہ کہہ سکتے تھے کہ وہ غیر ملکی حکمراں ہیں اب جب کہ یہ ملک آزاد ہوچکا ہے اور ملک میں جمہوری ادارے موجود ہیں تو کوئی جواز پیدا نہیں ہوتا کہ آرڈیننسوں کے ذریعے قوانین لائے جائیں اور اپنی میجارٹی سے فائدہ اٹھا کر اسے پاس کیا جائے تیسری بات جو میں عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ مزدوروں کے لئے جو حقوق گذشتہ حکومتوں نے قوانین کے ذریعے مزدوروں کو دئے تھے وہ اس قانون کی رو سے مسخ ہوجائیں گے اور ایک آمرانہ قسم کا نظام محنت کشوں کے اوپر عائد ہوجائے گا ۔ وہ ہمیشہ رجسٹرار، ٹریبونل یا کمیشن کے جو آفیسرز ہوں گے ان کے محتاج ہوں گے اور ان کی مرضی کے خلاف کوئی یونین نہیں بناسکیں گے چوتھی بات میں یہ عرض کروں گا کہ ٹریبونل یا ویج کمیشن میں مزدوروں کو نمائندگی دی جاتی اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ٹریبیونل میں ایک فرد کو یا ایک سے زیادہ فرد بھی ہوسکتے ہیں اور ویج کمیشن میں بھی ایک سے زیادہ افراد

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

ہوسکتے ہیں اس قانون میں ایسی کوئی دفعہ نہیں ہے ۔ ایسی دفعہ نہیں ہے جس میں مزدوروں کی نمائندگی کا انتظام کیا گیا ہو اس vage commission اور ٹریبونل میں مزدوروں کو نمائندگی کا حق نہیں ہے...... ان کے اوپر یہ اپنے احکام مسلط کریں گے جس سے مزدوروں کے حقوق زیادہ مجروح ہوں گے ۔ اس کے بعد پانچویں بات یہ ہے کہ چاہیئے تو یہ تھا کہ محنت کشوں کو جو کہ ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں مراعات دی جائیں ۔ جیسا کہ منافع میں پانچ پرسنٹ کا انتظام کیا گیا ہے کہ ان کو پانچ پرسنٹ منافع دیا جائیگا ۔ تو منافع بجائے خود ، ان کو اپنی اجرتوں کے سلسلے میں ہڑتال کرنے کے لئے اور ہائیکورٹ میں اپیل کرنے کے حق سے محروم کیا جارہا ہے ۔ جناب والا ! اگر اس انداز سے اس قسم کے قانون ملک میں پاس کئے گئے تو خدشہ ہے کہ اس ملک میں آمریت آجائیگی اور جمہوری قدریں مسخ ہوکر رہ جائیں گی تو ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں اور ہم اس بل کے خلاف بطور احتجاج ایوان سے واک آوٹ کرتے ہیں ۔

(The opposition staged a walk-out)

**Mr. Acting Chairman :** I put the question before the House. The question is :

"That the Bill further to amend the Industrial Relations Ordinance, 1969 (The Industrial Relations Amendment Bill 1974) as amended, be passed."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Acting Chairman :** The Bill stands passed.

## THE CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY (ABATEMENT OF ARBITRATION PROCEEDINGS) BILL, 1974

**Mr. Acting Chairman :** No. 5.

**Mr. M. Rafi Raza :** Sir, I beg to move :

"That the Bill to provide for the annulment of certain references to arbitration proceedings [The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill, 1974], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill to provide for the annulment of certain references to arbitration proceedings [The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill, 1974], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That the Bill to provide for the annulment of certain references to arbitration and abatement of certain arbitration proceedings [The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill 1974], as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. Acting Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill to provide for the annulment of certain references to arbitration and abatement of certain arbitration proceedings [The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill, 1974], as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. M. Rafi Raza :** No objection, sir.

**Mr. Acting Chairman :** The motion is moved :

"That the Bill to provide for the annulment of certain references to arbitration and abatement of certain arbitration proceedings [The Capital Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Bill, 1974], as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Acting Chairman :** There is no other business on the Order of Day.

**خواجه محمد صفدر :** جناب والا ! جو کچھ مجھے معلوم ہوا ہے محترم اراکین سینٹ کل جلد سے جلد جانا چاہتے ہیں۔ محترم قائد ایوان نے بھی اس سے اتفاق فرمالیا ہوا ہے کہ ہفتہ کو اجلاس نہیں ہوگا۔ اسلئے میں یہ درخواست کروں گا کہ کل دس بجے اجلاس طلب فرمالیں بارہ بجے تک اجلاس ختم ہو جائیگا۔

**Mr. Acting Chairman :** The Senate stands adjourned to meet again at 10.00 a.m. tomorrow.

---

(The Senate then adjourned till ten of the clock on the morning of Friday, January 31, 1975).

---

PCPPK—L/1430/76/Senate.—21-8-76—300.